www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
الھدیٰ کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ 13 جمادی الاول 1447ھ 05 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 121
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

غزہ میں دو سال کیلئے امن فوج تعینات کی جائیگی، سلامتی کونسل منظوری دے، امریکہ نے مسودہ جمع کرادیا

یہ فورس کئی ممالک کے فوجی اہلکاروں پر مشتمل ہوگی اور اس کا قیام غزہ کے "بورڈ آف پیس" سے مشاورت کے ساتھ کیا جائے گا جس کی صدارت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کریں گے

آئی ایس ایف ایک نفاذی فورس ہوگی غزہ کی سرحدی سیکورٹی، عام شہریوں اور امدادی راہداریوں کے تحفظ، فلسطینی پولیس کی تربیت اور علاقے کو غیر عسکری بنانے کی ذمہ داری سونپی جائے گی

مسودہ چند دنوں میں سلامتی کونسل کے ارکان کے درمیان مذاکرات کی بنیاد بنے گا، تاکہ آئندہ ہفتوں میں اس پر ووٹنگ ہو سکے اور جنوری تک غزہ میں پہلے فوجی دستے کی تعیناتی کی جاسکے، امریکی عہدیدار

واشنگٹن (م ڈ) امریکا نے غزہ میں بین الاقوامی سیکورٹی فورس کے قیام کیلئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے درخواست کردی۔ امریکا نے سلامتی کونسل کے رکن ممالک کو ایک مسودہ ارسال کیا ہے، جس میں فورس کے اختیارات، ذمہ داریاں اور قیام کی تفصیلات شامل ہیں۔ مسودے میں کہا گیا ہے کہ کم از کم دو سال تک آئی ایس ایف تعینات کی جائے۔ رپورٹ کے مطابق یہ فورس غزہ بورڈ آف پیس کے مشورے سے تشکیل دی جائے گی، جس کی صدارت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کریں گے۔ ڈرافٹ کے مطابق فورس کو غزہ کی سرحدی سیکورٹی، عام شہریوں اور امدادی راہداریوں کے تحفظ، فلسطینی پولیس کی تربیت اور علاقے کو غیر عسکری بنانے کی ذمہ داری سونپی جائے گی۔ فورس کو اختیار ہوگا کہ وہ اپنے مینڈیٹ کی تکمیل کیلئے بین الاقوامی قوانین کے مطابق تمام ضروری اقدامات کرے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ آئی ایس ایف ایک نفاذی فورس ہوگی، امن مشن نہیں، اس کا مقصد غزہ میں عبوری سیکورٹی فراہم کرنا ہے تاکہ اسرائیل بتدریج علاقے سے انخلا کرے اور فلسطینی اتھارٹی اصلاحات کے بعد انتظام سنبھال سکے۔ قرارداد میں تجویز کیا گیا ہے کہ غزہ کی سول انتظامیہ ایک غیر سیاسی ٹیکنوکریٹ کمیٹی کے ذریعے چلائی جائے گی، جبکہ انسانی امداد اقوام متحدہ، ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ امریکی عہدیدار کے مطابق یہ مسودہ چند دنوں میں سلامتی کونسل کے ارکان کے درمیان مذاکرات کی بنیاد بنے گا، تاکہ آئندہ ہفتوں میں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

افغان وزیر خارجہ امیر خان کی کل 6 مرتبہ کال آئی، نائب وزیر اعظم

انہیں کہا صرف ایک چیز چاہیے آپکی سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہو، اسحاق ڈار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ افغان عبوری وزیر خارجہ امیر خان متقی کو واضح کیا ہے کہ ہمیں آپ سے صرف ایک چیز چاہیے کہ آپ کی سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہو۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سینیٹ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ مجھے کل افغان عبوری وزیر خارجہ امیر خان متقی صاحب کی 6 مرتبہ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: گورنر جعفر مندوخیل سے بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمشنر محمد ثاقب صداقت ملاقات کر رہے ہیں

نفرت کی گنجائش نہیں، پاکستان اتحاد ہی ہماری طاقت ہے، سرفراز بگٹی

نوجوانوں کو ریاست سے بدظن کرنے کی کوشش کی گئی، طرز حکمرانی میں غلطیوں اور خامیوں کا قصوروار ریاست کو نہیں ٹھہرایا جاسکتا

نوجوانوں کو دلیل سے قائل کر رہے ہیں کہ پاکستان ہی انکے باعزت و روشن مستقبل کی ضمانت ہے، رانا مشہود سے بات چیت

نوجوانوں کیلئے عالمی معیار کی تربیت اور بیرون ملک روزگار کے مواقع پیدا کیے جارہے ہیں، وزیر اعلیٰ کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے ملاقات کی اس دوران بلوچستان کے نوجوانوں کی تعلیم، ہنرمندی، روزگار اور فکری تربیت کے فروغ سے متعلق جامع تبادلہ خیال کیا گیا...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان بیوٹمز میں منعقدہ ایڈرز کنونشن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قلات میں فورسز کا آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ گولہ بارود برآمد

سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، مکمل خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری

ضلع کچھی کے علاقے میں مسلح افراد کا پولیس تھانے پر حملہ، اسلحہ گولیاں ضبط کر کے سرکاری ریکارڈ کو آگ لگادی گئی

دو درجن سے زائد مسلح افرادن نے کٹھن کا کنٹرول سنبھال کر تحصیل آفس اور مقامی سرکاری ہسپتال پر بھی قبضہ کرلیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) قلات میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 4 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یکم نومبر کی شب سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات میں بھارتی پراکسی یافتہ فتنہ الہندستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نرسنگ کالجز کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فارم 47 کی حکومت بے اختیار، سارا کنٹرول فرد واحد کے پاس ہے، جب بھی اسٹیبلشمنٹ سے بات کی پی ٹی آئی پر زیادہ ظلم کیا گیا، بانی پی ٹی آئی

عمران نے محمود اچکزئی، علامہ ناصر کو اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا اختیار دیدیا

آزادی یا موت کے علاوہ کوئی غلامی قبول نہیں کروں گا، پاکستان کی تاریخ میں کسی سیاسی قیدی کو ایسے نہیں رکھا گیا جس طرح مجھے رکھا گیا ہے

ڈاکٹر یاسمین راشد کینسر کی مریضہ ہیں پھر بھی جیل میں رکھا گیا، بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، جس نے پی ٹی آئی نہیں چھوڑی اس پر ظلم ہوا

بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے سلمان اکرم راجا پر انہیں مکمل اعتماد ہے، صرف ان کے ذریعے پارٹی کو پیغام دیا جائے گا، عظمیٰ خان کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے کہا ہے کہ فارم 47 یا اسٹیبلشمنٹ سے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان نے ترجمان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی والے جلد بازی میں ترمیم منظور نہیں کروائیں گے، حکومت آئینی ترمیم لا رہی ہے اور لائیگی، اسحاق ڈار

یقین دلاتا ہوں جلد بازی میں ترمیم منظور نہیں کروائینگے، کمیٹی میں معاملہ جائے گا، کمیٹی میں قومی اسمبلی کی کمیٹی بھی آجائے گی

ہم ابھی بڑے اتحادیوں کیساتھ بیٹھے ہیں، سب کو اعتماد میں لیں گے، آئینی ترمیمی بل 7 نومبر کو سینیٹ اجلاس میں پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ حکومت آئینی ترمیم لارہی ہے اور لائے گی، پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے پوائنٹ پر پہنچے ہیں اور اب دیگر اتحادیوں کو لائیں گے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سینیٹ کے اجلاس میں...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بلیو اکانومی پاکستانی معیشت میں انقلاب برپا کرسکتی ہے، وزیر خزانہ

پاکستانی معیشت درست سمت میں گامزن ہے ڈھائی سال میں ٹھوس اقدامات کیے گئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بلیو اکانومی معیشت میں انقلاب برپا کرسکتی ہے، فشریز اور ایکو ٹورازم میں امکانات کی وسیع...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان، سردی کی شدت میں اضافہ، کوئٹہ میں یخ بستہ ہوائیں

افغانستان کے صوبہ ہلمان میں برفباری کے بعد ٹھنڈ نے بلوچستان کو لپیٹ میں لے لیا

کوئٹہ میں سردی کی شدت کے بعد گیس پریشر میں کمی، شہریوں کی مشکلات میں اضافہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسم سرما کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے۔ صبح اور رات کے اوقات میں یخ بستہ ہوائیں چلنے سے درجہ حرارت میں تیزی سے کمی واقع ہورہی ہے۔ شہریوں نے گرم ملبوسات کا استعمال شروع کردیا ہے جبکہ بازاروں میں اندرونی کپڑوں، گرم جیکٹس، موزوں...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی 240 ملین پاکستانیوں کیلئے سنگین خطرہ ہے، صدر زرداری

پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا قابل تشویش، پاکستان عوام کو پالیسی کے مرکز میں رکھنے پر ثابت قدمی سے کاربند ہے

دوحہ اعلامیہ کو عملی شکل دینے کے لئے عالمی مالیاتی اصلاحات اور وسیع سماجی تحفظ کی ضرورت ہے، عالمی سربراہی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سماجی انصاف، جامع ترقی اور عالمی یکجہتی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے غربت کے خاتمے، مہذب کام کو فروغ دینے اور سب کیلئے برابری اور انسانی حقوق کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی بارودی سرنگ دھماکہ، دو لیویز اہلکار شہید، فورسز کی ناکہ بندی

بیکڑ میں سڑک کنارے بارودی سرنگ بچھائی گئی تھی، نعشیں ہسپتال منتقل، علاقے میں سرچ آپریشن

سوئی سٹی پولیس تھانے کی حدود میں پمپ کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی اور اوستہ محمد میں مختلف واقعات بارودی سرنگ دھماکہ کے دو لیویز اہلکار شہید شاہ زین پمپ کے قریب فائرنگ ایک شخص زخمی جبکہ اوستہ محمد میں گیس سلنڈر پھٹنے سے چار افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے بیکڑ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم کیلئے حکومت کو دو تہائی اکثریت حاصل

پی پی کی حمایت ناگزیر، ترمیم کے لیے جے یو آئی کی حمایت کی لازمی ورکار نہیں، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکمران اتحاد کو قومی اسمبلی ترمیم کی منظوری کیلئے واضح دو تہائی اکثریت حاصل ہے تاہم 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری پاکستان پیپلز پارٹی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ نامعلوم افراد کا گھر پر دستی بم حملہ، راہگیر زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نامعلوم افراد کا کاسی روڈ پر گھر پر دستی بم حملہ راہگیر زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق کاسی روڈ کے علاقے اللہ ڈینہ روڈ پر واقعہ خالی گھر گزشتہ شب نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے بم گھر کے باہر گر کر زور دار دھماکہ سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک راہگیر منیر احمد زخمی ہوگیا اطلاع...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر، انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ تیار

مجوزہ ترمیمی مسودہ عوامی معلومات کیلئے جاری، اسٹیک ہولڈرز سے آراء طلب

انکم ٹیکس ریٹرن اور ودہولڈنگ اسٹیٹمنٹ کی آن لائن فائلنگ لازمی قرار دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انفرادی ٹیکس دہندگان کیلئے آن لائن انکم ٹیکس ریٹرن اور ودہولڈنگ اسٹیٹمنٹ جمع کروانے کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے انکم ٹیکس رولز میں ترامیم کی جارہی ہیں۔ ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ تیار کر کے اسٹیک ہولڈرز سے آراء کے لیے جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی سیکشن 237 کی ذیلی شق ایک کے تحت حاصل اختیارات کے استعمال سے تیار کر کے جاری کیا گیا ہے۔ ایف بی آر نے اس مجوزہ ترمیمی مسودے کو عوامی معلومات کے لیے جاری کرتے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایسا بھی نہیں ہے کہ ہم صبح 27 ویں ترمیم لارہے ہیں، رانا ثناء اللہ

آئین کسی بھی ملک کی مقدس دستاویز ہوتی ہے، حرف آخر نہیں ہوتی، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ایسا بھی نہیں ہے کہ ہم صبح 27 ویں ترمیم لارہے ہیں، آئین کسی بھی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کا غیر متزلزل عزم رکھتی ہے، وزیر اعظم

مذہبی مقامات کی حفاظت اور زائرین کو ہر طرح کی سہولت بہم پہنچا رہے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کا غیر متزلزل عزم رکھتی ہے، حکومت...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ایس ایس پی ٹریفک آفس کوئٹہ کا دورہ کر رہے ہیں

لیویز پنشن لینے کیلئے آنے والی بزرگ بیوہ خاتون کی ہلاکت کے خلاف پنشنرز ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام مظاہرہ کیا جارہا ہے

عمران خان کیساتھ تھا، ہوں اور رہوں گا، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کے ساتھ بات چیت، مفاہمت اور مزاحمت کے حوالے سے پی ٹی آئی کے رہنما شاہ محمود قریشی نے واضح جواب دے دیا۔ ذرائع کے مطابق شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بنگلہ دیش تجارتی تعلقات وقت کی ضرورت ہیں، گورنر بلوچستان

بنگلہ دیشی سرمایہ کاروں کیلئے بلوچستان میں زراعت، معدنیات، تجارت اور فشریز میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں

باہمی تعاون سے اقتصادی تعلقات کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے، جعفر مندوخیل کی بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمشنر سے بات چیت

کوئٹہ/کراچی (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات بنگلہ دیش کے ڈپٹی ہائی کمشنر محمد ثاقب صداقت نے ملاقات کی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جانیوالے 29 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نوکنڈی کے علاقے سے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 29 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مقامی انتظامیہ نے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 29 افغان...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ، سلمان اکرم راجہ کی عمران خان سے ملاقات کرانے کی ہدایت

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے عدالت سے جواب جمع کرانے کیلئے وقت مانگ لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جیل حکام کو سلمان اکرم راجہ کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کرانے کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ریٹرننگ آفیسر کو فرائض میں غفلت پر معطل کردیا گیا

حلف لینے کے لیے طلب کیا گیا تھا تاہم وہ غیر حاضر رہے، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے مقرر کیے گئے ریٹرننگ آفیسر کو فرائض میں غفلت برتنے پر معطل کردیا گیا۔ ترجمان صوبائی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ماہرہ کی شاہ رخ خان کو سالگرہ پر مبارکباد، مداح برہم

شاہ رخ خان کے ساتھ فلم "رئیس" میں مرکزی کردار آسیہ ادا کیا

کراچی (م ڈ) پاکستان کی صف اول کی اداکارہ ماہرہ خان، جو ٹی وی اور فلم دونوں شعبوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرچکی ہیں، اس بار اپنے ایک بیان کے باعث سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں آ گئیں۔ ماہرہ خان...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

دوحہ معاہدے کی خلاف ورزی، افغانستان دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہ بن گیا، اقوام متحدہ

دہشتگرد تنظیمیں زابل، وردک، قندھار، پکتیا اور ہلمند کے راستوں سے بلوچستان میں داخل ہوکر کارروائیاں کرتی ہیں

جعفر ایکسپریس اور ژوب کنٹونمنٹ حملوں میں افغانستان سے منسلک ناقابل تردید شواہد سامنے آئے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (شاکر رحمان) اقوام متحدہ کی مانیٹرنگ ٹیم نے انکشاف کیا ہے کہ طالبان حکومت کے زیر اقتدار افغانستان ایک بار پھر عالمی دہشتگرد تنظیموں کی محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جو پاکستان سمیت خطے کے دیگر ممالک کے خلاف سرگرم ہیں۔ رپورٹ کے مطابق طالبان...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کو مضبوط بنانے پر مشاورت جاری ہے، عطاء تارڑ

ہم آئینی بینچ سے آئینی کورٹ کی طرف بڑھ رہے ہیں تاکہ ملک میں نظام انصاف بہتر ہو، وفاقی وزیر

وزیر اعظم کیخلاف ہتک عزت کیس میں حقیقی پیشرفت ہو چکی، تمام ثبوت عدالت میں پیش کر دیئے گئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے کہا ہے کہ ترمیم کے ذریعے عدلیہ کے ادارہ جاتی ڈھانچے کو مضبوط بنانے پر مشاورت جاری ہے، ہم آئینی بینچ سے آئینی کورٹ کی طرف بڑھ رہے ہیں...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

خدیجہ شاہ سمیت 4 ملزمان کیخلاف اشتہاری قرار دینے کی کارروائی کا حکم

خدیجہ شاہ 9 مئی کے ایک مقدمے میں سزا کے بعد روپوش ہو چکی ہیں، سرکاری وکیل

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما خدیجہ شاہ سمیت 4 ملزمان کے خلاف اشتہاری قرار دینے کی کارروائی کا...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سکھ برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، وزیر اعلیٰ

بلوچستان ہمیشہ سے بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام کی سرزمین رہا ہے

گرو نانک دیو جی کے جنم دن پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گرو نانک دیو جی کے 556 ویں جنم دن کے موقع پر پاکستان سمیت بلوچستان کی سکھ کمیونٹی کو دلی مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان ہمیشہ سے بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور باہمی احترام کی سرزمین رہا ہے، جہاں مختلف مذاہب، ثقافتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے لوگ صدیوں سے امن و بھائی چارے کے ساتھ رہ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم گرو نانک دیو جی کے جنم دن پر اپنی سکھ برادری کی خوشیوں...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سابق امریکی نائب صدر ڈک چینی 84 برس کی عمر میں انتقال کرگئے

نمونیا و دیگر امراض میں مبتلا تھے، گھر پر ہی ڈاکٹرز کی ٹیم علاج کر رہی تھی، جانبر نہ ہوسکے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی سیاست کے ایک اہم اور متنازع رہنما 84 سالہ ڈک چینی انتقال کر گئے وہ نمونیا میں مبتلا ہونے کے باعث زیر علاج تھے۔ امریکی خبر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے طلبہ کیلئے لیپ ٹاپ کا کوٹہ 18 ہزار کردیا، رانا مشہود خان

دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، ہمارے نوجوان خود نوکریوں کے مواقع پیدا کر کے جاب کریٹر بن رہے ہیں

نوجوانوں کو پلیٹ فارم دینے کیلئے وزیر اعظم یوتھ پروگرام کوشاں، وفاق اور صوبے ملکر چلنے سے پاکستان ترقی کرسکتا ہے

بلوچستان میں زیتون اور مائنز و منرل کے شعبوں میں کاروبار کے وسیع مواقع موجود ہیں، چیئرمین یوتھ پروگرام کی گفتگو

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کے بعد معیشت کی بحالی اور دنیا بھر کے دروازے پاکستان کے لیے کھل گئے ہیں۔ بلوچستان میں زیتون اور مائنز و منرل کے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

چارسدہ، فائرنگ سے جے یو آئی کے سینئر رہنما جاں بحق

مولانا عبدالسلام کی نعش پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال ہمال آباد منتقل کردی گئی

چارسدہ (بیورو رپورٹ) چارسدہ میں تھانہ مندنی کی حدود مندنی تخت بھائی روڈ حنیف پٹرول پمپ کے قریب نامعلوم...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

آئین کے بغیر ملک نہیں چل سکتا، سیاسی جماعتیں سوشل کنٹریکٹ طے کریں، محمود خان اچکزئی

افغانستان کی بربادی میں روس، امریکہ اور ان کے اتحادی شریک، مشترکہ قومی کنونشن کی ضرورت ہے

پارلیمنٹ کی بالادستی اور وسائل پر وفاقی و صوبائی حقوق کے حوالے سے لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا، انٹرویو

کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک آئین کے تحت نہیں چلے گا تو اس کی فاتحہ پڑھ لیں آئین کے بغیر ملک نہیں چل...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مغربی بائی پاس پر چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش ناکام

مسلح موٹرسائیکل سوار دو یو بی جی ایل کے گولے فائر کر کے فرار ہوگئے

گولے سڑک پر گر کر زور دار دھماکوں سے پھٹ گئے، نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مغربی بائی پاس پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر یو بی جی ایل کا گولہ فائر تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا سیکورٹی فورسز کی فائرنگ حملہ آور فرار ہوگئے پولیس ذرائع کے مطابق مغربی بائی پاس کرانی کراس کے قریب واقعہ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ کیخلاف وارنٹ کی تکمیل کرانے کے لیے پولیس کی خصوصی ٹیم تشکیل

یہ نہیں ہوسکتا آپ سوچیں ہم ڈر جائیں گے، جیلوں میں ڈالنا ہے ڈال دو، علیمہ خان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایک مرتبہ پھر پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

نادرا بلوچستان نے غیر قانونی شناختی کارڈز کے خلاف کارروائی تیز کردی

صوبے بھر میں 100 افراد کے جعلی شناختی کارڈ بلاک، کوئٹہ اور قلعہ عبداللہ کے 5 خاندان شامل

جعلی شناختی کارڈ بنانے میں ملوث افراد کو 30 لاکھ جرمانہ اور 5 سال قید ہوگی، نادرا حکام

کوئٹہ (یو این اے) نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ نے صوبے بھر میں افغان مہاجرین اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کردیا ہے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کیخلاف 10 ارب روپے ہرجانے کا دعوی، عطا تارڑ کا بیان قلمبند

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف 10 ارب روپے ہرجانے کے دعوے کی سماعت کے دوران وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے بطور گواہ بیان قلمبند کروا دیا۔ سیشن کورٹ لاہور میں وزیر اعظم شہباز شریف کا بانی پی ٹی آئی کے خلاف 10 ارب روپے ہرجانہ کے دعوے کے کیس میں عطا تارڑ گواہی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

50 فیصد دواؤں کی قیمتیں طے کرنے کا اختیار کمپنیوں کو مل گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبید اللہ کا کہنا ہے کہ ملک میں 50 فیصد دواؤں کی قیمتیں طے کرنے کا اختیار کمپنیوں کو مل گیا تاہم ضروری دواؤں کی قیمتوں پر حکومتی اختیار ختم نہیں ہوا۔ میڈیا سے گفتگو میں ڈاکٹر عبید اللہ نے کہا کہ ضروری دواؤں کی قیمتوں پر...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

زہران ممدانی نیویارک کے پہلے مسلم میئر بننے کے قریب

ریاست نیو جرسی کی سات کاؤنٹیوں کے پولنگ اسٹیشنز کو بم کی دھمکیاں

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ریاست نیو جرسی کی سات کاؤنٹیوں کے پولنگ اسٹیشنز کو بم کی دھمکیاں موصول ہونے پر ووٹنگ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایم ڈی سی نے میڈیکل طلبا کیلئے سخت قواعد میں نرمی کردی

پاسنگ مارکس 50 فیصد اور 75 فیصد حاضری کی شرط دوبارہ مقرر کردی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے میڈیکل اور ڈینٹل طلبا کے لیے پاسنگ مارکس اور حاضری سے متعلق اپنے...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی اقدامات سے چینی کا بحران پیدا ہو رہا ہے، شوگر مل اونرز

ملک میں چینی کی کمی یا قیمتیں بڑھنے کی ذمہ دار شوگر انڈسٹری نہیں ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ملک میں چینی کی کمی یا قیمتیں بڑھنے کی ذمہ دار شوگر انڈسٹری نہیں بلکہ حکومتی اقدامات سے چینی کا بحران پیدا ہو رہا ہے۔ پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے اعلامیے کے مطابق غیر...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں ترمیم عدلیہ پر حکومتی اجارہ داری کی کوشش، حافظ نعیم الرحمٰن

ایسی ترامیم آئین اور جمہوریت کے ساتھ کھلواڑ ہیں، قبول نہیں کرینگے

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے پہلے ون ڈے میں جنوبی افریقا کو 2 وکٹوں سے شکست دیدی

جیت کیلئے سلمان علی آغا 62 اور محمد رضوان 55 رنز بنا کر نمایاں رہے، فخر زمان 45، صائم ایوب 39 بنا کر آؤٹ ہوئے

نسیم شاہ اور ابرار احمد نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں، پاکستان نے سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی، دوسرا ون ڈے کل ہوگا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے 3 ون ڈے میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں جنوبی افریقا کو دلچسپ مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی۔ پاکستان نے جنوبی افریقا کا 264 رنز کا ہدف آخری اوور میں 8 وکٹوں کے نقصان...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے کی درخواست

درخواست گزار کے کیس کو بلا جواز پس پشت ڈالا جارہا ہے عدالت نوٹس لے، متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کیس کی جلد سماعت مقرر کرنے کی درخواست...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اسٹریٹجک پروفیلنس اور سائٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خسرہ بچاؤ مہم کی کامیابی میں ٹیمیں بھرپور کردار ادا کریں، ڈی سی کوئٹہ

مہم کے دوران عوامی آگاہی اور رسائی کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی بچے کو ٹیکہ جات سے محروم نہ رکھا جائے

17 نومبر سے شروع ہونیوالی خسرہ اور دیگر موذی امراض سے بچاؤ کیلئے مہم انتہائی اہمیت کی حامل ہے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 17 نومبر سے شروع ہونے والی خسرہ بچاؤ ٹیکہ جات اور پولیو پوسٹ مہم ریویو کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ جس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، ایریا کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ او، این سٹاپ کے نمائندے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو خسرہ بچاؤ مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کے مطابق 17 نومبر سے شروع ہونے والی اس مہم میں 423 ٹیمیں حصہ لیں گی جو گھر گھر جا کر بچوں کو ٹیکے لگائیں گی۔ اجلاس میں حالیہ پولیو مہم کے نتائج اور کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا، جس میں مہم کی کامیابیوں، خامیوں اور ٹیموں کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اس موقع پر ہدایت کی کہ خسرہ بچاؤ مہم کے دوران گھر گھر، گلی گلی اور مساجد کی سطح تک عوامی آگاہی اور رسائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی بچے کو ٹیکہ جات سے محروم نہ رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خسرہ اور دیگر موذی امراض سے بچاؤ کے لیے یہ مہم انتہائی اہم ہے، لہٰذا تمام ٹیمیں بھرپور ذمہ داری اور جذبے کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم اور خسرہ بچاؤ ٹیکہ جات کے انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی اور رکن صوبائی اسمبلی ہدایت الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

بعض عناصر پارٹی مخالف سرگرمیوں میں مصروف ہیں، پی ٹی آئی

مشکل وقت میں پارٹی کو چھوڑ کر جانے والے اب عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، غفار خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن بلوچستان غفار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بعض افراد پارٹی کے خلاف سرگرمیوں میں مصروف ہیں جو قابل مذمت ہے تحریک انصاف کے کارکن پارٹی مخالف عناصر کی باتوں میں نہ آئیں اور آپس میں اتحاد اور یکجہتی کو برقرار رکھیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں غفار خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے ہمیشہ اپنے کارکنوں اور قائدین کے اتحاد اور یکجہتی پر زور دیا ہے حالیہ دنوں میں کچھ افراد کی پارٹی مخالف سرگرمیوں کو دیکھا گیا ہے جو کہ قابل مذمت ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو مشکل وقت میں پارٹی کو چھوڑ گئے تھے اور اب اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف پولیٹیکل اور کور کمیٹی میں قائد عمران خان کی ہدایات کے مطابق فیصلے کئے جاتے ہے اور ان پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے پارٹی اپنے نظریات اور مقاصد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے اور عوام کا بھرپور تعاون حاصل کر رہی ہے۔ انہوں نے تحریک انصاف کے کارکنوں اور حامیوں سے اپیل کی کہ وہ پارٹی مخالف عناصر کی گمراہ کن باتوں میں نہ آئیں اور پارٹی کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کریں ہمیں یقین ہے کہ انشاء اللہ تحریک انصاف اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگی اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرے گی۔

سبزل روڈ پر ٹریفک حادثات معمول بن گئے، اہل علاقہ

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) اہلیان چندرانی اسٹریٹ، سبزل روڈ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سبزل روڈ پر آئے روز حادثات روز کا معمول بن چکے ہیں جلد۔ سبزل روڈ دو رویہ ہونے کے بعد سے حادثات میں افسوسناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے خصوصاً پودگلی چوک اور گوالمنڈی چوک کے درمیان چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کی تیز رفتاری، غیر محتاط ڈرائیونگ اور ون وے کی خلاف ورزی حادثات کا سبب بن رہی ہے اکثر رکشہ ڈرائیور روز رنج اور دیگر ون وے کا بھی خیال نہیں کرتے اور یوٹرن لینے کی بجائے ون وے روانہ ہو جاتے ہیں جس سے حادثات رونما ہو رہے ہیں جو معمول بن چکے ہیں۔ سکولوں کی چھٹی کے اوقات میں اکثر والدین پریشانی کا شکار رہتے ہیں انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ فی الفور مذکورہ روڈ پر ٹریفک اہلکاروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور ون وے، تیز رفتاری و دیگر قوانین کی خلاف ورزی پر فوری اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

مسافر کیساتھ بدتمیزی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا نوٹس

کمپنی کے مالک اور کنڈکٹر کی طلبی، منیجر اور کنڈکٹر کی رویے پر تحریری معافی

کوئٹہ (خ ن) سوشل میڈیا پر حالیہ دنوں میں ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں ایک نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کا عملہ مسافروں کیساتھ بدتمیزی اور گالم گلوچ کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ نے فوری طور پر واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو کارروائی کی ہدایت جاری کی۔ اس حوالے سے سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر پراونشل ٹرانسپورٹ ... موجودگی میں کمپنی کے منیجر اور کنڈکٹر نے اپنے رویے پر معافی نامہ تحریر کیا اور ندامت کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ کے لیے مسافروں کیساتھ بہتر سلوک کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ کسی بھی قسم کی بدتمیزی، گالم گلوچ یا غیر اخلاقی رویہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور ٹرانسپورٹ سروسز کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی ٹرانسپورٹ حکام نے واضح کیا ہے کہ عوامی شکایات پر ...

مہنگائی و بیروزگاری عروج پر، صوبے کے نوجوان مایوسی کا شکار

مختلف سرکاری محکموں میں ہزاروں آسامیاں خالی ہونے کے باوجود تعلیم یافتہ نوجوان در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں

مہنگائی کے باعث غریب عوام بچوں کو تعلیم دلوانے سے بھی محروم ہیں، طارق، اصغر ودیگر کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بلوچستان پسماندگی کی سب سے بڑی وجہ مہنگائی اور بیروزگاری ہے غریب عوام دن رات محنت کر کے بھی گھریلو اخراجات پورے نہیں کر پا رہے ایسے میں بچوں کی تعلیم غریب عوام کیلئے خواب بن گئی ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں میں درس و تدریس کا معیار صوبے بھر کے عوام کو بخوبی معلوم ہے۔ ایسے میں عوام کی اکثریت نجی تعلیمی اداروں کی جانب رخ کرتے ہیں مگر غریب عوام نجی تعلیمی اداروں کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے جہاں بھاری بھرکم فیسیں، کتب، یونیفارم و دیگر اخراجات متوسط طبقے کیلئے بھی ناقابل برداشت ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ سرکاری تعلیمی اداروں ... مشقت پر لگا دیتے ہیں۔ دوسری جانب نوجوانوں کی بڑی تعداد بے روزگاری کا شکار ہے جبکہ مختلف محکموں میں ہزاروں آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ اس سلسلے میں مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے طارق خلجی، اصغر خلجی، بابر علی، اسلم خلجی، فضل ترین، حیات اللہ ودیگر نے بتایا ہے کہ بلوچستان میں کے اکثر محکموں میں ہزاروں کی تعداد میں آسامیاں خالی پڑی ہیں اور نوجوانوں کی بھی بڑی تعداد بے روزگاری کا شکار ہے۔ حکومت کو چاہئے ہے میرٹ کے بنیاد پر تمام محکموں میں ... 16 سال تک مفت تعلیم کی فراہمی کا اعلان تو کیا ہے مگر دوسری جانب تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کا بھی فقدان ہے شہروں میں بھی تو پھر حالات قدرے بہتر ہے مگر دیہی علاقوں میں تعلیمی اداروں کی حالات زار پر صرف افسوس ہی کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ہزاروں نوجوان تعلیمی اداروں سے فارغ ہو کر بیروزگاری کا شکار ہیں اور در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں نوجوانوں کی بڑی تعداد فنی تعلیم بھی حاصل کر چکی مگر روزگار سے تاحال محروم ہے۔ جس کے باعث نوجوانوں کی اکثریت مایوس ہو کر بے راہ روی اور جرائم کے راستے پر چل پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی چاہئے کہ صوبے ...

کوئٹہ: نصیب اللہ کاکڑ، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن و ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ محمد نور کھیتران نے حاجی ملک نعیم کاکڑ سے ان کے والد کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ، پاکستان ادارہ شماریات کے زیر اہتمام آگاہی واک

ترقی اور منصوبہ بندی کیلئے آبادی کے درست اعداد و شمار کا ہونا ضروری ہے۔ سید روح اللہ شاہ

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ادارہ شماریات کے زیر اہتمام ڈیٹا فیسٹ 2025 کے حوالے سے واک کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان ادارہ شماریات کی جانب سے 11 اور 12 نومبر 2025 کو پاک چائنہ فرینڈشپ سینٹر اسلام آباد میں ڈیٹا فیسٹ 2025 کے حوالے سے ایک شاندار سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا۔ ملک و قوم کی ترقی قومی اداروں کے زیر اہتمام مختلف پروجیکٹس کی تیاری کے لیے صحیح اعداد و شمار کا ہونا ضروری ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان ادارہ شماریات کے صوبائی سربراہ سید روح اللہ شاہ نے واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ادارہ شماریات کا بنیادی مقاصد ملک و دیگر اداروں کے لیے شفاف ڈیٹا اکٹھا کرنا ہے۔ ہمارے ادارے نے 2023 کی مردم شماری اور 2025 میں مربوط زراعت شماری، لائیو سٹاک اور مشینری کے حوالے سے ٹیبلٹس کے ذریعے ڈیجیٹل ڈیٹا اکٹھا کیا گیا۔ مردم شماری اور زراعت شماری کے حوالے سے لیا گیا ڈیٹا قومی اداروں اور این جی اوز کے لیے انتہائی کارآمد ہے۔ انہوں نے قومی سطح پر آبادی اور دیگر سروے کی اہمیت اور افادیت اجاگر کرنے اور سٹیک ہولڈر اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے 11 اور 12 نومبر کو پاک چائنہ فرینڈشپ سینٹر اسلام آباد میں ڈیٹا فیسٹ 2025 کے حوالے سے شاندار سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا۔ سیمینار میں وفاقی وزراء، وزیر اعلیٰ و گورنر بلوچستان، قومی و صوبائی متعلقہ آفیسران، یونیورسٹیز کے اساتذہ، طلباء و طالبات، بین الاقوامی اور قومی این جی اوز کے نمائندوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں پاکستان ادارہ شماریات کوئٹہ آفس نے ڈیٹا فیسٹ 2025 کے واک کا اہتمام کیا گیا جو کہ صوبائی آفس سے شروع ہو کر کیو ڈی اے روڈ سے ہوتے ہوئے چاندنی چوک اور پھر واپس دفتر پر اختتام پذیر ہوگئی۔ واک میں آفسران، ملازمین اور عوام نے بھرپور شرکت کی۔ آخر میں صوبائی سربراہ سید روح اللہ شاہ نے واک میں شرکت کرنے پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا

وفاقی محتسب کے احکامات پر شہری کی دادرسی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب کوئٹہ میں محمد ابراہیم شاہ نے درخواست دائر کی ہے کہ محکمہ کیسکو کی جانب سے انہیں ڈیڑھ لاکھ سے زائد کا غیر منصفانہ بل ارسال کیا گیا ہے۔ وہ اس کی درستگی کے لیے متعدد بار کیسکو آفس، ایس ڈی او آفس کے چکر کاٹ چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بجلی کے بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بجلی بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو 117517 روپے کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

انتخابات میں کارکردگی کی بنیاد پر حصہ لے رہے ہیں، عبدالمالک کاکڑ

سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، خطاب

کوئٹہ (اے این این) سول سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار عبدالمالک کاکڑ نے کہا ہے کہ کارکردگی کی بنیاد پر کئی سالوں سے مسلسل کامیابی حاصل کر رہے ہیں اور آئندہ الیکشن میں ایک بار پھر ارکان کی طاقت سے دوبارہ کامیابی حاصل کر کے سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن سرکاری ملازمین کے جائز اور بنیادی حقوق کے لیے جدوجہد کو جاری رکھے گی بلوچستان سول سیکرٹریٹ واحد ادارہ ہے جہاں گروپ بندی نہیں جمہوری اختلافات ضرور ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سیکرٹریٹ میں کاغذات نامزدگی جمع کرنے کے موقع پر سرکاری ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آج ایک بار پھر ہم دو سال کارکردگی کی بنیاد پر الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں اگر ہم پچھلی کارکردگی کا جائزہ لیں تو ماضی کے عہدیداروں سے سو فیصد کامیابی حاصل کی اور جہاں بھی افسران کے جائز مطالبات تھے ان کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کی بلکہ سیکرٹریٹ سٹاف ایسوسی ایشن سے تعلق رکھنے والے جو چودہ گریڈ تک ملازمین ہیں ان کا بھی ساتھ دیا اور انہوں نے ہمارا ساتھ دیا۔ ہم ایک گلدستے کی طرح اس سیکرٹریٹ کو چلا رہے ہیں بعض ایسے ارکان ہیں جو ہمیں گروپ بندی تعصب اور قومیت میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں ہم ارکان کی طاقت سے اس سازش کو ناکام بنائیں گے انہوں نے کہا کہ ارکان ہی ہماری طاقت ہیں۔

ژوب کا مغوی نوجوان گورنر بلوچستان کی کاوشوں سے بازیاب ہوا، قبائلی عمائدین

کوئٹہ (این این آئی) اقوام مینگل کے معتبرین نے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کو ژوب کے رہائشی نوجوان رحیم اللہ کی باحفاظت بازیابی میں کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی مدبرانہ کوششوں سے مغوی باحفاظت بازیاب ہوا ہے۔ یہ بات زمان پہلوان زئی مینگل، نگری میر نذیر مینگل، وڈیرہ بہتے خان، اقبال مینگل، میر ہدایت پہلوان زئی مینگل، ڈاکٹر رفیق مینگل، وزیارت کے قبائلی رہنما عبیداللہ پانیزئی نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ گورنر بلوچستان نے سندھ حکومت سے رابطہ کر کے فوری طور پر مغوی کی بازیابی کو یقینی بنایا۔

بی اے پی کی بلوچستان بار نو منتخب ارکان کو مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نو منتخب بلوچستان بار کونسل کے ممبران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وکلا برادری، جمہوریت کی مضبوطی، انصاف کی فراہمی اور عوامی حقوق کے تحفظ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ترجمان نے بیان میں کہا کہ بی اے پی نو منتخب بلوچستان بار کونسل نمائندوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہے اور امید رکھتی ہے کہ وہ ...

کوئٹہ: گیس چوری کیخلاف کارروائیاں، ایک گرفتار، متعدد مقدمات درج

ایس ایس جی سی کے ریکوری ڈیپارٹمنٹ کی، پولیس کی معیت میں کارروائیاں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ میں ایس ایس جی سی کی ٹیم نے کلی جنگلوگی، ملک جان خان اسٹریٹ، سمنگلی روڈ پر واقع سیمر بیکری پر کارروائی کی، جہاں بیکری کا ... کے دوران پولٹری فارم میں ٹیم نے لیاقت علی ولد رحیم محمد کو کمپنی کی مرکزی لائن سے گیس لے کر بھاری گیس جنریٹر کے ذریعے بجلی پیدا کرتے ہوئے ...

گیس لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا سلسلہ بدستور جاری، اہل علاقہ

سندھ میں پشتونوں کے ہوٹلوں کی بندش قابل مذمت ہے، پی ٹی آئی

بیشتر اضلاع میں موسم سرد و خشک رہنے کا امکان

ڈی سی سے مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت

کوئٹہ، پاکستان ادارہ شماریات کے زیر اہتمام ڈیٹا فیسٹ 2025 کے حوالے سے منعقدہ واک کے شرکاء کیو ڈی اے روڈ سے گزر رہے ہیں

فورس کی مضبوطی سے ہی صوبے میں امن و استحکام ممکن ہے، کمانڈنٹ بی سی

جوانوں کو سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے، اس میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

ہر افسر اپنے اہلکاروں کے ساتھ خود فیلڈ میں موجود رہے، ڈی آئی جی پی شاداد بن مسیح کا اجلاس سے خطاب

... سے ہی صوبے میں امن و استحکام ممکن ہے۔ انہوں نے تمام کمانڈرز کو ہدایت کی کہ جوانوں کی رات کی ڈیوٹیز کو منظم اور مؤثر بنایا جائے اور ہر افسر اپنے اہلکاروں کے ساتھ خود فیلڈ میں موجود رہے۔ انہوں نے خاص طور پر چیک پوسٹس اور حساس مقامات کی سیکورٹی کے حوالے سے مزید اقدامات کی ہدایت کی اور کہا کہ جوانوں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ اور رپورٹس براہ راست انہیں پیش کی جائیں۔ اجلاس میں فورس کے جوانوں کی فلاح و بہبود، رہائش، خوراک اور ضروری سہولیات کی فراہمی کیلئے بھی خصوصی احکامات جاری کئے گئے۔ کمانڈنٹ بی سی نے کہا کہ جوانوں کو سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے اور اس میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ آخر میں کمانڈنٹ بی سی نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت کی کہ سیٹلائٹ مانیٹرنگ سسٹم اور بائیو میٹرک کے ذریعے جوانوں کی حاضری پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔

حکومت تمام کالجوں میں بی ایس پروگرام بحال کرے، جے ٹی آئی

تعلیم دشمن پالیسیوں کے خلاف طلبا خاموش نہیں رہیں گے، حافظ حبیب الرحمٰن ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حقانی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ محمد اسماعیل مری محمد حنیف بلوچ ... کے وسائل اساتذہ لیبارٹریوں اور لائبریریوں میں اضافہ اور بہتری لائی جاتی چاہیے تھی نہ کہ پروگرام ہی بند کر دیا جاتا انہوں نے کہا کہ بی ایس پروگرام نے بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم ...

ڈی جی اینٹی کرپشن اور ڈی جی پی آر کا اظہار تعزیت

ہاشم خان انتقال کر گئے

سید حاجی بشیر جان آغا کی فاتحہ خوانی آج کوئٹہ میں ہوگی

میر رحمت بلوچ سے مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی

مینگل آباد میں ٹھیکیدار نے ترقیاتی کام ادھورا چھوڑ دیا، اہل علاقہ

گلیوں کو پختہ کرنے اور کام مکمل کرنے کے بجائے ادھورا چھوڑ کر غائب ہو گیا

ڈاکٹر زمان ہسپتال کی خدمات میں غفلت، وزیر صحت کا فوری نوٹس

طلبہ تنظیمیں کسی انتشار یا بدامنی کی علامت نہیں، پشتونخوا ایس او

معاشرے میں جمہوری سوچ، علمی مکالمے اور مثبت تبدیلی کی بنیاد ہیں، وارث افغان ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا کے زونل سیکرٹری وارث افغان، سینئر معاون ایمل اروان اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان ... اندر مسلح اہلکاروں کی موجودگی طلبہ کیلئے ذہنی اذیت اور اضطراب کا باعث ہے۔ آرگنائزیشن سمجھتی ہے کہ یہ اقدامات دراصل ایک منظم نوآبادیاتی پالیسی کا حصہ ...

جامعہ بلوچستان: اساتذہ کیلئے دورہ تربیتی پروگرام کا آغاز

تاجر برادری قانونی دائرے میں کاروبار جاری رکھے، تاجر رہنما

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام لاہور اجتماع کی تیاریاں جاری

کوئٹہ: بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں انصاف پینل کے نامزد صدر امیر حمزہ محمد شہی اپنی کابینہ کے کاغذات نامزدگی چیئرمین الیکشن کمیٹی ہاشم علی کے پاس جمع کروا رہے ہیں

QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

QESCO INTERNSHIP PROGRAM

QESCO is a Public Limited Company and provide Electricity to its customers. QESCO is offering a Paid Internship program, specially designed for fresh graduates of Balochistan (Local/Domicile) to enhance their skills, employment prospects and financial support in the following categories. Male and Female are equally encouraged to apply.

INTERNSHIP PROGRAM

Sr. No.	Discipline	No of Candidates	Required Qualification
01	Operations, Technical Director	60	BE / B.Sc Engineering (electrical / Electronics) M.Sc (Electrical / Electronics) or equivalent.
02	Finance Director / Audit Department	10	BSBA (Hons) 4 years / MBA (Finance) M.Com or equivalent
03	Human Resources / Admn Directorate/ Legal	10	BSBA (Hons) 4 years / MBA /MPA / M.A (HRM) / LLB, LLM or equivalent
04	Information Technology	10	BSBA (IT) BSCS B.S Computer Engineering 4 years MS (IT) MCS MBIT or equivalent.
05	Customer Services	10	BSBA (Hons) 4 years / MBA (Marketing) or equivalent
	Total No. of Interns	100	
	Duration	8 weeks (2-months)	
	Stipend	Rs.25000	
	Eligibility	Fresh/Recent Graduates (Max 03 years) Max Age Limit 32 Min CGPA-2.8	

DOCUMENTS REQUIRED:

1. Necessary Academic/Educational and other documents (i.e CNIC, Local/Domicile Copy, CV and Recent Passport Size Photos) will be required to be uploaded online.

INSTRUCTIONS & GENERAL CONDITIONS

1. Candidates fulfilling the eligibility criteria specified above may submit their applications online through QESCO internship portal i.e https://qescointernships.com.pk or www.qescointernships.com.pk
2. Last date for submission of applications is **24.11.2025.**
3. Applications submitted by hand will **NOT** be entertained.
4. Successful completion of the internship program will **NOT** lead to employment.
5. Only shortlisted candidates will be called for the interview.
6. No TA/DA will be admissible to the candidates for interview.
7. Candidates must have a working bank account registered in their name.
8. Applicants must be from HEC Recognized Universities / Concerned Boards.
9. Original documents must be presented at the time of interview.
10. QESCO reserves the right to withhold / cancel the application or the entire process at any stage without assigning any reason.
11. Applications carrying incomplete/incorrect information or received after last date shall be summarily rejected.
12. Concealment or mis-representation of facts at any stage will lead to disqualification of candidate.

D.G (HR & Admn) QESCO, Quetta

PID(Q)196/25

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

محکمہ جنگلات و جنگلی حیات صوبے کے سبز مستقبل کیلئے کوشاں ہے، سیکرٹری

صوبے میں جنگلات اور جنگلی حیات کے ذخائر قدرتی حسن کی علامت ہیں، ترقیاتی اسکیموں کو شفافیت اور معیار کے ساتھ بروقت مکمل کیا جائے

صوبے میں ماحولیاتی تحفظ، قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال اور جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے موثر حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتاح بھنگر نے محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور اصلاحاتی اقدامات کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات منیر احمد موسیانی، چیف کنزرویٹر فارسٹ علی عمران، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر (یو جی پی پی) وائلڈ لائف سیف اللہ زہری، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر (یو جی پی پی) جنگلات، چیف کنزرویٹر وائلڈ لائف شریف الدین بلوچ، کنزرویٹر پلاننگ نصر اللہ، کنزرویٹر فارسٹ لورالائی محمد امین مینگل اور خلیل الرحمن سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات کو مختلف ترقیاتی منصوبوں، شجرکاری مہمات، جنگلات کے تحفظ، اور جنگلی حیات کے تحفظ و افزائش کے لیے جاری سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری نے منصوبوں کی پیشرفت کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ماحولیاتی تحفظ، قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی اسکیموں کو شفافیت اور معیار کے ساتھ مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور عوامی فلاح و ماحول کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جائے۔ عبدالفتاح بھنگر نے مزید کہا کہ صوبہ بلوچستان میں جنگلات اور جنگلی حیات کے ذخائر نہ صرف قدرتی حسن کی علامت ہیں بلکہ ماحولیاتی توازن کے لیے بھی ناگزیر ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر سیکرٹری نے افسران کی کارکردگی کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ جنگلات و جنگلی حیات صوبے کے سبز مستقبل کے لیے اپنی کوششیں مزید تیز کرے گا۔

سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتاح بھنگر محکمانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود خان کوئٹہ چیمبر میں بات چیت کررہے ہیں

کوئٹہ شہر میں بلاتعطل گیس فراہمی یقینی بنائی جائے، ذوالفقار طارق

اکثر علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے، رہنما اہلسنت و الجماعت

حکام سرد علاقوں میں گیس پریشر برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہے

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے اپنی تحریری بیان میں کہا کہ حکمران کوئٹہ سمیت سرد علاقوں میں گیس پریشر برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہے ہر سال وعدے یہ وعدہ کرتے جارہے ہیں کہ گیس پریشر بحالی یقینی بنائی جائے گی لیکن گرمیوں میں تو کم پریشر پر گزارا ہو جاتا ہے لیکن سردیوں میں لوڈ شیڈنگ اور کم پریشر برداشت نہیں کر سکتے۔ بلوچستان کے سرد ترین علاقوں بالخصوص صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور پریشر میں شدید کمی نے عوام الناس کی زندگی کو اذیت ناک بنا دیا ہے۔ موسم سرما کے آغاز کے ساتھ ہی گیس کی فراہمی میں شدید رکاوٹوں نے شہریوں کو بے حد پریشان کر دیا ہے۔ متعدد علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے، جس کے باعث گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور عوام شدید کوفت میں مبتلا ہیں۔ گیس کی بندش سے گھریلو زندگی مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ خواتین کو کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے، اسکول جانے والے بچے سردی کے باعث بیمار پڑ رہے ہیں، جبکہ بوڑھے افراد کمزور جسم ہونے کے باعث شدید سردی میں زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ سرد علاقوں میں درجہ حرارت میں مسلسل کمی کے باوجود گیس کی فراہمی نہ ہونا عوام کے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔ حکومت بارہا وعدے کرتی ہے کہ عوام کو سردیوں میں بلاتعطل گیس فراہم کی جائے گی، لیکن ہر سال کی طرح اس سال بھی عوام کو صرف تسلیاں دی جا رہی ہیں۔ کوئٹہ کے متعدد علاقوں میں شہریوں نے شکایت کی ہے کہ صبح و شام گیس کا نام و نشان تک نہیں ہوتا، اور جب بھی آتی بھی ہے تو اتنا کم پریشر ہوتا ہے کہ چولہا جلانا ممکن نہیں رہتا۔ جب عوام باقاعدگی سے بل ادا کرتے ہیں، تو پھر گیس کی کمی کا عذاب صرف غریب عوام کو کیوں بھگتنا پڑتا ہے؟ متوسط اور غریب طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بیروزگاری اور بجلی کے بڑھتے ہوئے بلوں سے تنگ آچکا ہے۔

بجلی لائنوں سے کنڈکٹرز اور برقی آلات چوری کرنے والے 5 افراد گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ کے علاقے میں لیویز اہلکاروں نے دیہی علاقوں میں بجلی کی لائنوں سے کنڈکٹرز اور دیگر برقی آلات کی چوری میں ملوث گروہ کے 5 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ کی خصوصی تعاون پر کیسکو ٹیموں نے لیویز کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرکے بجلی سامان کی چوری میں ملوث گروہ کا سراغ لگا دیا گیا۔ جس کے بعد متعلقہ لیویز حکام نے بروقت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 5 افراد کو موقع پر رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔

بلوچستان بھر میں 17 تا 29 نومبر خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی مہم شروع ہوگی

والدین اپنے 6 ماہ تا 5 سال تک کے بچوں کو ویکسینیشن لازمی کرائیں تاکہ ان میں قوت مدافعت کو بڑھایا جاسکے کہ وہ ان بیماریوں کا مقابلہ کرسکیں

اس سال بلوچستان میں خسرہ کے 1700 بچوں کو علاج کی غرض سے لایا گیا جن میں سے 23 کی ہلاکت رپورٹ ہوئی ہے، صوبائی کوارڈینیٹر ای پی آئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی کوارڈینیٹر ای پی آئی بلوچستان ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک بھر کی طرح بلوچستان کے 36 اضلاع میں 17 سے 29 نومبر تک 12 روزہ خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی مہم شروع ہوگی والدین اپنے 6 ماہ سے 5 سال سے کم عمر بچوں کو ویکسینیشن ضرور کرائیں تاکہ ان میں قوت مدافعت کو بڑھایا جاسکے کہ وہ ان بیماریوں کا مقابلہ کرسکیں۔ بلوچستان میں اس سال خسرہ کے 1700 بچوں کو علاج کی غرض سے لایا گیا جن میں سے 23 کی ہلاکت رپورٹ ہوئی ہے جبکہ اعداد و شمار کا صحیح میکانزم نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں اور ہلاکتوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے۔ عوام میں شعور اجاگر کرنے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات سمیت میڈیا کو اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ ہم اپنے بچوں کو موت کے منہ میں جانے سے بچاسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں عوام میں شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے میڈیا کے کردار کے بارے میں منعقدہ سیمینار سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر شاہد بابر، ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر رحمت، ٹیکنیکل فوکل پرسن گیٹ فاؤنڈیشن ڈاکٹر ظفر خوستی اور یونیسیف کے ضیاء الرحمن، کوئٹہ پریس کلب کے سیکرٹری جنرل ایوب ترین سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔ ای پی آئی بلوچستان کے کوارڈینیٹر ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کہا کہ خسرہ کی وباء ملک بھر کی طرح بلوچستان میں تیزی سے پھیل رہی ہے کیونکہ یہ وباء بچوں سے بچوں اور بڑوں میں تیزی سے پھیلتی ہے اور یہ وباء کرونا وائرس سے زیادہ خطرناک ہے کیونکہ یہ وباء 8 سے 10 لوگوں کو متاثر کرتی ہے اس لئے حکومت نے ملک بھر کی طرح بلوچستان کے 36 اضلاع میں 6 ماہ سے 5 سال سے کم عمر بچوں کو خسرہ اور روبیلا وائرس سے بچاؤ کی ویکسینیشن کرنے قومی مہم جوکہ 12 روز سے پر محیط ہے 17 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی والدین اپنے بچوں کو بی ایچ یو اور ہسپتالوں سمیت قائم کئے گئے مہم کے دوران خصوصی مقامات سے بچوں کی ویکسینیشن ضرور کرائے اور ای پی آئی کے سینٹر سے رہ جانے والے بچوں کی ویکسینیشن کرائی جاسکتی ہے اس وباء سے بچوں کی آنکھیں، پھیپھڑے اور سینہ تیزی سے خراب ہوتا ہے اور ان کی اموت واقعہ ہوجاتی ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس سال 1700 خسرے کے مریض لائے گئے جن میں سے 23 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہے حالانکہ اس وباء کے متاثرہ مریضوں کے اندراج کا صحیح اعداد و شمار نہ ہونے کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں مریض اور سینکڑوں کی تعداد میں اموات ہیں انہوں نے کہا کہ یہ وائرس تیزی سے پھیلتا ہے ویکسینیشن سے بچوں میں قوت مدافعت پیدا کی جاسکتی ہے تاکہ وہ اس وائرس سے محفوظ رہ سکیں ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جس طرح پولیو مہم میں انکاری والدین کی تعداد سامنے آتی تھی اس کی بنیادی وجہ بھی خسرے کے متاثرہ بچوں کی ویکسینیشن کا نہ ہونا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ خسرہ اور روبیلا ایک جیسی وباء ہے انہوں نے بتایا کہ صاف پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات ہونے چاہئے تاکہ بچوں اور لوگوں کی صحت کو بیماریوں سے بچایا جاسکے۔ کیونکہ صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے پیٹ کی بیماریاں، ہیپاٹائٹس، پولیو اور دیگر بیماریاں پھیلتی ہے اس موقع پر ڈپٹی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر شاہد بابر نے کہا ہے کہ مذکورہ مہم میں 2400 ٹیمیں حصہ لے رہی ہے کیونکہ اس میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسینیشن میں انجکشن بھی لگائے جائیں گے جس سے بچوں میں قوت مدافعت بڑھتی ہے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں اس سال اس کے 8 لاکھ 40 ہزار کیسز رپورٹ ہوئے ہیں ہماری 800 سے زائد ویکسینیٹر بھی اپنے فرائض سرانجام دیں گے جو گھروں میں جانے کی بجائے مختلف مقامات جس میں سکول اور معتبر کے گھر یا بیٹھک میں ٹیمیں بیٹھ کر بچوں کو ویکسینیشن کریں گی انہوں نے بتایا کہ یہ مرض بچوں کی آنکھوں اور ذہن کو متاثر کرتا ہے مہم میں 22 لاکھ بچوں کو ویکسینیشن کی جائے گی اور 6 ماہ سے 5 سال سے کم عمر بچوں کو ویکسینیشن ہوگی 800 سینٹر میں ویکسینیشن کریں گے جبکہ 2500 ٹیمیں اس میں حصہ لیں گی 160 یونٹ کام کریں گے۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر رحمت نے بتایا کہ خسرہ اور روبیلا سے بچوں کو بچانے کیلئے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لئے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے

اے کیو ایم کی مقبولیت کا گراف تیزی سے بڑھ رہا ہے، صورت خان افغان

جلد ہی افغان قومی موومنٹ پشتون افغان قوم کی بقا کی واحد ضامن تنظیم بنے گی

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے پارٹی کے مرکزی رہنما صورت خان افغان نے کہا ہے کہ تاریخ اور قوم کے سوداگروں کو شرمندگی و پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اے کیو ایم کی مقبولیت کا گراف تیزی سے بڑھ رہا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پشتون افغان قوم پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے۔ صورت خان افغان نے کہا کہ پارٹی کے صدر احمد خان افغان کی مدبرانہ سوچ اور بلاتفریق عوامی نظریات نے تحریک کو نئی زندگی بخشی ہے۔ انتخابی مہم کے دوران ژوب اچکزئی سمیت مختلف علاقوں سے سینکڑوں افراد کی شمولیت عوامی اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کی طویل دھوکہ دہی اور فریب کی سیاست سے مایوس ہو چکے ہیں اور اب ایک نئی قومی قیادت کی طرف متوجہ ہیں۔ عبداللہ افغان نے کہا کہ تنظیم کی مضبوطی کا راز بلاتفریق خدمت اور اخلاص پر مبنی سیاست میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے کیو ایم اپنے اکابرین میرواعس خان ہوتک، احمد شاہ بابا اور غازی عبداللہ خان کی قربانیوں اور فلسفہ حیات کو نئی نسل کے لیے مشعل راہ بنا رہی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ تنظیم مفاد پرست اور موروثی سیاست کا خاتمہ کر کے عام آدمی اور نوجوانوں کو سیاسی و قومی خدمت کا موقع فراہم کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قوموں کی ترقی کا راز اتفاق و اتحاد اور ملی سوچ میں پوشیدہ ہے، اسی جذبے کے ساتھ اے کیو ایم کارواں حق کو آگے بڑھائے گی۔

تعلیم معاشرتی کی ترقی کی بنیاد ہے، چیئرمین ایم سی تربت

تربت (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی نے گذشتہ روز کارپوریشن کے کونسلرز کے ہمراہ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول تربت کا تفصیلی دورہ کیا۔ چیئرمین نے اسکول کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور تدریسی ماحول، تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر چیئرمین میونسپل کارپوریشن کو پرنسپل اکبر اسماعیل اسکول کے سرگرمیوں اور تعلیمی معاملات اور باب تک کی پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی چیئرمین نے اس موقع پر کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے، اور تربت جیسے اہم تعلیمی مرکز میں اداروں کی بہتری ان کی اولین ترجیح ہے

کیچ: موٹرسائیکلوں کیلئے سمارٹ کارڈ رجسٹریشن سسٹم کا آغاز

تربت (خ ن) محکمہ ایکسائز کیچ میں موٹر سائیکلوں کے لیے سمارٹ کارڈ رجسٹریشن سسٹم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ گاڑیوں کے لیے سمارٹ کارڈ کا اجرا اگلے مرحلے میں کیا جائے گا محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس کیچ نے جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور عوام کو سہولت کی فراہمی کے لیے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے موٹر سائیکلوں کے لیے موٹر وہیکل رجسٹریشن (MVR) سمارٹ کارڈ سسٹم کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے گزشتہ روز ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن مکران ڈویژن شے شوکت علی اور سینئر ای ٹی او کیچ ہیگر طارق گورگیج نے افتتاحی تقریب میں موٹر سائیکل مالکان کو سمارٹ کارڈ تقسیم کیے اور اس جدید نظام کا باضابطہ افتتاح کیا ابتدائی مرحلے میں موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن کے لیے سمارٹ کارڈ جاری کیے جا رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد نے شہر کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

آفیسران کو انسداد دہشت گردی کیلئے مزید اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا وفاقی دارالحکومت میں امن و امان، سکیورٹی انتظامات اور انسداد دہشت گردی کے اقدامات کا جائزہ۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو وفاقی دارالحکومت میں مجموعی سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے، سرچ آپریشنز کرنے اور انسداد دہشت گردی کے لئے مزید اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی سکیورٹی محمد عتیق طاہر، ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر/ٹریننگ ملک جمیل ظفر، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی سی ٹی ڈی اور دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کے امن و امان، سکیورٹی انتظامات، انسداد دہشت گردی کے اقدامات، داخلی و خارجی راستوں، اہم سرکاری عمارات، سفارت خانوں اور عوامی مقامات کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت دی کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کو مزید سخت، سرچ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو تیز اور مشکوک افراد و سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے، غیر قانونی مقیم افراد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف معلومات اکٹھی کر کے بروقت کارروائی کی جائے، جبکہ دیگر سکیورٹی اداروں کے ساتھ معلومات کے تبادلے اور باہمی تعاون کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں امن و امان برقرار رکھنا پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے سیف سٹی اسلام آباد اور نادرا حکام کے ساتھ میٹنگ کی، جس میں شہریوں کے تحفظ، جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال، ڈیٹا شیئرنگ کے نظام اور سمارٹ پولیسنگ کے فروغ سے متعلق اقدامات پر تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے ہدایت دی کہ نادرا کے ساتھ معلومات کے بروقت تبادلے کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے، سیف سٹی کیمروں سے حاصل شدہ ڈیٹا کو نادرا کے ڈیٹا بیس سے منسلک کیا جائے تاکہ مشکوک افراد کی فوری شناخت ممکن ہو سکے اور نادرا کی تکنیکی مدد سے شہریوں کو پولیس کی سہولیات تک آسان رسائی فراہم کی جائے، آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ پولیس، نادرا اور سیف سٹی کے درمیان موثر کوآرڈینیشن سے سکیورٹی نظام مزید مضبوط اور شہری سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی

اوتھل: چوری شدہ بجلی کی تاریں و سولر پلیٹ برآمد

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر SHO لاکھڑا وحید علی مگسی کی کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار، چوری شدہ بجلی کی تاریں و سولر پلیٹ مالیتی 68,000/- روپے برآمد۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق SSP لسبیلہ عاطف امیر کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO لاکھڑا وحید علی مگسی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ لاکھڑا کے نقب زنی کے مقدمہ نمبر 17/2025 بجرم 380-457 ت پ میں ملوث مطلوب ملزم عبدالعزیز ولد احمد قوم داروغہ سکنہ لاکھڑا کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے چوری شدہ بجلی کی تاریں مالیت 60,000 روپے اور سولر پلیٹ مالیت 8,000 روپے برآمد کیں۔ واضح رہے کہ گرفتار ملزم نے رات کے اوقات میں ایک گھر میں چوری چھپے گھس کر چوری کی واردات کی تھی

گوادر، ڈی جی معین الرحمن پانی کے سپلائی کے نظام کا جائزہ لے رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ نے پارلیمنٹ لاجز کے زیر تعمیر بلاک کا دورہ کیا

13 برس سے زیر التواء نیا بلاک تکمیل کے قریب، محسن نقوی نے پیش رفت کا جائزہ لیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پارلیمنٹ لاجز کا 13 برس سے زیر التواء نیا بلاک تکمیل کے قریب۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پارلیمنٹ لاجز کے زیر تعمیر نئے بلاک کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے جاری کاموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے منصوبے کی جلد تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ زیر تعمیر بلاک میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تین شفٹ میں کام کیا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ 2012 سے رکے منصوبے کی تکمیل سے پارلیمنٹیرینز کو رہائش کی معیاری سہولتیں میسر آئیں گی۔؟ پارلیمنٹ لاجز سمیت عوامی فلاح کے تمام منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے گا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو پراجیکٹ پر اب تک ہونے والی پیش رفت کے بارے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ پارلیمنٹ لاجز کے نئے بلاک کا؟ منصوبہ ٹائم فریم میں مکمل کرلیا جائے گا۔ ممبر انجینئرنگ سی ڈی اے اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔

کوئٹہ، ای پی آئی کے زیر اہتمام خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ بارے ڈاکٹر آفتاب کاکڑ میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

سیکرٹری بلدیات و دیہی عبدالرؤف بلوچ سہ ماہی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اس سال کی اسکیمات کو دسمبر تک مکمل کرنے کی کوششیں جاری ہیں، سیکرٹری بلدیات

حالیہ پی۔ ایس ڈی پی۔ کے تحت منظور شدہ 352 اسکیموں پر ٹینڈرنگ کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے جو کہ انتہائی خوش آئند عمل ہے

بلوچستان کے شہریوں کی سہولت کیلئے دور دراز کے میونسپل کمیٹیوں اور کونسلز کو فعال بنا دیا ہے، اسکے فنڈز بھی جاری کردیئے گئے ہیں

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں اور جاری پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی 2025-2026 کے حوالے سے محکمہ بلدیات اور کوئٹہ میٹرو پولیٹن کی سہ ماہی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری بورڈ لوکل گورنمنٹ شجاعت حسین علی، ڈائریکٹر جنرل محکمہ بلدیات و دیہی ترقی محمد ایوب قریشی، ایڈمنسٹریٹر مجیب الرحمن قمرانی، ایڈیشنل سیکرٹری شاہ اللہ قریشی سمیت چیف آفیسر کوئٹہ میٹرو پولیٹن عطاء اللہ بازئی، ڈائریکٹر رورل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، صفا کوئٹہ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر دل نواز محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے تمام شعبوں کے ڈائریکٹرز، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور انجینئرز نے شرکت کی۔ سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق اس سال کی دسمبر میں تمام اسکیموں کو مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی اور حالیہ پی۔ ایس ڈی پی۔ کے تحت منظور شدہ 352 اسکیموں پر ٹینڈرنگ کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے جو کہ انتہائی خوش آئند عمل ہے۔ بلوچستان کے شہریوں کی سہولت کے لیے دور دراز کے میونسپل کمیٹیوں اور کونسلز کو فعال بنا دیا ہے۔ انکی فنڈنگ بھی جاری کردی گئی ہے۔ کوئٹہ شہر کو ماحول دوست پارک بھی ترقیاتی منصوبوں میں شامل ہیں جبکہ محکمہ بلدیات حکومت بلوچستان میں سروسز کی بہتر فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت پائے تکمیل کے لیے محکمہ بلدیات کے تمام افسران کو احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ بلوچستان کے بہتر مستقبل کے لیے بڑھتی ہوئی آبادی کی تناسب سے محدود وسائل میں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو مزید اور مثبت تبدیلی نظر آئے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی عبدالرؤف بلوچ نے کہا کہ تمام ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے افسران کو ہدایات دی گئی ہیں کہ تمام ترقیاتی سکیمات کو مقررہ مدت یعنی دسمبر تک مکمل کرنے کا عمل یقینی بنایا جائے جبکہ تمام ٹینڈرنگ کا عمل مکمل کردیا گیا ہے اور کام کی معیار اور مقدار کے مزید شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس کے آخر میں سیکرٹری عبدالرؤف بلوچ نے کہا کہ محکمہ بلدیات کے تمام سکیمات کی جامع پلان پر فوری طور پر عمل کریں تاکہ عوام اس پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی کے ترقیاتی منصوبوں سے جلد مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے محکمہ بلدیات و دیہی ترقی حکومت بلوچستان کے تمام فیلڈ افسران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ حوصلہ افزاء امر ہے کہ وقت پر ٹینڈرز کے عمل اور پی۔ ایس۔ ڈی۔ پی 2025-2026 کو مکمل کردیا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے محکمہ کی جانب سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے صفاء کوئٹہ پراجیکٹ کے پی ڈی نے کہا کہ صفاء کوئٹہ کی ٹیمیں صبح 8 بجے سے شام تک شہر کے صفائی اور ستھرائی میں اپنے کام سرانجام دیتے ہیں۔

اوستہ باغ ہیڈ میں گاڑی، چھتر میں موٹر سائیکل چھینے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع اوستہ باغ ہیڈ سے مسلح افراد نے پک اپ ڈاٹسن جبکہ چھتر سے ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون نقدی چھین لی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود شہنشاہ کے ایریا میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ایک شخص صادق سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ ضلع اوستہ محمد پولیس تھانہ باغ ہیڈ کی علاقے سے مسلح افراد نے عبدالحمید سونگی اور اعظم سونگی سے گاڑی چھین کر فرار ہوگئے فرار ہوتے ہوئے مسلح افراد نے انکے ہاتھ اور پاؤں رسیوں سے باندھ کر پھینک دیا واقع کی اطلاع پر پولیس کی کارروائی دونوں کو رسیوں سے ازاد کرکے علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔

قبائلی تنازعات کا خاتمہ جرگوں ہی سے ممکن ہے، احمد خان شیرزئی

کوئٹہ (اے این این) شیرزئی قبیلے کے سربراہ احمد خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہمارے خطے میں قبائلی معاشرے کا ایک اہم مقام ہے اور اس جرگوں سے کئی قبائلی جھگڑے کا خاتمہ اور کئی میں کمی لائی مزید اس پر کام کرنے کی ضرورت ہے شیشہ ایک ناسور ہے اس کے خلاف ملکر جدوجہد کرنا ہے بعض لوگ اپنے بچوں کی شادی پر کاروبار کرتے ہیں اور ولور کی صورت میں بڑی رقم وصول کرتے ہیں جو شادی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے قبائلی معتبرین اور علماء کرام ملکر اس پر کام کریں تاکہ عوام کو استفادہ حاصل ہوسکے یہ بات انہوں نے سرکاری ٹی وی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایک قبائلی معاشرہ ہے یہاں پر جرگوں کی بڑی اہمیت ہوتی تھی لیکن اس وقت ایک تو قبائلی مشران نے بھی ایک اپیارت اختیار کیا

سردی کا آغاز ہوتے ہی کلی شیخان میں گیس غائب، حافظ عطاء اللہ

سوئی سدرن کا یہ رویہ کھلی عوام دشمنی کے مترادف ہے، چیئرمین فلاحی کمیٹی

کوئٹہ (اے این این) فلاحی کمیٹی کے چیئرمین حافظ عطاء اللہ اللہ داد اور حاجی عبدالمالک بڑیچ زبیر احمد بڑیچ فیض اللہ خان ڈاکٹر رشید عبداللہ بڑیچ صادق محسن پٹھان اور کابینہ اراکین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کلی شیخان میں سردی کی آمد کے ساتھ ہی سوئی سدرن گیس کمپنی نے حسب روایت گیس کی فراہمی بند کر کے عوام کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ جبکہ ضلعی انتظامیہ اور سوئی سدرن کے متعلقہ حکام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کا یہ رویہ عوام دشمنی، اور عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر فوری طور پر گیس پریشر بحال نہ کیا گیا تو مین سنزل روڈ شیخان چوک کے عوام بھرپور احتجاج، دھرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور سوئی سدرن گیس بلوچستان کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر کلی شیخان کی اس سنگین صورتحال کا نوٹس لیں اور گیس پریشر بحالی کے لئے ہنگامی اقدامات کریں اگر اس مسئلے کو نظرانداز کیا گیا تو اس کے تمام تر نتائج کی ذمہ داری سوئی سدرن انتظامیہ اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ کلی شیخان کے عوام کو بار بار امتحان میں ڈالنا بند کیا جائے۔ بلوچستان کے عوام بھی اتنے ہی حقوق رکھتے ہیں جتنے ملک کے دیگر صوبوں کے شہری اگر سوئی سدرن کمپنی نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو عوامی تحریک کی کال دی جائے گی۔

ن لیگ صوبے کی ترقی کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، محمد خان طور اتمان خیل

موجودہ حکومت عوامی ریلیف کو یقینی بنانے کے لئے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت بلوچستان سمیت ملک بھر میں ترقی، روزگار اور امن کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ موجودہ حکومت معاشی اصلاحات، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عوامی ریلیف کو یقینی بنانے کے لیے جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح ہے، صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور محروم علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا کہ اپوزیشن کا منفی پروپیگنڈہ بے بنیاد ہے، مسلم لیگ (ن) ہی وہ جماعت ہے جس نے ملک کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام کے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا۔

گوادر: ڈی ای او فیمیل نے جی جی ایم ایس نگوار شریف کا دورہ کیا

اسکول کے تعلیمی ماحول، تدریسی معیار اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

گوادر (خ ن) ضلعی خاتون ایجوکیشن آفیسر زرا تون بی بی نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول نگوار شریف کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے اسکول کے تعلیمی ماحول، تدریسی معیار اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ اسکول کا تعلیمی ماحول تسلی بخش نہیں ہے۔ اسکول کی پانچ کلاسیں فعال ہیں جبکہ ایک خوبصورت نئی عمارت زیر تعمیر ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے ہدایت دی کہ اسکول کی چار دیواری کی مرمت اور تکمیل کے کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ غیر تدریسی عملے کو صفائی ستھرائی، شجرکاری اور اسکول کے ماحول کو خوشگوار بنانے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ ہیڈ ٹیچر اور تدریسی عملے کو تاکید کی گئی کہ وہ دفتر کے ریکارڈ کی باقاعدہ دیکھ بھال کریں، نظم و ضبط کو یقینی بنائیں اور تعلیمی معیار میں بہتری لانے کے لیے موثر اقدامات کریں۔ اس موقع پر معروف علاقائی معتبرین اور سماجی شخصیات شیخ مختار اور شیخ طارق بھی موجود تھے، جو علاقے کی ترقی اور بہتری کے لیے سرگرم کردار ادا کررہے ہیں

پی بی 42 کوئٹہ کھنڈرات میں تبدیل، علاقے میں بنیادی سہولیات ناپید

منتخب نمائندے غائب، سڑکیں تباہ، سیوریج بند، عوام کا حکومت بلوچستان کو احتجاج کا انتباہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے حلقہ پی بی 42 کے مکین بدترین حالات اور بنیادی سہولیات کی شدید کمی سے دوچار ہیں۔ ایئرپورٹ روڈ سے متصل علاقے کلی عالم خان، خالو چوک، افغان ٹاؤن، جوائنٹ روڈ، شابو اور دیس باغ مکمل طور پر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ڈھائی سال سے علاقے میں کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں ہوسکا، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر گڑھوں میں تبدیل ہو چکی ہیں جبکہ نکاسی آب کا نظام مکمل طور پر ناکارہ ہو چکا ہے۔ معمولی بارش کے بعد گلیاں اور سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرتی ہیں۔ علاقہ مکینوں نے کہا کہ ایک طرف ایئرپورٹ روڈ پر خوبصورتی کے نام پر اربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں، جبکہ اس سے متصل اہم علاقے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ سیوریج لائنوں کی بندش اور صفائی نہ ہونے سے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے ہیں، جن سے بدبو اور بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مکینوں نے اپنے نمائندے میر لیاقت لہڑی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی وعدے وفا نہ ہوئے اور وہ کامیابی کے بعد مکمل طور پر غائب ہیں۔ عوام نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ پی بی 42 کے مسائل کو فوری ترجیح دی جائے، بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کے پرنسپل کے اعزاز میں الوداعی تقریب

اساتذہ کرام اور طلبا نے پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ کو خراج تحسین پیش کیا

پنجگور (خ ن) گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ کی کالج سے تبادلہ اور ان کی پروموشن کے حوالے سے ایک مختصر مگر پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب میں اساتذہ کرام اور طلبا نے پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد بلوچ کی تعلیمی خدمات اور ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں گزشتہ دنوں منعقد ہونے والے سائنس اینڈ آرٹس ایگزیبیشن کیلئے چیئرمین میونسپل پنجگور شکیل احمد قمرانی کی جانب سے طلبا کے ماڈلز اور بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبا کیلئے اعلان کردہ نقد رقم طلبا میں تقسیم کی اور کالج میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبا میں انعامات تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کالج کے استاد پروفیسر نزیر احمد بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر جاوید بلوچ نے بطور پرنسپل پوری اسٹاف کے ساتھ ایک بہترین ماحول میں خدمات سرانجام دے رہے تھے اور ان کی تعلیمی کاوشیں قابل قدر اور قابل داد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر جاوید بلوچ کی سربراہی میں کالج میں ایک بہترین تعلیمی ماحول پیدا کرنے میں ہم کامیاب ہوئے ہیں اور اسی تسلسل کو قائم رکھا جائے گا۔ پروفیسر ڈاکٹر جاوید بلوچ نے الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اس کالج سے میرا الوداعی پروگرام ہے اور اپنی اسٹاف اور اسٹوڈنٹس کا مشکور و ممنون ہوں جنہوں نے میرے اعزاز میں اس طرح کا ایک تقریب منعقد کر کے مجھے بہترین الفاظ اور ایک دوستانہ ماحول میں خدا حافظ کہا۔ انہوں نے کہا کہ آج اس تقریب میں گزشتہ دنوں چیئرمین پنجگور شکیل احمد قمرانی کی جانب سے طلبا کیلئے اعلان کردہ انعامات کو ان طلبا تک پہنچایا جا رہا ہے جن کی بہترین ماڈلز کیلئے انعامات کا اعلان ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا حصہ ہے لیکن آج اس کالج سے فارغ ہو کر مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ کالج میں طلبا کے مسائل کی حل اور ان کو بہترین تعلیمی ماحول دینے ایک بہترین کردار ادا کرنے کی کوشش کی ہے اور اس میں مجھے اپنی اسٹاف کی کاوشوں سے کافی کامیابی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بچوں کی امانتیں ان کے حوالہ کر کے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی پوری ٹیم کا مشکور ہوں جو میرے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑے تھے اور ان کی تعاون کے بغیر میری کامیابی ممکن نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ طلبا اپنی تمام تر توجہ اپنی پڑھائی پر دیں اور کتابوں سے اپنے رشتہ کو

گوادر: ڈی ایچ او نے شادو بند اور بی ایچ یو ڈور کا دورہ کیا

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر کے ہمراہ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو شادو بند اور بی ایچ یو ڈور کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران افسران نے عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ٹیلی ہیلتھ کلینک، ای پی آئی مراکز اور فراہم کی گئی ادویات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے موقع پر عملے کو ہدایت کی کہ وہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات بہتر انداز میں فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں۔ انہوں نے ٹیلی ہیلتھ سروسز کے موثر استعمال، حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت فراہمی اور ادویات کے شفاف ریکارڈ کو یقینی بنانے پر زور دیا

وکلاء معاشرے کا باشعور طبقہ ہے، نعمت اللہ ظہیر

بلوچستان بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب ممبران کو مبارکباد، اعتماد پر پورا اتریں گے

وکلاء قانون کی بالادستی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، چیئرمین کے کے ایف

کوئٹہ (اے این این) خدمات خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین، صدارتی تمغہ امتیاز یافتہ اور عالمی شہرت یافتہ سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے بلوچستان بار کونسل کے حالیہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نومنتخب اراکین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں نعمت اللہ ظہیر نے کہا کہ وکلاء برادری نے ایک مرتبہ پھر جمہوری روایات اور قانون دوستی کی مثال قائم کرتے ہوئے انتہائی منظم اور پرامن انتخابات منعقد کیے، جو بلوچستان میں عدلیہ کے استحکام اور انصاف کے فروغ کے روشن علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نومنتخب اراکین پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بار اور بینچ کے تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں، انصاف کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں، اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ نعمت اللہ ظہیر نے خاص طور پر بلوچستان بار کونسل کے کامیاب امیدواران افضل حریفال ایڈووکیٹ، نادر چھلگری ایڈووکیٹ، نجیب کاکڑ ایڈووکیٹ، میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ اور خالد محمود ایڈووکیٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابی وکلاء برادری کے اعتماد کی مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء معاشرے کا باشعور اور فعال طبقہ ہیں جو انصاف کی فراہمی اور عوامی حقوق کے تحفظ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نومنتخب ممبران سے توقع ہے کہ وہ اپنے علم و تجربے کو بروئے کار لا کر عدلیہ کے نظام میں مثبت اصلاحات متعارف کرائیں گے۔ نعمت اللہ ظہیر نے کہا کہ خدمات خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل ہمیشہ عدلیہ، وکلاء اور سماجی اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو آگے بڑھاتی رہے گی۔



تربت، ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن مکران ڈویژن شے شوکت علی و سینئر ای ٹی او کیچ ہیگر طارق گورگیج موٹر سائیکل مالکان سمارٹ کارڈ تقسیم کررہے ہیں

گوادر، ڈی ایچ او ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈاکٹر مرشد دشتی ریکارڈ کا معائنہ کررہے ہیں

پنجگور، گورنمنٹ ڈگری کالج میں تقریب سے پروفیسر جاوید احمد بلوچ و دیگر خطاب کررہے ہیں

گوادر شہر میں پانی کی وافر دستیابی اطمینان بخش امر ہے، ڈی جی جی ڈی اے

ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شادی کور مین ٹرانسمیشن لائن اور چوڑ گار پمپنگ اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا

متعلقہ اسٹاف کو مین ٹرانسمیشن لائن کی روزانہ کی بنیاد پر دیکھ بھال اور مرمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کی ہدایات جاری کیں

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے آج شادی کور مین ٹرانسمیشن لائن اور چوڑ گار پمپنگ اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے انجینئر سید محمد، اسسٹنٹ انجینئر کبیر بلوچ، جونیئر انجینئر کامران اور شاہ اللہ بھی ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے شادی کور ڈیم سے گوادر شہر تک پانی کی ترسیل کے نظام اور فراہمی کے تمام مراحل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ اس وقت شادی کور ڈیم سے گوادر شہر کو یومیہ تقریباً دو ملین گیلن سے زائد پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جب کہ میرانی ڈیم سے بذریعہ واٹر ٹینکرز اور جی ڈی اے واٹر ڈیسیلینیشن پلانٹ سے فراہم کیا جانے والا پانی اس کے علاوہ ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے شادی کور سے پانی کی فراہمی میں ہونے والے نمایاں اضافے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مین ٹرانسمیشن لائن کی روزانہ بنیاد پر دیکھ بھال اور مرمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے جانچ پڑتال کی ہدایت جاری کی۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ قابل اطمینان امر ہے کہ اس وقت شہر میں کسی بھی مقام پر پانی کی قلت یا بحران کی کیفیت درپیش نہیں ہے۔ تاہم جہاں کہیں ڈسٹری بیوشن لائنز میں تکنیکی خرابیوں کی نشاندہی ہوئی ہے، انہیں دور کرنے کے لیے جی ڈی اے واٹر کرائسز مینجمنٹ سیل کے تحت مختلف ٹیمیں سرگرم عمل ہیں، جو ان مسائل کو جلد از جلد حل کر دیں گی۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے متعلقہ تمام شعبوں کو ہدایت کی کہ شہر میں بلاتعطل پانی کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نظام کی کارکردگی پر مسلسل نگرانی رکھی جائے۔

ایچ ای سی نے یو او ٹی کو نئے گریجویٹ پروگرامز کی منظوری دے دی

ایم ایس اکنامکس، پولیٹیکل سائنس اور ماسٹر آف فلاسفی (ایم فل) پروگرامز شامل ہیں

تربت (خ ن) ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے کوالٹی ایشورنس ڈویژن نے یونیورسٹی آف تربت کو دو نئے گریجویٹ پروگرامز بشمول اکنامکس میں ماسٹر آف سائنس (ایم ایس) اور پولیٹیکل سائنس میں ماسٹر آف فلاسفی (ایم فل) پروگرامز شروع کرانے کی منظوری دے دی ہے جو تعلیمی سیشن سپرنگ 2026 سے شروع کئے جائیں گے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور یونیورسٹی کمیٹی نے ان شاندار کامیابیوں کے حصول میں فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس کے ڈین ڈاکٹر عدیل احمد، فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، شعبہ اکنامکس کے چیئرمین ڈاکٹر محمد یعقوب، شعبہ پولیٹیکل سائنس کے سربراہ چنگیز احمد، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد اور شعبہ اکنامکس اور شعبہ پولیٹیکل سائنس کے دیگر فیکلٹی ممبران کی پیشہ ورانہ کوششوں کو سراہا ہے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ گریجویٹ پروگرامز اور تحقیقی سرگرمیوں کو وسعت دینا تربت یونیورسٹی کی وژن کا حصہ ہے اور تربت یونیورسٹی تدریسی اور تحقیقی معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تربت یونیورسٹی ایچ ای سی کی جانب سے جاری کردہ گریجویٹ ایجوکیشن پالیسی 2023 اور ایم ایس/ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز سے متعلق تمام رہنما اصولوں پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائے گی تاکہ تربت یونیورسٹی میں تدریسی اور تحقیقی معیار برقرار رہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ ای سی کی جانب سے منظور شدہ دو نئے گریجویٹ پروگرامز بشمول اکنامکس میں ایم ایس اور پولیٹیکل سائنس میں ایم فل پروگرامز کے اجراء سے ایسے ماہر اور قابل محققین تیار کرنے میں مدد ملے گی جو ملکی اور علاقائی اقتصادی و سیاسی چیلنجز سے نمٹنے اور ان کے حل کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے

صوبے کے عوامی مسائل کا حل اور ریونیو نظام کی بہتری اولین ترجیح ہے، میر عاصم کرد گیلو

ترقی کا سفر عوام کے تعاون سے ہی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھے گا اور آئندہ مہینوں میں بہتر نتائج سامنے آئیں گے، صوبائی وزیر ریونیو

شہریوں کے مسائل سننے کے لیے تمام اضلاع میں عوامی رابطہ مہم جاری ہے، دور دراز علاقوں میں بھی ریونیو سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ صوبے میں شفاف اور موثر ریونیو نظام کے قیام کے لیے بنیادی اصلاحات کی جا رہی ہیں جبکہ عوامی مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بھی ریونیو سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا اور زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کیا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کے درمیان فاصلہ کم کر رہی ہے تاکہ ترقی کا فائدہ ہر شہری تک پہنچے شہریوں کے مسائل سننے کے لیے تمام اضلاع میں عوامی رابطہ مہم جاری ہے۔ میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ ریونیو محکمے میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ کرپشن اور غیر قانونی لینڈ ریکارڈ کی تبدیلی میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ زمینوں سے متعلق تنازعات کے حل اور ریکارڈ کی درستگی کے لیے خصوصی ٹاسک فورس تشکیل دی جا رہی ہے۔ وزیر ریونیو کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام باشعور ہیں، حکومت عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا سفر عوام کے تعاون سے ہی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھے گا اور آئندہ مہینوں میں بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر، پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 5 نومبر 2025ء

غربت کے خاتمے سے ترقیاتی اہداف تک، عالمی اشتراک ناگزیر !!

صدر مملکت آصف علی زرداری نے سماجی انصاف، جامع ترقی اور عالمی یکجہتی کے لئے پاکستان کے عزم کا غیر متزلزل اعادہ کیا ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ غربت کے خاتمے سب کے لئے برابری اور انسانی حقوق کو یقینی بنایا جائے۔ منگل کو قطر کے دارالحکومت دوحہ میں سماجی ترقی کے لئے دوسری عالمی سربراہی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے دوحہ سیاسی اعلامیہ کے لئے مکمل حمایت کا اظہار کیا اور کہا کہ جامعیت اور پائیدار ترقی کے لئے پاکستان کا وژن دوحہ اعلامیہ کی روح سے ہم آہنگ ہے۔ صدر مملکت نے پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے اور سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا اور اسے سنگین خطرہ قرار دیا۔ دنیا اس وقت تاریخ کے ایک نازک دوراہے پر کھڑی ہے جہاں غربت، ماحولیاتی تبدیلی، معاشی ناہمواری، اور سماجی ناانصافی جیسے مسائل نے عالمی امن، استحکام اور انسانی ترقی کے تمام خوابوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ ایسے میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا دوحہ میں عالمی سربراہی کانفرنس سے خطاب نہایت معنی خیز اور وقت کی اہم ضرورت کے عین مطابق تھا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں غربت کے خاتمے، مہذب روزگار کے فروغ، انسانی حقوق کے تحفظ، اور مساوات پر مبنی ترقی کو عالمی ترقیاتی ایجنڈے کا محور قرار دیا۔ انہوں نے پاکستان کے عزم کو ایک مرتبہ پھر دہرایا کہ ہم پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے عالمی برادری کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنے کے لئے تیار ہیں۔ دنیا کے مختلف خطوں میں بڑھتی ہوئی معاشی تفاوت، سیاسی کشیدگی، اور ماحولیاتی تباہی کے اثرات اس امر کے متقاضی ہیں کہ اب ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے درمیان شراکت داری اور تعاون کو صرف سفارتی بیانات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ عملی اقدامات کئے جائیں۔ غربت کا خاتمہ کسی ایک ملک یا خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ یہ ایک عالمی انسانی فریضہ ہے۔ دنیا کی آٹھ ارب آبادی میں سے تقریباً ایک ارب افراد آج بھی انتہائی غربت کی زندگی گزار رہے ہیں۔ جب تک عالمی برادر یو سائل کی منصفانہ تقسیم، قرضوں میں رعایت، ٹیکنالوجی کی منتقلی، اور تعلیمی و سماجی شعبوں میں سرمایہ کاری کے لئے مشترکہ حکمت عملی اختیار نہیں کرے گی، پائیدار ترقیاتی اہداف کا حصول ایک خواب ہی رہے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے دوحہ اعلامیہ کے تناظر میں اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ ترقی یافتہ ممالک کو نہ صرف اپنے وعدوں پر عمل کرنا ہوگا بلکہ ترقی پذیر ممالک کے لئے مالی، تکنیکی اور انسانی وسائل کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا۔ یہی وہ راستہ ہے جو عالمی سطح پر انصاف، مساوات اور امن کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے مسلسل کوششیں کر رہے ہیں۔ حکومت پاکستان نے گزشتہ چند برسوں میں معاشی، سماجی اور ماحولیاتی سطح پر ایسے اقدامات کئے ہیں جن کا مقصد نہ صرف عوامی فلاح ہے بلکہ عالمی برادری کے ساتھ ہم آہنگ ترقیاتی ویژن کی تکمیل بھی ہے۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا خصوصی ذکر کیا جو پاکستان میں سماجی تحفظ کا ایک کامیاب ماڈل بن چکا ہے۔ اس پروگرام کے تحت نوے لاکھ سے زائد خاندانوں کو مالی معاونت، تعلیم، اور صحت کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ یہ اقدام غربت کے خاتمے اور خواتین کو بااختیار بنانے کی سمت ایک مضبوط قدم ہے۔ پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کا تناسب ساٹھ فیصد سے زیادہ ہے۔ اسی حقیقت کے پیش نظر حکومت نے نیشنل یوتھ انٹرنشپ پروگرام متعارف کرایا ہے تاکہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کو عملی میدان میں تجربہ حاصل ہو اور انہیں باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں۔ یہ پروگرام پائیدار ترقیاتی اہداف میں شامل نکتے مہذب روزگار اور معاشی ترقی کے عین مطابق ہے۔ اسی طرح پاکستان نے ماحولیاتی پائیداری کو اپنی قومی پالیسی کا حصہ بنایا ہے۔ گرین اینڈ ریزیلینٹ ہاؤسنگ پراجیکٹس نہ صرف ماحول دوست تعمیرات کو فروغ دے رہے ہیں بلکہ توانائی کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنا رہے ہیں۔ اسی طرح مینگروز کی بحالی جیسے فطرت پر مبنی اقدامات ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں آئندہ پانچ برسوں میں خواندگی کی شرح نوے فیصد تک بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ یہ ایک انتہائی خوش آئند بات ہے، کیونکہ تعلیم ہی وہ بنیاد ہے جو معاشروں کو غربت، جہالت اور پسماندگی سے نکالتی ہے۔ صدر مملکت کی تجاویز دراصل عالمی سطح پر ایک جامع اور متوازن ترقی کے لئے واضح رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ صدر مملکت نے بجا طور پر اس بات پر زور دیا کہ عالمی مالیاتی اداروں کو مساوی مواقع اور نرم شرائط پر قرضوں کی فراہمی یقینی بنانی چاہئے۔ ترقی پذیر ممالک اپنے وسائل کا بڑا حصہ قرضوں کی ادائیگی پر خرچ کر دیتے ہیں، جس کے باعث ترقیاتی منصوبے متاثر ہوتے ہیں۔ صدر مملکت کی یہ تجویز کہ قرضوں میں ریلیف اور عالمی سطح پر منصفانہ ٹیکس نظام نافذ کیا جائے، عالمی معاشی انصاف کی ضمانت ہے۔ صدر مملکت نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ دنیا کو ان تین اصولوں وقار، مساوات اور یکجہتی کے گرد متحد ہونا چاہئے۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک پرامن اور خوشحال دنیا تعمیر ہوسکتی ہے یہ تجاویز صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے پسماندہ طبقات کے لئے امید کی کرن ہیں۔ ان تجاویز پر عملدرآمد عالمی امن، استحکام اور پائیدار ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے فلسطین میں جاری مظالم نسل کشی اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر جس جرات مندانہ انداز میں آواز بلند کی، وہ پاکستان کی دیرینہ خارجہ پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔ اسی طرح انہوں نے کشمیر کے مظلوم عوام کے حق خودارادیت کے لئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا صدر مملکت نے اپنے خطاب میں پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کے بڑھتے ہوئے خطرے پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ یہ بات حقیقت ہے کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی معیشت کا انحصار دریاؤں کے پانی پر ہے۔ اگر سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی جاری رہی تو یہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے لئے تباہ کن نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔ سندھ طاس معاہدہ، جو 1960ء میں پاکستان اور بھارت کے درمیان عالمی ضمانت کے تحت طے پایا، خطے میں پانی کی منصفانہ تقسیم کا ضامن ہے۔ تاہم بھارت کی جانب سے متعدد مواقع پر آبی جارحیت، غیر ضروری ڈیموں کی تعمیر اور دریاؤں کا بہاؤ روکنے جیسے اقدامات معاہدے کی روح کے منافی ہیں۔ یہ طرز عمل ایک سنگین قومی سلامتی کا مسئلہ بنتا جارہا ہے۔ اگر اس رجحان کو نہ روکا گیا تو مستقبل میں پاکستان کے زرعی، صنعتی اور ماحولیاتی نظام پر تباہ کن اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا عالمی برادری، خاص طور پر اقوام متحدہ اور عالمی بینک، کو چاہئے کہ وہ سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

27ویں ترمیم کی بازگشت

تلخ نوائی

عارفہ نور

تقسیم یا پولرائزیشن کے شکار اس دور میں صرف عوام نہیں بلکہ سیاستدان بھی ہیں جو ایک دوسرے کے خلاف محاذ کھولے ہوئے ہیں۔ ٹیلی ویژن اسٹوڈیوز میں ایک دوسرے پر ان کے حملے حقیقت بن چکے ہیں، اس حد تک کہ جب وہ کسی بڑے مقصد کے لیے متحد ہوتے ہیں، تو اسے شاذ و نادر ہی محسوس کیا جاتا ہے اور اس سے بھی کم سراہا جاتا ہے۔ چند سال قبل کے اس لمحے پر غور کریں جب ان سب نے جنرل باجوہ کی توسیع کو قانونی تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہاتھ ملائے تھے۔ یہ ایک بڑے مقصد کے لیے تھا، اس وقت بہت کم لوگوں نے محسوس کیا کیونکہ وہ پارلیمنٹیرینز کو ہدف تنقید بنانے میں مصروف تھے۔ اسی طرح کی صورت حال پنجاب میں حالیہ دنوں دیکھنے میں آئی کہ جب سیاستدان صوبائی اسمبلی کی چھت تلے جمع ہوئے تاکہ بلدیاتی نظام یا مقامی حکومتوں کے مطالبے میں قرارداد کو منظور کیا جاسکے۔ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے نوجوان اراکین صوبائی اسمبلی کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کیا جانے والا مسودہ اتنا متاثر کن تھا کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے صوبائی اراکین نے بھی اس کے حق میں ووٹ دیا۔ دونوں فریقین وفاق یا کسی اور صوبے میں تو حالت جنگ میں تو ہو سکتے ہیں لیکن پنجاب میں مقامی حکومتوں کے معاملے میں سب ہی شیر و شکر نظر آئے۔ انہوں نے ایسے بلدیاتی اداروں کا مطالبہ کیا ہے جنہیں آئینی تحفظ حاصل ہو اور جن کے کام کی مدت اور ذمہ داریاں واضح طور پر متعین کی گئی ہوں۔ اس کے ساتھ یہ بھی کہا گیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کی مدت مکمل ہونے یا انہیں تحلیل کیے جانے کے 90 دن کے اندر نئے انتخابات لازمی کروائے جائیں اور صوبائی فنانس کمیشن کو نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) سے منسلک کیا جائے۔

نہ صرف قانون ساز اس مطالبے کے لیے اکٹھے ہوئے بلکہ پنجاب اسمبلی کے اسپیکر ملک احمد خان جو ماضی میں نہ صرف اپنی جماعت بلکہ جنرل قمر جاوید باجوہ کے پرجوش دفاع کے لیے بھی جانے جاتے ہیں، نے وقت نکال کر ایک پریس کانفرنس میں اس قرارداد کے لیے حمایت کا اظہار کیا۔ ایک خبر کے مطابق انہوں نے خبردار کیا کہ اگر موثر مقامی حکومت موجود نہ ہو تو ریاست اور عوام کے درمیان تعلق کمزور پڑ جاتا ہے۔ انہوں نے یکے بعد دیگرے آنے والی حکومتوں کو بلدیاتی نظام کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار ٹھہرایا اور سیاسی جماعتوں کو محض سیاسی مقاصد کے لیے بلدیاتی اداروں کی مدت کم کرنے سے باز رہنے کا مشورہ دیا۔ یہ سب ان لوگوں کے منہ پر طمانچہ تھا جو سیاستدانوں پر الزام لگاتے آئے ہیں کہ وہ بلدیاتی اداروں کے خلاف ہیں اور عوام کی ضروریات میں دلچسپی نہیں رکھتے لیکن سیاسی طبقے کے خلاف منفی ذہن سازی کے سلسلے کو دہائیاں گزر چکی ہیں۔ عوام میں بے اعتمادی اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ یہ سمجھنا مشکل ہوگیا ہے کہ وہی سیاستدان جو بلدیاتی اداروں کے بارے میں فکرمند دکھائی دیتے ہیں، حال ہی میں پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے اُس قانون کی حمایت میں بھی کیوں شامل تھے جو بظاہر انہی اصولوں کے منافی ہے جن کے بارے میں وہ اتنے بے چین ہیں۔

یہ نیا قانون گزشتہ ماہ منظور کیا گیا ہے اور اس پر تنقید کی جارہی ہے کہ اس کے ذریعے اصل اختیارات صوبائی حکومت اور بیوروکریسی کے پاس رہیں گے۔ جس پہلو نے سب سے زیادہ توجہ حاصل کی ہے، وہ یہ ہے کہ نئے قانون کے تحت بلدیاتی انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر کروائے جائیں گے لیکن یہ صرف ووٹ ڈالنے اور گنتی کی حد تک ہوگا۔ جو امیدوار آزاد حیثیت سے کامیاب ہوں گے، ان کے پاس 30 دن کے اندر کسی سیاسی جماعت میں شمولیت کا اختیار ہوگا مگر اس مدت کے بعد نہیں۔ جو لوگ سیاستدانوں پر اعتماد کھو چکے ہیں، وہ اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہ صورت حال جنرل ضیاالحق کے دور کے انتخابات کی یاد تازہ کرتی ہے۔ انہوں نے بھی پیپلز پارٹی کی ممکنہ کامیابی کے خدشے کے پیش نظر غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کروائے تھے لیکن اس امید پر کہ اس طرح ایک ایسی پارلیمنٹ وجود میں آئے گی جسے وہ آسانی سے قابو میں رکھ سکیں گے۔ لیکن یہ تجزیہ تھوڑا غیر حقیقی معلوم ہوتا ہے۔ آخر کوئی بھی شخص یہاں تک کہ کوئی ایسا شخص بھی جو سیاستدانوں پر بھروسہ نہیں کرتا، یہ کیوں سوچے گا کہ قانون ساز صرف وہی کرنے کے لیے قانون منظور کریں گے جو ایک فوجی حکمران کی خواہش ہے؟ اور کون یقین کرے گا کہ آج کے منتخب سیاستدان اسی طرح کام کریں گے جیسا کہ 40 سال پہلے سیاستدان کیا کرتے تھے؟ اس کے بعد سے دنیا بدل چکی ہے اور پاکستان بھی۔

درحقیقت اگر 40 سال پہلے کی صورت حال سے موازنہ کرنا ہو تو 1985ء کی اسمبلی اور اس وقت کے وزیراعظم محمد خان جونیجو اتنی رکاوٹیں ڈالنے والے ثابت ہوئے کہ ضیاالحق کو ان کی حکومت کو تحلیل کرنا پڑا تھا۔ لیکن موجودہ دور میں ایسی کوئی مشکلات نہیں ہیں کیونکہ آج سیاستدان اور اسٹیبلشمنٹ ایک طرح کی ہم آہنگی کی حالت میں ہیں جہاں دونوں 'ہم ساتھ ساتھ ہیں' کا نعرہ لگاتے نظر آتے ہیں۔ ان خوشگوار تعلقات پر سوال اٹھانے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے جو کہ کافی حد تک قدرتی لگتی ہے۔ درحقیقت یہ صرف حسنِ اتفاق ہے کہ پنجاب اسمبلی میں سیاستدانوں نے بلدیاتی نظام کی ضرورت اور اہمیت کو دریافت کرلیا ہے اور وہ بھی ایک ایسے وقت میں کہ جب اسلام آباد اور ایک قریبی شہر میں حکومت اور معیشت کو ٹھیک کرنے کے طریقوں پر بحث (جو کئی ماہ سے چل رہی ہے) کی گونج سنائی دے رہی ہے۔ سوال یہ تھا کہ کیا معاشی مسائل کو حل کرنے کے لیے صرف این ایف سی کی تشکیل نو کافی ہوگی یا 4 صوبوں کو مزید تقسیم کرکے کسی گورننس مسئلے کو بھی حل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی؟ بہت سے لوگوں کا کہنا تھا کہ سیاسی طور پر نئے صوبوں کا قیام مشکل ہے جبکہ بااختیار بلدیاتی اداروں کو یقینی بنانا آسان ہوسکتا ہے۔ حل کے حوالے سے ان تمام بات چیت کے درمیان یہ افواہ بھی گردش کررہی ہے کہ 27ویں آئینی ترمیمی بل (جس کے بارے میں سب کو توقع تھی کہ یہ آنے والا ہے) کو عدلیہ میں معمولی تبدیلیوں کے علاوہ مزید اصلاحات کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ تاہم اس وقت واقعی کسی کے پاس کوئی ٹھوس جواب نہیں ہے اور اب تک حکومت اس بات پر اصرار کرتی رہی ہے کہ وہ کسی ممکنہ ترمیم کے مسودے پر کام نہیں کررہی۔ یہ وہ جواب ہے جو متعدد حکومتی وزرا نے اپنے انٹرویوز کے دوران دیا ہے۔ لیکن حزب اختلاف کے ایک رکن کے بیان نے معاملے میں توجہ حاصل کی۔ جمعیت علمائے اسلام فضل الرحمٰن کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے ایک ٹیلی ویژن ٹاک شو کے دوران کہا کہ آئین میں 27ویں ترمیم کا مسودہ جلد ہی پارلیمنٹ میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ لگتا ہے میں آج کچھ زیادہ ہی موضوع سے بھٹک چکی ہوں۔ پنجاب اسمبلی کے قانون سازوں کو عوام کی اتنی پرواہ ہے کہ وہ آئین کے تحت بلدیاتی نظام کو تحفظ فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ یہ وہ اچھا مقصد تھا جس کے لیے پی پی پی، مسلم لیگ (ن) اور پی ٹی آئی ایک صفحے پر آئیں اور جس کا مل کر سب نے مطالبہ کیا۔ ہم لوگوں کو اس زبردست اقدام کو سراہنا چاہیے اور اس پر سوال نہیں اٹھانا چاہیے۔ آخر میں، میں یہ شامل کرتی چلوں کہ تادم تحریر بلاول بھٹو زرداری نے ایکس پر پوسٹ کیا کہ مسلم لیگ (ن) نے پی پی پی سے 27ویں ترمیم پر حمایت کے لیے رابطہ کیا ہے جو کہ این ایف سی سمیت دیگر مسائل پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔

طاقت اور ٹکراؤ کی سیاست کے مضمرات (1)

تجزیہ

سلمان عابد

پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی اور اپنی سیاسی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے ایک بڑی سیاسی تحریک چلانے کی کوشش کررہی ہے اور کہا جارہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی 29 اکتوبر کو ایک بڑا سیاسی لائحہ عمل دے گئے۔ پی ٹی آئی کے بقول اس تحریک کی قیادت پی ٹی آئی قیادت ہی کرے گی اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اس تحریک کا صرف انتظامی بنیادوں تک ساتھ دیں گے تاکہ اس تاثر کو ختم کیا جاسکے کہ نئے وزیراعلیٰ کی قیادت میں تحریک چل رہی ہے۔ پی ٹی آئی کا مسئلہ یہ ہے کہ ابھی تک اسے سیاسی سرگرمیوں کی مکمل اجازت نہیں ہے، اور اس کی سیاسی سرگرمیاں محض خیبر پختونخوا تک محدود ہیں۔ عدالتی احکامات کے باوجود پی ٹی آئی کو سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں مل رہی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابھی پی ٹی آئی کے لیے کسی بھی سطح پر کوئی ریلیف موجود نہیں ہے۔ یقیناً یہ صورت حال ایک بڑے ٹکراؤ کا منظر پیش کرتی ہے، اور اس ٹکراؤ سے بچنے کی بڑی ذمہ داری بھی وفاقی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ وفاقی حکومت نے سہیل آفریدی کی بطور وزیراعلیٰ تقرری کو ابھی تک قبول نہیں کیا ہے اور بعض وزرا برملا کہہ رہے ہیں کہ وہ لمبے عرصے تک وزیراعلیٰ نہیں رہ سکیں گے۔ ایسا لگتا ہے کہ وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کو نئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی مزاحمتی سیاست قبول نہیں ہے۔ اس لیے اگر سہیل آفریدی مزاحمت کا راستہ اختیار کرتے ہیں تو ان کا وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ سے ٹکراؤ یقینی ہے جو ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کا سبب بنے گا۔ دوسری طرف سیاسی پنڈت اگلے ماہ نومبر کو قومی سیاست کے لیے بہت اہم قرار دے رہے ہیں۔ ان کے بقول نومبر میں بہت سے ایسے فیصلے ہوں گے جو قومی سیاست میں بھونچال پیدا کرسکتے ہیں۔ جو سکون بہت سے لوگوں کو اس وقت اسلام آباد میں نظر آرہا ہے اس کے پیچھے ایک طوفان ہے۔ ایک بات بڑی واضح ہے کہ اس وقت ملک سیاسی عدم استحکام سے دوچار ہے جس کا نتیجہ ایک طرف معاشی بدحالی اور دوسری طرف سکیورٹی کی سنگین صورت حال کے تناظر میں سامنے آرہا ہے۔ اگرچہ حکومت مطمئن ہے کہ اس کی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ تعلقات بہت بہتر ہیں، اور ان تعلقات کی موجودگی میں کسی بھی قسم کی سیاسی تبدیلی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ بعض حکومتی حلقے تو یہ تک کہتے ہیں کہ اس وقت اسٹیبلشمنٹ کے پاس ان کی حمایت کے سوا کوئی آپشن نہیں ہے۔ اس لیے فوری طور پر حکومت یا اس کی اتحادی جماعتوں کو اسٹیبلشمنٹ سے کوئی بڑا خطرہ نہیں۔ یہ منطق نئی نہیں ہے، ماضی کے حکمرانوں کو بھی یہ زعم تھا کہ ان کے اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ تعلقات بہت بہتر ہیں۔ لیکن وقت نے ثابت کیا کہ جب حالات تبدیل ہوتے ہیں تو یہی بہتر تعلقات بداعتمادی میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ نومبر کے تناظر میں اسرائیل کو تسلیم کرنے کی باتیں بھی سامنے آرہی ہیں۔ امریکی صدر نے واضح طور پر کہا ہے کہ سعودی عرب کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بعد پاکستان سمیت دیگر اسلامی ممالک بھی اسرائیل کو تسلیم کرلیں گے۔ ایک اور کھیل یہ ہوا ہے کہ پاکستان میں انتہا پسندی کو روکنے کے لیے تحریک لبیک پاکستان کو سیاسی طور پر بین کردیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت نے یہ فیصلہ پنجاب کی صوبائی حکومت کے کہنے پر کیا ہے اور تحریک لبیک پر الزام لگایا گیا ہے کہ وہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے۔

اب وفاقی حکومت اس معاملے کو سپریم کورٹ میں لے کر جارہی ہے، دیکھنا ہوگا کہ کیا تحریک لبیک اس فیصلے کو عدالت میں چیلنج کرتی ہے یا خاموش رہتی ہے؟ سوال یہ بھی ہے کہ یہ تنظیمیں کیسے تشکیل دی جاتی ہیں اور ان کی سرپرستی کون کرتا ہے؟ جب اس طرز کی تنظیموں سے سیاسی مفادات پورے ہوجاتے ہیں تو پھر انہیں بین کردیا جاتا ہے۔ لیکن ہم نے ماضی میں دیکھا ہے کہ جب بھی کسی تنظیم یا جماعت کو بین کیا گیا ہے وہ نئے نام کے ساتھ سامنے آئی ہے۔ اس مسئلے کا حل محض طاقت کی بنیاد پر کسی کو ختم کرنا نہیں بلکہ ان معاملات کا سیاسی حل بھی تلاش کرنا ضروری ہے۔ سوال یہ بھی ہے کہ اگر اسٹیبلشمنٹ اور بانی پی ٹی آئی کے درمیان مزاحمت جاری رہتی ہے اور دونوں فریق ایک دوسرے کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے یا ایک دوسرے کے لیے کوئی سیاسی راستہ تلاش نہیں کرتے تو اس سے کیا قومی سیاست میں عدم استحکام پیدا نہیں ہوگا؟ یہ ذمہ داری جہاں بانی پی ٹی آئی پر عائد ہوتی ہے، وہیں ریاستی اداروں اور وفاقی حکومت پر بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ مفاہمت کا راستہ اختیار کریں۔ کیونکہ ماضی کا سبق یہ ہے کہ سیاسی جماعتوں کو طاقت کے ذریعے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ جب تک اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی کے درمیان کوئی درمیانی راستہ نہیں نکلے گا، یہ سیاسی بحران بدستور قومی سیاست پر غالب رہے گا۔ اس بحران سے نمٹنے کے لیے سب کو سیاسی ضد سے باہر نکلنا ہوگا اور ساتھ ساتھ ایک دوسرے کے بارے میں موجود سیاسی تعصب کا بھی خاتمہ کرنا ہوگا۔ اسٹیبلشمنٹ کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ بانی پی ٹی آئی ایک سیاسی حقیقت ہیں، اور تمام تر حکمت عملیوں کے باوجود اسٹیبلشمنٹ اور وفاقی حکومت ان کی سیاسی مقبولیت کم نہیں کرسکی ہیں، اور آج بھی وہ سب سے پاپولر سیاست دان سمجھے جاتے ہیں۔ اسی طرح بانی پی ٹی آئی کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ اسٹیبلشمنٹ کے خلاف مزاحمت اپنی جگہ.. لیکن کوئی درمیانی راستہ ہی ان کو مدد دے سکتا ہے۔ ایک بات واضح ہے کہ اگر اسٹیبلشمنٹ پاکستان کی دو بڑی سیاسی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی پر انحصار کرکے آگے بڑھنا چاہتی ہے تو اس میں کامیاب نہیں ہوسکے گی۔ کیونکہ یہ دونوں سیاسی جماعتیں اس وقت عوام میں نہ صرف اپنا اعتماد کھو چکی ہیں بلکہ ایک سیاسی بوجھ کے طور پر بھی سامنے آئی ہیں۔ عمران خان کی مقبولیت کی ایک بنیادی وجہ بھی یہی ہے کہ لوگ ان دونوں بڑی سیاسی جماعتوں اور ان کی قیادتوں کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اس لیے پاکستان کے موجودہ بحران کو دیکھتے ہوئے ایک موثر سیاسی حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے۔ تبدیلی اسی صورت میں ممکن ہوگی جب ملک کو سیاسی اور جمہوری اصولوں کے ساتھ ساتھ آئین اور قانون کی حکمرانی کے تابع کیا جائے گا۔ لیکن بدقسمتی سے اس وقت ہماری ترجیحات میں نہ تو جمہوریت ہے اور نہ ہی آئین اور قانون کی حکمرانی کا تصور نظر آتا ہے۔ اس لیے لوگ موجودہ سیاسی نظام سے نالاں نظر آتے ہیں، ان کو لگتا ہے کہ موجودہ نظام ریاست کو درپیش چیلنجوں سے نہیں بچا سکے گا۔ پاکستان کا مسئلہ محض داخلی بحران تک محدود نہیں ہے بلکہ ہم علاقائی صورت حال میں بھی پوری طرح پھنس کر رہ گئے ہیں۔ اگر افغانستان کے ساتھ ہمارے معاملات درست نہیں ہوتے تو پھر بھارت اور افغانستان کا باہمی گٹھ جوڑ پاکستان کو مزید نئے سکیورٹی مسائل سے دوچار کرسکتا ہے اور اس کا نتیجہ مزید دہشت گردی کی صورت میں سامنے آسکتا ہے۔ اس لیے پاکستان کی ریاست کو موجودہ بحران سے نکلنے کے لیے اپنے سیاسی کارڈ درست حکمت عملی کے ساتھ کھیلنے ہوں گے، اور یہ درست حکمت عملی اسی صورت میں ممکن ہوگی

پاک افغان کشیدگی' ذبیح اللہ مجاہد کا مفاہمانہ موقف

وفاق نامہ

رشید صافی

پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی نے دونوں ملکوں کے تعلقات کو نازک موڑ پر لا کھڑا کیا ہے۔ سرحد پار سے ہونے والے دہشت گردانہ حملوں میں خطرناک اضافے، افغان مہاجرین کی بڑی تعداد میں واپسی اور حالیہ سرحدی کشیدگی نے صورتحال کو اس حد تک بگاڑ دیا ہے کہ خطے میں بڑے تصادم کا خدشہ سر اٹھانے لگا ہے۔ ایسے میں یہ سوالات اہمیت اختیار کرگئے ہیں کہ اس کشیدگی کی اصل وجوہات کیا ہیں؟ افغانستان دہشت گردی کے محرکوں کو کیوں تحفظ فراہم کر رہا ہے؟ پاکستان کی قیمت پر بھارت کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے الزامات میں کتنی صداقت ہے؟ سب سے اہم یہ کہ طالبان رجیم کیا واقعی پاکستان کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کیلئے سنجیدہ ہے؟ ان تمام سوالات کے جوابات حاصل کرنے اور طالبان کے حقیقی موقف کو سمجھنے کی غرض سے ہم نے افغان طالبان کے مرکزی ترجمان اور عبوری حکومت کے کلیدی ابلاغی چہرے ذبیح اللہ مجاہد کیساتھ ٹیلی فونک گفتگو کی۔ اُنکے جوابات موجودہ بحران کے سفارتی پہلوؤں کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔ ذبیح اللہ مجاہد ایسی شخصیت ہیں جنہوں نے طویل عرصہ گمنامی اور زیر زمین رہ کر طالبان کے بیانیے کو دنیا تک پہنچایا۔ وہ جنوری 2007ء میں افغان طالبان کے سرکاری ترجمان کے طور پر منظر عام پر آئے' ایک ایسے وقت میں جب افغانستان میں نیٹو اور امریکی افواج کی موجودگی کے باعث طالبان پر سخت دباؤ تھا۔ وہ اس مشکل صورتحال میں بھی طالبان کی جنگی کارروائیوں اور موقف کو مسلسل عالمی سطح پر پہنچاتے رہے۔ افغانستان سمیت خطے کے ابلاغی حلقوں میں انہیں ان کی پیشہ ورانہ خوبیوں کی وجہ سے سراہا جاتا ہے۔ ان کی سب سے نمایاں خوبیاں ان کی آسان رسائی' بروقت جواب دہی اور مشکل سوالات پر بھی تحمل سے اپنا موقف پیش کرنا ہے۔ ان خصوصیات نے انہیں عالمی میڈیا کیلئے طالبان کے نظریات اور بیانات کی تصدیق کا قابل اعتماد ذریعہ بنا دیا۔ اگست 2021ء میں کابل پر طالبان کے قبضے کے بعد وہ پہلی بار منظر عام پر آئے اور اب براہ راست حکومتی ترجمانی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

ذبیح اللہ مجاہد سے ہونے والی گفتگو چونکہ سوال جواب پر مبنی تھی' اس لیے قارئین کی سہولت کیلئے اسے تین مرکزی موضوعات کے تحت پیش کیا جارہا ہے۔ پاک افغان کشیدگی کی جڑ میں سب سے بڑا مسئلہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر عسکریت پسند گروہوں کی افغان سرزمین پر موجودگی اور سرگرمیاں ہیں۔ اس حوالے سے کیے گئے سوالات اور مجاہد کے جوابات نے طالبان کے موقف کو اجاگر کیا۔ ہم نے ذبیح اللہ مجاہد سے استفسار کیا کہ اگر پاکستان حافظ گل بہادر اور مفتی نور ولی جیسے ہائی پروفائل ٹی ٹی پی رہنماؤں کی افغانستان میں موجودگی کے ٹھوس ثبوت فراہم کرتا ہے تو کیا افغان حکومت انہیں پاکستان کے حوالے کرے گی؟ ذبیح اللہ مجاہد نے ہاں میں جواب دیتے ہوئے کہا: "اس مقصد کیلئے ہم باقاعدہ میکانزم بنانے کیلئے تیار ہیں اور انٹیلی جنس شیئرنگ پر پاکستان کیساتھ ہر ممکن تعاون کر سکتے ہیں مگر کسی صورت جنگ کی طرف نہیں جانا چاہتے۔ ہم واضح کر چکے ہیں کہ دہشت گردی میں ملوث کوئی بھی عنصر' جو ہماری سرزمین استعمال کرے یا پاکستان میں پناہ گزین ہونے کے بعد اس کا ارتکاب کرے اور افغانستان میں پناہ لینے کی کوشش کرے' ایسے عناصر کو ہم پاکستان کے حوالے کرنے کیلئے بالکل تیار ہیں' بشرطیکہ ثبوت فراہم کیے جائیں"۔ ہم نے اقوام متحدہ کی رپورٹ کا حوالہ دیتے پوچھا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے پانچ سے چھ ہزار لوگوں کو پاکستان کے حوالے کرنے میں کیا امر مانع ہے؟ ذبیح اللہ مجاہد کا جواب اس معاملے کی ایک اور پرت کھولتا ہے۔ انکا موقف تھا کہ مذکورہ رپورٹ میں بتائی گئی تعداد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں جنہیں افغان حکومت مہاجرین سمجھتی ہے۔ انہوں نے استنبول مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ "ہم نے متعدد بار یہ پیشکش کی کہ جو پانچ یا چھ ہزار لوگ ہیں وہ ہم پاکستان کے حوالے کر دیتے ہیں مگر ہمیں کوئی مثبت ردعمل نہ ملا' مطلب یہ کہ پاکستان انہیں قبول کرنے کیلئے تیار نہیں"۔ جب ہم نے استنبول مذاکرات میں افغان وفد کی بظاہر ناتجربہ کاری پر استفسار کیا تو مجاہد نے یقین دہانی کرائی کہ چھ نومبر کو ہونے والی اگلی مذاکراتی نشست میں افغانستان کا اعلیٰ سطحی وفد شریک ہوگا تاکہ اسے بامقصد اور بامعنی بنایا جاسکے۔

کشیدگی کے دوران پاکستان کو خدشات تھے کہ افغانستان پاکستان کی قیمت پر بھارت کے ساتھ تعلقات کو بڑھا رہا ہے۔ اس حساس معاملے پر مجاہد کا موقف یہ تھا کہ افغانستان کبھی بھی پاکستان کی قیمت پر بھارت کے ساتھ تعلقات قائم نہیں کرے گا۔ بھارت کے ساتھ افغانستان کے تعلقات صرف سفارتی اور تجارتی نوعیت کے ہیں' جن کا مقصد افغانستان کی معیشت کو بہتر کرنا ہے۔ انہوں نے پاکستان کی خصوصی اہمیت کو تسلیم کیا اور کہا کہ پاکستان کی اہمیت دوسرے تمام پڑوسیوں سے زیادہ ہے کیونکہ پاکستان ہمارے ثقافت وتمدن کے قریب ہے۔ شیخ ہیبت اللہ اخونزادہ کا واضح بیان موجود ہے کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنایا جائے کیونکہ دونوں ممالک کا عوامی سطح پر محبت اور بھائی چارے کا گہرا رشتہ ہے۔

ڈیورنڈ لائن کے معاملے پر ہمیں توقع تھی کہ ذبیح اللہ مجاہد افغان حکومت کے سخت گیر روایتی موقف کا اعادہ کریں گے مگر ان کا جواب غیر متوقع حد تک لچکدار اور مفاہمانہ تھا۔ ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ ڈیورنڈ لائن گڑا مردہ ہے' اسے دوبارہ اکھاڑنے کی ضرورت نہیں۔ طالبان اسے ایشو نہیں بنانا چاہتے۔ دوسرا فریق بھی اسے تنازع نہ بنائے۔ جب ہمارا امن معاہدہ ہو جائے گا تو اچھے ماحول میں اگر کسی نے ڈیورنڈ لائن کی بات کرنی ہے تو کی جاسکتی ہے۔ ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ اصل مسئلہ سرحدی بندش اور افغان مہاجرین کی واپسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف افغان مہاجرین کو نکالا جا رہا ہے اور دوسری طرف بارڈر کی بندش بھی برقرار ہے۔ انکا کہنا تھا کہ راستے اور بارڈر ہم نے نہیں بلکہ دوسرے فریق نے بند کیے ہیں۔ افغانستان تو چاہتا ہے کہ آج ہی تمام سرحدی راستے کھول دیے جائیں۔ ذبیح اللہ مجاہد نے تسلیم کیا کہ پاکستان دہائیوں تک افغان مہاجرین کا میزبان ملک رہا ہے اور وہ اس احسان کو فراموش نہیں کرسکتے۔ انہوں نے ایک مثال دیتے ہوئے طالبان کی سنجیدگی کی یقین دہانی کرائی کہ سپن بولدک میں جب ایک پاکستانی خاندان غلطی سے افغان طالبان کے مارٹر گولے کا نشانہ بنا' جس میں کچھ پاکستانی شہری شہید بھی ہوئے تو افغان طالبان کے سپریم لیڈر ملا ہیبت اللہ اخونزادہ نے نہ صرف اس واقعے میں ملوث افراد کو جیل میں ڈالا' جو آج تک جیل میں ہیں بلکہ شہید ہونے والے پاکستانی شہریوں کے لواحقین کو فی کس 25 لاکھ روپے دیت بھی ادا کی۔

افغان رجیم، فتنۃ الخوارج گٹھ جوڑ

امتحان

صوفیہ بیدار

اس امر میں دو رائے نہیں ہیں کہ افغان طالبان اور فتنۃ الخوارج یعنی ٹی ٹی پی اصل میں ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ اس سلسلے میں ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ یہاں وطن عزیز میں بھی بہت سے فتنۃ الخوارج کے حامی یہ تاثر پھیلانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ افغان طالبان کا ٹی ٹی پی پر کوئی کنٹرول نہیں ایسا تاثر دینے والوں کو اس گٹھ جوڑ کا حصہ کیوں نہ سمجھا جائے بلکہ دوسرے الفاظ میں یہی وہ لوگ ہیں جو وطن دشمن قوتوں کے سہولت کار ہیں۔ طالبان رجیم کے خوارج سے کچے رشتے اس امر سے بھی ثابت ہیں کہ نور ولی نے ہیبت اللہ کی بیعت کر رکھی ہے اور بقول ان کی کم عقل سوچ کے وہ ہر کام میں ان کے ساتھ ہیں۔ دوسرا بڑا ثبوت یہ ہے کہ افغان طالبان پاکستان سمیت بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر بھی یہ کھلی آفر دے چکے ہیں کہ وہ فتنۃ الخوارج کو پیسوں کے بدلے میں افغانستان میں ان کی نقل مکانی کروا سکتے ہیں سٹیٹمنٹ کیا ثابت کرتی ہے کہ موجودہ وہ دہشت گرد نہ صرف ان کی پناہ میں ہیں بلکہ مکمل کنٹرول میں ہیں جبھی ان نقل مکانی بھی افغان رجیم کی مرہون منت ہے۔ ایسی اوپن آفرز کے بعد افغان طالبان کا یہ کہنا کہ خوارج پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے کس قدر طالع آزما، فتنہ پرور اور منافقانہ طرز عمل ہے۔ ثبوت اور بھی بہت ہیں مگر اس سے بڑا دلچسپ امر کیا ہوگا کہ خود اپنے دام میں صیاد آگیا کے مصداق افغانستان کی اسلام آباد پر حملہ کی دھمکی کیا معنی رکھتی ہے وہ بھی ایسی صورت حال میں جبکہ افغانستان کے پاس میزائل اور ہتھیار تک موجود نہیں۔ یعنی سیدھا مطلب یہ نکلتا ہے کہ وہ دہشت گردوں اور ان کے ذریعے کئے گئے دھماکوں سے پاکستانی شہریوں، املاک کو نشانہ بنانا چاہتے ہیں اور اتنا ہی نہیں یہ طرز عمل ثابت کرتا ہے کہ طالبان رجیم پہلے بھی ایسا کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی ایسی خفیہ کارروائیوں کا ارادہ رکھتی ہے یہی ان کا طرز سیاست اور بلیک میلنگ پوائنٹ ہے کیونکہ پاکستان ایک ترقی یافتہ وسائل سے بھرپور بلند و بالا عمارتوں عظیم الشان اداروں سے سجا ہوا ہے جو نقصان کا متحمل نہیں ہوسکتا جبکہ افغانستان انتہائی پسماندہ، ناہموار بغیر اداروں بغیر جدید ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی سے محروم ایسا خطہ ہے جس کے عوام جیسے طالبان مائنڈ ڈ رجیم کے پیچھے چڑھے ہوئے ہیں جنگ میں ان کے پاس گنوانے کو کچھ نہیں جبکہ پاکستان کے پاس جدید ترین ہسپتال ادارے، ہتھیار ٹیکنالوجی اور دیگر اثاثوں کے باعث افغانستان جیسے ملک سے کوئی بھی نہیں الغرض افغانستان کے پاس گنوانے کو کچھ نہیں لہٰذا وہ کرائے کی دہشت گردی پر تیار رہتے ہیں پاکستان مالا مال ہے کچھ گنوانے کو اس لئے بھی تیار نہیں کہ یہاں کی مسلح افواج اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو سبق سکھا چکی ہیں اور اس سے بھی زیادہ کی اہلیت رکھتی ہیں آدھی دنیا پاکستان کی سلامتی کے ساتھ سلامت ہے جس کا اعلان فیلڈ مارشل عاصم منیر پہلے بھی کر چکے ہیں۔

البتہ چھوٹی چھوٹی ڈوزن سے چوہے کے بل سے نکلنے کے مترادف افغان شناخت والے خاندانوں کے والے اکثر پکڑے جاتے ہیں جو پاکستان میں منفی کارروائیاں کرتے رہتے ہیں کھل کر سامنے لڑنے کی صورت حال تو گزشتہ دنوں عوام نے دیکھ رکھی ہے کہ کس طرح ہماری افواج کے سامنے افغان طالبان چار دن ہی میں توبہ کر گئے۔

اس میں بھی کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ دہشت گردی کے کئی تربیتی مراکز کا وجود افغان سرزمین پر ہے حتیٰ کہ جب جعفر ایکسپریس کا انتہائی افسوسناک واقعہ ہوا تو فتنۃ الخوارج گل رحمان ہرات افغانستان سے رابطے میں تھا۔ خارجی نور ولی اور دیگر لیڈران کی کابل اور قندھار میں موجودگی کیا معنی رکھتی ہے۔ افغانستان طالبان دہشت گردی ہی کو اوڑھنا بچھونا اس لئے بنا رکھا ہے کہ دیگر ترقی کے کوئی کام تو ان کو کرنا نہیں اسی کے بل پر وہ بین الاقوامی اور موجودہ خطے کی سیاست میں "ان" ہیں۔

ترکیہ اور قطر کے مشترکہ اعلامیہ و کاوش کی کوشش میں افغان بالآخر ڈائیلاگ پر پہنچنا چاہتے ہیں اس میں پاکستان واضح موقف رکھتا ہے کہ وہ اپنی سرحدوں کی حفاظت و سلامتی پر کس طرح کا کمپرومائز نہیں کرے گا۔ جس کی حتمی شرط یہ ہے کہ پاکستان افغان سرزمین کو کسی صورت پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دے گا۔ ان شرائط میں دہشت گردی کی تربیت گاہوں کا مکمل طور پر تباہ ہونا ان دہشت گردوں کے لیڈروں کے خلاف تادیبی کارروائی لازمی ہے۔

ان حتمی شرائط پر اگر افغانستان حکومت پوری نہیں اترتی اور اپنے ان اڈوں کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے سے نہیں روکتی تو پاکستان بھی اس مشروط سیز فائر کو ختم کرنے کا حق رکھتا ہے۔ پاکستان اپنے تئیں پوری نیک نیتی سے اپنے اور ہمسایہ ممالک کے درمیان امن کا خواہاں ہے مگر یہ خواہش کمزوری نہیں تاہی اسے غیر مشروط سمجھا جائے۔ پاکستان پر وعدہ خلافی کی صورت میں اپنے دفاع کا حق سرحدوں پر آگے بڑھ کر شکست فاش دیکر اپنے مخصوص دلیرانہ انداز میں استعمال کرے گا۔ یہ سچ ہے کہ امن ہماری خواہش، جنگ کی صورت میں دشمن کو مات دینا ہماری عادت اور دہشت گردی پر زیرو ٹالرنس ہمارا وطیرہ ہے۔

نوے سالہ لیجنڈ

برج نرائن چکبست کا مشہور شعر ہے:

اس کو ناقدری عالم کا صلہ کہتے ہیں
مر گئے ہم تو زمانے نے بہت یاد کیا

مگر انور مسعود کے بچوں نے ایسا نہیں ہونے دیا! انور مسعود صاحب نوے برس کے ہوئے تو ان کے بچوں اور بچوں کے بچوں نے ایک یادگار تقریب منعقد کی۔ اس میں اسلام آباد کی ادبی اور سماجی شخصیات تو مدعو تھیں ہی' لاہور سے سہیل احمد

تلخ نوائی

محمد اظہار الحق

izhar@izharulhaq.net

(عزیزی) بطور خاص تشریف لائے۔ انور صاحب کے فرزند' کالم نگار اور میڈیا پرسن' عمار مسعود نے شگفتہ انداز میں نظامت کی۔ شکیلہ عمار مسعود نے اپنے بابا کے فن پر ڈاکیومنٹری پیش کی۔ دوسری بہو' روشین عاقب' جو امجد اسلام امجد کی صاحبزادی ہیں' اس تقریب کے انتظام و انصرام میں پیش پیش تھیں! انور صاحب کی زبان ذکر الٰہی سے تر رہتی ہے۔ ان پر خدا کا خصوصی کرم ہے۔ دنیا بھر میں مقبولیت تو ہے ہی' ان کے بچے' بہوئیں اور داماد ان پر جان چھڑکتے ہیں! میرا اعزاز کہ اس تاریخی فنکشن میں میں بھی شریک تھا اور جن چند افراد نے انور مسعود کے حوالے سے گفتگو کی ان میں بھی شامل تھا!! والد گرامی مرحوم' حافظ محمد ظہور الحق ظہور فارسی کے شاعر استاد اور سکالر تھے۔ اس حوالے سے ان کے انور مسعود صاحب سے بہت اچھے مراسم تھے۔ مجھ بے بضاعت پر بھی انور مسعود صاحب ہمیشہ سے شفقت اور محبت کرتے آئے ہیں۔

انور مسعود صاحب کی شاعری' علم اور شخصیت کی بہت سی جہات ہیں! ہر جہت پر بات کی جائے تو بہت سے صفحات اور بہت سا وقت درکار ہوگا! پروفیشن کے اعتبار سے وہ فارسی زبان و ادب کے استاد ہیں۔ ان کی اہلیہ مرحومہ بھی فارسی کی پروفیسر تھیں۔ ان کی ایک دختر نیک اختر بھی اسی شعبے سے منسلک ہیں۔ "فارسی ادب کے چند گوشے" انور مسعود صاحب کی معروف تصنیف ہے۔ بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگا کہ ہماری قدیم روایت کے عین مطابق وہ بہت اچھے خطاط بھی ہیں۔ انور صاحب لفظوں کی ساحری کرتے ہیں۔ اس ساحری میں ان کا کوئی ثانی نہیں۔ یہ ساحری ہی ان کی شاعری کی اصل بنیاد ہے۔ چار زبانوں پر عبور ہے اور چاروں زبانوں سے اس طرح کام لیتے ہیں جیسے زبانیں نہ ہوں زرخرید کنیزیں ہوں! یہ کنیزیں ان کے حضور دست بستہ کھڑی رہتی ہیں اور حکم کی منتظر!! ایران کے سفر کے دوران ان کے لباس پر دہی گر پڑا۔ ایرانی میزبانوں کو فوراً کہا" از ماست کہ بر ماست"۔ پہلے ماست کا معنی دہی ہے۔ "برماست" کا مطلب "ہمارے اوپر" ہے۔ ایسی نکتہ وری شاید اہل زبان بھی نہ دکھا سکیں! ایک قطعہ دیکھیے کس طرح لفظوں سے کھیلتے ہیں اور لفظ لفظ معنی نکالتے جاتے ہیں:

اگر ہیں تیغ میں جوہر جواہر میں خمیرے ہیں
ادھر زور آزمائی ہے' ادھر طاقت کے نسخے ہیں
مطلب میں اور میدان وغا میں فرق اتنا ہے
وہاں کشتوں کے پشتے ہیں یہاں پشتوں کے کشتے ہیں

(وغا جنگ کو کہتے ہیں)۔ ایک اور قطعہ ملاحظہ کیجیے۔ نان اور commitmentNon کو کس ذہانت' کس مہارت اور کس چابک دستی سے استعمال کرتے ہیں:

جنت سے نکالا ہمیں گندم کی مہک نے
گندھی ہوئی گیہوں میں کہانی ہے ہماری
روٹی سے ہمیں رغبت دیرینہ ہے انور
یہ نان کمٹمنٹ پرانی ہے ہماری

دوسرے مصرعے کی چستی اور خوبصورتی پر غور کیجیے اور سر دھنیے۔

انور مسعود صاحب کا اصل کمال یہ ہے کہ اپنی پنجابی شاعری کے ذریعے انہوں نے اُس اصل پنجابی ثقافت کو زندہ کرنے اور زندہ رکھنے کی کامیاب کوشش کی ہے جو بدقسمتی سے ہمارے ہاتھوں سے پھسلتی جارہی ہے۔ مشرقی پنجاب کی پنجابی کے برعکس ہماری پنجابی کے خیمے میں اردو اور انگریزی کا اونٹ گھس چکا ہے۔ ایک المیہ تو یہ ہے کہ سندھیوں اور پٹھانوں کے برعکس' پنجابی اپنے بچوں کے ساتھ پنجابی بولنے سے مکمل پرہیز کرتے ہیں۔ اس کالم نویس کے بچے اسلام آباد میں پیدا ہوئے' پلے بڑھے اور گھر میں پنجابی بولتے ہیں۔ میرے پوتیاں پوتے بھی' جو دساور میں پیدا ہوئے اور وہیں رہتے ہیں' گھر میں پنجابی بولتے ہیں۔ کم از کم مجھے ابھی تک کوئی پنجابی خاندان اسلام آباد میں ایسا نہیں ملا جس کے بچے گھر میں پنجابی بولتے ہوں۔ پوچھا جائے تو پھسپھسے لہجے میں لوگ کہہ دیتے ہیں کہ "بچے پنجابی سمجھ لیتے ہیں"۔ اس پنجابی کش ماحول میں انور مسعود نے غضب کی پنجابی شاعری کی اور اس شاعری کے ذریعے ڈوبتی پنجابی ثقافت کو بچانے کی کوشش کی۔ تنور ہمارے کلچر کا ایک اہم حصہ تھا۔ میری نسل کے لوگ بچپن میں گھر سے گندھا ہوا آٹا لے کر جاتے تھے اور محلے کے تنور سے روٹی پکوا کر لاتے تھے۔ تنور والی (ماچھن یا دھیوری Dheenwri) معاوضے میں ایک پیڑا رکھ لیتی تھی۔ تنور پر آئی ہوئی عورتوں کی گفتگو کمال کی ہوتی تھی۔ انور صاحب کی نظم "تندور" ادب اور ثقافت کا ایک شہکار ہے۔ مشہور نظم "پنچایت" انہوں نے بی اے میں کہی تھی۔ سنا ہے

تدبیر یا تصادم؟

وفاق نامہ

رشید صافی

سیاست کی راہ گزر پر مشکلات کا سامنا کرنا کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔ مشکلات ہر سیاسی جماعت کے سفر کا ایک لازمی حصہ ہوتی ہیں مگر اصل کمال اور حکمت عملی یہ ہے کہ ان مصائب کا سامنا کس تدبیر اور حکمت سے کیا جاتا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ وہی جماعتیں کٹھن ادوار سے سرخرو ہوکر نکلتی ہیں جو حسن تدبیر اور مصالحانہ رویے کو اپنا شعار بناتی ہیں۔ اگر ہم ماضی قریب کے اوراق پلٹیں اور پرویز مشرف کے دور کا جائزہ لیں تو (ق) لیگ کو چھوڑ کر تقریباً ہر بڑی سیاسی قوت کے لیے وہ آزمائش کا دور تھا۔ مسلم لیگ (ن) نہ صرف اقتدار سے محروم ہوئی بلکہ شریف خاندان کو جلاوطنی کی سختیاں بھی جھیلنا پڑیں۔ اس وقت کے منصوبہ سازوں کو گمان تھا کہ ان کا اقتدار دائمی ہے مگر بڑی سیاسی جماعتوں کی فہم و فراست نے لندن میں میثاق جمہوریت کی بنیاد رکھی۔ یہ معاہدہ محض ایک سیاسی دستاویز نہیں تھا بلکہ ایک تاریخی موڑ ثابت ہوا جس نے سیاسی قیادت کی ملک واپسی کی راہ ہموار کی اور بالآخر جمہوریت کی بحالی کا سبب بنا۔ اس سے قبل پاکستان پیپلز پارٹی بھی اسی نوعیت کی مشکلات سے دوچار ہوئی تھی' مگر مشکل کا یہ مرحلہ اختتام پذیر ہوا۔ سوال یہ ہے کہ مشکل کے مراحل کو گزارا کیسے جاتا ہے؟ ایسے نازک ادوار میں غلطیوں کی گنجائش نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ جب آندھی کی ہوا آپ کے مخالف سمت چل رہی ہو تو سینہ تان کر طوفان سے ٹکرانے کے بجائے' آندھی کے تھمنے کا انتظار کیا جائے۔ عین طوفان کے وقت سینہ سپر ہونا عقل مندی نہیں بلکہ جذباتیت کہلاتا ہے۔ بانی تحریک انصاف عمران خان نامساعد حالات میں بھی ڈٹ جانے اور اداروں سے ٹکراؤ کو اپنی سیاست کا مرکز و محور بنائے ہوئے ہیں۔ وہ تصادم اور محاذ آرائی کو ہی کامیابی کی کلید سمجھتے ہیں چونکہ خان صاحب پچھلے دو سال سے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کررہے ہیں لہٰذا ایسے وقت میں بنیادی ذمہ داری متبادل قیادت پر عائد ہوتی ہے کہ وہ پارٹی کو بحران سے نکالے۔ حیرت ہے پی ٹی آئی کی متبادل قیادت اس مشکل مرحلے سے نکلنے کے لیے مفاہمانہ رویہ اپنانے کے بجائے' بظاہر خان صاحب کے نقش قدم پر چلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ ایسے مواقع پر سیاسی بصیرت کا تقاضا یہ تھا کہ متبادل قیادت مفاہمت اور مصالحت کا راستہ اختیار کرتی جیسا کہ ماضی میں دوسری جماعتوں نے کیا۔ مگر یہاں صورتحال یہ ہے کہ متبادل قیادت کوئی بھی فیصلہ خان صاحب کی مرضی کے بغیر لینے کو تیار نہیں ہے۔ اگر مرکزی قیادت تصادم پر مصر ہے تو پوری پارٹی میں کوئی ایک بھی فرد ایسا نظر نہیں آتا جو صلح جوئی یا مفاہمت کی بات کرنے کی جرأت کرے۔

پی ٹی آئی کے پاس سیاسی بحران ختم کرنے کے کئی مواقع تھے۔ ایک بہترین موقع اس وقت آیا تھا جب اسے خیبر پختونخوا میں حکومت بنانے کا اختیار ملا۔ صوبائی حکومت کی آڑ میں وفاق کے ساتھ رنجشیں اور تناؤ کم کرکے پارٹی کو بحران سے نکالا جاسکتا تھا' لیکن جب وزارت اعلیٰ کے لیے علی امین گنڈاپور کا نام سامنے آیا تو یہ واضح ہوگیا کہ خان صاحب تصادم کا راستہ ترک کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ بعد ازاں جب پارٹی کے اندرونی اختلافات کی بنا پر علی امین گنڈاپور کو ہٹایا گیا تو یہ دوسرا موقع تھا کہ صوبائی کارڈ کو استعمال کر کے پارٹی اور خان صاحب کے لیے آسانیاں پیدا کی جاتیں۔ مگر خان صاحب ایک بار پھر بادمخالف کے سامنے ڈٹ گئے اور وزارت اعلیٰ کے لیے سہیل آفریدی کا نام پیش کر دیا۔ اب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سختی اور جذباتیت میں اپنے پیشرو سے بھی آگے دکھائی دیتے ہیں' کابینہ میں بھی اپنے ہم مزاج افراد کو شامل کر چکے ہیں۔ کور کمانڈر پشاور سے ملاقات کو غلط رنگ دینے' سیاسی بیانیے سے جوڑنے اور سیاسی فوائد کشید کرنے کی کوششوں کا مقصد کیا ہے؟ خیبر پختونخوا کو اس وقت دہشت گردی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے' جہاں افغان سرزمین سے آئے روز شدت پسند عناصر مذموم کارروائیاں کررہے ہیں۔ کیا ایسے حالات میں وزیراعلیٰ کو یہ زیب دیتا ہے کہ وفاق کے ساتھ ساتھ سکیورٹی اداروں کے بھی مخالف سمت میں کھڑے ہوں؟ یہ رویہ صوبے کے امن و امان اور گورننس کے لیے انتہائی خطرناک ہے۔ دیگر سیاسی جماعتوں پر جب مشکل وقت آیا تو انہوں نے مصالحت کا راستہ اختیار کیا۔ مصالحت اور مفاہمت کی وجہ سے مشکل وقت گزر گیا اس کے برعکس پی ٹی آئی کا مجموعی رویہ تصادم اور محاذ آرائی کا ہے۔ خان صاحب کے پیش نظر شاید یہ ہے کہ وہ اس سخت گیر بیانیے پر قائم رہ کر اپنے ووٹ بینک کو محفوظ رکھ سکتے ہیں کیونکہ ان کا زیادہ تر ووٹر نوجوان ہے اور وہ سخت موقف کو پسند کرتا ہے۔ خان صاحب کے سخت گیر موقف کو پسند کرنے والوں کی تعداد محدود ہے' ایسے میں گورننس کو کیسے نظر انداز کیا جاسکتا ہے؟ وقت بہت تیزی سے گزر رہا ہے۔ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی تقریباً پچھلے بارہ برسوں سے حکمرانی کر رہی ہے۔ دعوؤں کے برعکس زمینی حقائق ہر شعبے کی زبوں حالی کی داستان سناتے نظر آتے ہیں۔ اگر ہم پنجاب اور سندھ کو دیکھیں تو ان کے درمیان گورننس میں ایک طرح سے مسابقت چل رہی ہے۔ صوبوں میں یہی ہونا چاہیے تاکہ مقابلے سے عوام کو فائدہ ہو اور اگلے الیکشن میں عوام اپنے نمائندوں کا انتخاب کارکردگی کی بنیاد پر کریں۔ اس تناظر میں جب خیبر پختونخوا کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں شدید مایوسی ہوتی ہے۔ عوامی منصوبوں کو بھی پارٹی معاملات کی نذر کر دیا گیا ہے بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پارٹی معاملات کو عوامی معاملات پر ترجیح دی جارہی ہے۔ مفاہمت اور تصادم ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ پی ٹی آئی میں جو ذہن یہ سوچ رہے ہیں کہ تصادم کا راستہ اختیار کر کے وہ اپنے ووٹ بینک کو بچا رہے ہیں' دراصل وہ خود فریبی میں مبتلا ہیں۔ کیونکہ اگلے الیکشن کے قریب عوامی مباحث کا بنیادی موضوع سیاسی جماعتوں کی عملی کارکردگی ہوگی۔ ہم نے ماضی قریب میں اس کا مشاہدہ کیا جب 2008ء میں پیپلز پارٹی کی وفاق میں اتحادی حکومت تھی اور توانائی بحران شدت اختیار کر گیا تھا۔ مسلم لیگ (ن) نے توانائی بحران کے خاتمے کو اپنی انتخابی مہم کا اہم حصہ بنایا اور نتیجتاً الیکشن جیت گئی۔ تدبیر یا تصادم؟ پی ٹی آئی کو اب فیصلہ کرنا ہوگا۔ صوبے کے عوام اب کارکردگی کے حوالے سے سوال کرنے لگے ہیں' وقت کے ساتھ ساتھ سوال اٹھانے والوں کی تعداد بڑھتی جائے گی۔ الیکشن قریب آتے ہی کارکردگی ہی بنیادی سوال اور موضوع بحث ہوگا۔ پی ٹی آئی قیادت کے پاس اس کڑے سوال کا کیا جواب ہے؟ کیا یہ کہہ کر عوام کو مطمئن کیا جاسکتا ہے کہ وہ سیاسی معاملات میں الجھی ہوئی تھی؟ ہرگز نہیں! عوام کو جذباتی بیانیے سے زیادہ روزمرہ کے مسائل کا حل چاہیے۔ اگر قیادت عوام کے اصل مسائل سے صرف نظر کر کے صرف تصادم کی سیاست کرتی رہی تو آنے والے وقت میں اسے عوامی احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا

ایک منفرد کتب خانہ



خورشید ندیم

میرے علم کی حد تک' یہ اپنی نوعیت کا واحد کتب خانہ ہے۔ محض لائبریری قرار دینے سے شاید اس کی تصغیر ہو۔ یہ دراصل ایک دانش کدہ ہے۔ اسلام آباد سے مری کی طرف رخ کریں تو بھارا کہو سے چند میل بعد' پرانے مری روڈ پر برلب سڑک ایک خوبصورت عمارت آپ کو بلا ارادہ اپنی جانب متوجہ کرتی ہے۔ خوش ذوقی سے تعمیر کی جانی والی یہ عمارت چار بڑے حصوں پر مشتمل ہے۔ مسجد' کتب خانہ' مدرسہ اور رہائش گاہیں۔ اس کا سب سے منفرد حصہ کتب خانہ ہے۔ یہ لائبریری پچاس ہزار سے زیادہ کتب' مخطوطوں' جرائد اور اخبارات کو اپنے دامن میں حفاظت کے ساتھ سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کا دروازہ ہر جویائے علم کیلئے کھلا ہے۔ اس کی تفصیلات حیران کن ہیں۔

علم کا ایک متلاشی' جو اس کتب خانے میں آتا اور طلب علم میں کچھ وقت گزارنا چاہتا ہے' اسے ایک ڈیسک' آرام دہ کرسی کے ساتھ مل جاتا ہے۔ اس کی خاطر تواضع کے لیے' کتب خانے کے ہال میں ایک طرف چائے قہوے کا سامان رکھا ہے۔ اس عمارت میں ایک ہال کھانے کے لیے مختص ہے جہاں ناشتہ' دوپہر اور رات کا کھانا بھی میسر ہے۔ جو طالب علم چاہتا ہے کہ یہاں قیام کرے' اس کے لیے رہائش کا انتظام ہے۔ اس کا معیار تین ستارہ ہوٹل سے کم نہیں۔ بعض سہولتیں تو چار ستارہ والی ہیں۔ جیسے جم۔ جدید ترین آلات کا حامل یہ جم ان کے لیے ہے جو یہاں ٹھہرتے ہیں۔ بات یہاں ختم نہیں ہورہی ہے۔ اس کی کچھ اور تفصیلات بھی ہیں۔ طالب علم کو اگر کسی ایسی کتاب کی تلاش ہے جو اس کتب خانے میں میسر نہیں تو وہ منتظم کو بتا سکتا ہے۔ کتاب کی فراہمی کا اہتمام ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کتاب کی فوٹو کاپی چاہیے تو یہاں جدید ترین مشینیں موجود ہیں جو کتاب کی نقل تیار کر دیتی ہیں۔ یہاں ایک تربیت یافتہ ناظم کتب خانہ ہے۔ آپ انہیں کتاب کا نام بتائیں تو وہ تلاش کرکے آپ کے ڈیسک تک پہنچا دیں گے۔ طالب علموں کے ساتھ محققین کیلئے بھی تمام سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ یہاں تک کہ قدیم علما کے مزاج کی رعایت سے فرشی نشستوں کا بھی اہتمام ہے تاکہ انہیں ماحول سے مانوس ہونے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ کتب خانے کی عمارت جدید ہے لیکن مسلم تہذیبی روایت کی نمائندہ ہے۔

اس عمارت میں ایک جدید پریس بھی لگایا گیا ہے۔ گویا کتب کی اشاعت میں بھی یہ کتب خانہ خود کفیل ہے۔ یہاں نایاب کتب کا ذخیرہ ہے۔ مثال کے طور پر دارالعلوم دیوبند کی مکمل فائل یہاں موجود ہے جو محققین کے لیے ایک نادر چیز ہے۔ اگر آپ یہاں زیر تعلیم رہنے والے طلبا کی فہرست بنانا چاہیں تو یہ ممکن ہے۔ یہ معلوم ہے کہ دارالعلوم دیوبند 1866ء میں قائم ہوا تھا۔ گویا ایک سو ساٹھ برس کا ریکارڈ یہاں موجود ہے۔ یہ محض ایک مثال ہے۔ اس لائبریری میں نادر کتابوں کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے۔

حیران کن بات یہ ہے کہ یہ سب خدمات مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ یہاں کسی سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جاتا۔ یہ اہتمام علم اور طالبان علم کی خدمت کے لیے ہے۔ یہاں تو علم کے متلاشیوں کو کپڑے تک دھلے ہوئے ملتے ہیں اور وہ بھی کسی معاوضے کے بغیر۔ چند دن پہلے جب میں برادرم سبوخ سید اور برادرم ڈاکٹر فاروق عادل کی معیت میں یہاں آیا تو یہ سب باتیں ہمیں ان نوجوانوں نے بتائیں جو یہاں موجود تھے۔ ان کا قیام بھی یہیں تھا۔ انہوں نے بتایا کہ لائبریری چوبیس گھنٹے کھلی رہتی ہے اور وہ جب چاہیں اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ یہاں رہنے کے لیے دنوں کی بھی کوئی قید نہیں۔ پاکستان میں شاید ہی کوئی لائبریری ہو جو دن رات کھلی رہتی ہو۔ یہاں تک جامعات کے کتب خانے بھی چار بجے بند ہوجاتے ہیں۔

یہ کتب خانہ اور مرکز' صرف ایک شخصیت' مفتی محمد سعید صاحب کی محنت کا حاصل ہے۔ مفتی صاحب خود بھی ایک عالم دین ہیں۔ مہمان نواز اور متواضع۔ انہوں نے برسوں کی محنت سے نہ صرف نایاب کتب جمع کیں بلکہ ہر پہلو سے اسے علم کی اشاعت اور فروغ کے لیے ایک مثالی ادارہ بنانے کی سنجیدہ اور کامیاب کوشش کی۔ یہ کتب خانہ شفاف پانی کے ایک بہتے نالے کے ساتھ ہے جو پہاڑوں سے اترتا ہے۔ نالے کی دوسری طرف سرسبز و شاداب درختوں سے مزین ایک جنگل ہے۔ شام ڈھلتی ہے تو طرح طرح کے پرندوں کی آوازیں اور بہتے پانی کی موسیقی ایک عجیب رومانوی ماحول پیدا کیا کرتی ہے۔ مفتی صاحب نے اس کا بھی اہتمام کیا ہے کہ یہاں آنے والے چاہیں تو فطری حسن سے لبریز اس فضا میں بیٹھ کر اپنے پروردگار کی نعمتوں کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔

مفتی صاحب دین کے عالم ہیں لیکن یہ کتب خانہ صرف دینی علوم کے طالب علموں کے لیے خاص نہیں۔ یہاں کسی بھی علم کا متلاشی آ سکتا ہے۔ ہم نے کتب خانے میں جن طلبا سے ملاقات کی' ان میں اکثریت ان کی تھی جو سی ایس ایس کے امتحان کی تیاری کے لیے آئے تھے۔ طالب علموں کی اکثریت کے پی سے آئی تھی جو خوش آئند ہے۔ ایک ڈاکٹر بھی تھے جو طب کی اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جانا چاہتے تھے اور اس سلسلے کے ایک امتحان کی تیاری کے لیے یہاں ٹھہرے ہوئے تھے۔ تاہم دینی علوم کے طلبا کے لیے یہاں زیادہ کشش ہے۔ مفتی صاحب خود بھی طالب علموں کے ساتھ نشستوں کا اہتمام کرتے ہیں جس سے ادارے کی افادیت بڑھ جاتی ہے۔ نادر کتب کی کشش اس پر مستزاد ہے۔

اس عمارت میں ایک سٹوڈیو بھی قائم ہے جس میں ریکارڈنگ کی جدید ترین سہولتیں میسر ہیں۔ مفتی سعید صاحب سوشل میڈیا کے لیے اپنے پروگرام یہیں ریکارڈ کرتے ہیں۔ تاہم ان کی طرف سے یہ صلائے عام ہے کہ کوئی اور بھی خیر کی تشہیر کے لیے اس سہولت سے استفادہ کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ مفتی صاحب خوب سے خوب تر کی جستجو میں رہتے ہیں۔ اس لیے یہ کتب خانہ بھی ارتقا کے مراحل سے گزرتا رہتا ہے۔ وہ دنیا بھر کے کتاب میلوں میں شریک ہوتے اور اس کتب خانے کے لیے نایاب کتب جمع کرتے ہیں۔ ان میں انگریزی' عربی اور فارسی کی کتب زیادہ ہیں اور موضوعاتی اعتبار سے دینی کتب کا غلبہ ہے۔

میرا یہاں دو تین بار پہلے بھی آنا ہوا۔ میں نے اسے ہر دفعہ پہلے سے بہتر پایا۔ مفتی صاحب کی مسلسل کاوشوں سے اس کے باطنی اور ظاہری جمال میں اضافہ ہو رہا ہے۔ صد افسوس کہ اس سے استفادہ کرنے والے بہت کم ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ علمی اعتبار سے ایسا پُرکشش ادارہ شاید ہی کوئی دوسرا ہو۔ میری ذمہ داریاں مجھے اجازت نہیں دیتیں کہ میں یہاں زیادہ وقت گزاروں' ورنہ اگر میرے زمانہ طالب علمی میں یہ کتب خانہ موجود ہوتا تو میں یہیں پڑا رہتا' گھر جانے کا نام نہ لیتا۔ آج بھی یہاں آتا ہوں تو وقت کی کمی کا احساس ہوتا ہے۔ اس بار اچانک جانا ہوا۔

ضلع جھل مگسی میں خسرہ و روبیلا سے بچاؤ کی مہم 17 نومبر سے شروع ہوگی ڈاکٹر علی مگسی

مہم کے دوران ضلع بھر میں 31,537 بچوں اور بچیوں کو خسرہ و روبیلا کے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے

ضلع میں 100 فیصد ہدف حاصل کیا جائے گا تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے، ڈی ای او

گنداواہ/جھل مگسی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی نے پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ ضلع جھل مگسی میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کے لیے 12 روزہ قومی مہم 17 نومبر سے شروع ہو رہی ہے، جو کہ 29 نومبر تک جاری رہے گی۔ اس مہم کے دوران ضلع بھر میں 31,537 بچوں اور بچیوں کو خسرہ و روبیلا کے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہم محکمہ صحت بلوچستان، عالمی ادارہ صحت (WHO) کے اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے تاکہ بچوں کو مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ مہم کے دوران تربیت یافتہ ویکسینیٹرز، موبائل ٹیمیں، اور فکس سینٹرز کے ذریعے ویکسینیشن کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ ڈاکٹر علی خان مگسی نے مزید بتایا کہ تمام ای پی آئی ویکسینیشن پوائنٹس اور کمیونٹی میں سنٹر پر ویکسینیشن کی جائے گی، جبکہ مانیٹرنگ کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔ اس موقع پر ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی شاہ جہاں مینگل، ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر صلاح الدین مری، اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع جھل مگسی میں 100 فیصد ہدف حاصل کیا جائے گا تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ خسرہ اور روبیلا وہ بیماریاں ہیں جو بروقت ویکسینیشن نہ ہونے کی صورت میں جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہیں، اس لیے والدین اپنے بچوں کو قریبی ویکسینیشن سینٹر یا ٹیم کے پاس لا کر حفاظتی ٹیکے لگوائیں۔ اور سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ اور صحافی حضرات اس مہم کی آگاہی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اپیل کی کہ وہ اس قومی صحت مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے بچوں کو خسرہ و روبیلا سے محفوظ بنانے کے لیے لازمی طور پر ویکسین لگوائیں۔

کلی مشرقی بازار کے مکینوں کو پانی کی حصول میں مشکلات کا سامنا ہے، کاظم مینگل

مسئلہ حل نہ ہوا تو علاقہ مکینوں کارکنوں کیساتھ مل کر احتجاج کی کال دی جائے گی، پیپلز پارٹی

توکنڈی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری پی پی پی نوکنڈی کے رہنما کاظم مینگل نے پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ کلی مشرقی بازار کے مکینوں کو پانی کی حصول میں شدید مشکلات کا سامنا ہے کلی مشرقی بازار نزد جامع مسجد کے مکینوں کو پانی کے دو بوند قطرے دستیاب نہیں کئی مہینوں سے پانی کی عدم فراہمی کا ایشو چل رہا ہے بار ہا پی ایچ ای حکام کے نوٹس میں لانے کے باوجود پی ایچ ای سفید ہاتھی بنی ہوئی ہے اور یہ ادارہ ٹس سے مس نہیں ہو رہا انہوں نے کہا کہ اگر کلی مشرقی بازار میں پانی کی فراہمی کا ایشو حل نہ ہوا تو کلی کے مکینوں سیاسی و سماجی کارکنوں نوجوانوں کیساتھ کر احتجاج کی کال دی جائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ پی ایچ ای پر عائد ہوگی۔

اوستہ محمد: ڈی سی محمد رمضان پلال کو اسپلیشن بلوچ واٹر سپلائی اسکیم فیڈر کے موقع پر بریفنگ دے رہے ہیں

ڈی سی بارکھان کا جاری واٹر سپلائی اسکیمات، ٹیوب ویل منصوبوں کا دورہ

پانی کی فراہمی، لائنوں کی حالت، واٹر ٹینکوں کی صفائی سمیت مجموعی معیار کا جائزہ

نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر صلاح الدین نورزئی محکمہ ایریگیشن کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خسرہ و روبیلا قومی مہم کی کامیابی ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، فیصل فہیم یوسفزئی

خطرناک بیماریوں سے بچانے کے لیے والدین، اساتذہ و کمیونٹی کا کردار نہایت اہم ہے

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی، غلام سرور

ایس ایس پی نے تمام افسران کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت جاری کیں

بند اسکول کو ہر صورت میں کھولے جائیں گے، ڈی ڈی ای او ڈیرہ بگٹی

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی گی، شاہنواز بگٹی

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی ڈی ای او شاہنواز مسوری بگٹی نے کہا ہے کہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جو اسکول بند پائے گئے انہیں ہر صورت کھولا جائے گا تاکہ علاقے کے طلبہ کی تعلیم متاثر نہ ہو۔ یہ بات انہوں نے ڈیرہ بگٹی سے تعلق رکھنے والے صحافیوں ڈیرہ

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گی، عبدالواسع

طلبہ اپنی تمام تر توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں، اساتذہ اپنی حاضری یقینی بنائیں، گفتگو

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نصیر آباد کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کوٹ مینگل کا سرپرائز دورہ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن (اسکولز) نصیر آباد عبدالواسع کاکڑ نے آج گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کوٹ مینگل کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کا مقصد تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ و اساتذہ کی حاضری اور اسکول کے مجموعی نظم و نسق کا جائزہ لینا تھا دورے ... کے بچا کر ہم نے انعام اپنی باجری کے ... حاضری کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ اسی موقع پر آر ٹی ایم آفیسر نعیم ... نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر اسکولوں کی چیکنگ جاری ہے، اور جو بھی استاد غیر حاضر پایا گیا، اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہیں بھی بند کر دی جائیں گی تاکہ نظم و ضبط برقرار رکھا جا سکے۔ ... اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم کی کامیابی ... ہے۔ لہٰذا طلبہ اپنی تمام تر توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حاضری یقینی بنائیں اور تدریسی عمل کو مزید بہتر بنانے کے لیے پوری لگن سے کام کریں آخر میں انہوں نے واضح کیا کہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

خضدار، جماعت اسلامی کے اجتماع عام لاہور کی تیاریاں عروج پر، رابطہ مہم تیز

عوام میں بیداری اور شعور کی مہم کے تحت مختلف مقامات پر پوسٹرز لگائے جا رہے ہیں، کارکنوں کا جذبہ دیدنی ہے

خضدار کے عوام جماعت اسلامی کے ساتھ کھڑے ہیں، اجتماع عام ملک میں اسلامی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا

... سیاسی و اجتماعی ایونٹ ہے بلکہ یہ پاکستان میں اسلامی انقلاب کی جدوجہد کا اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ جماعت اسلامی خضدار یہ عزم لے کر آگے بڑھ رہی ہے کہ ضلع بھر سے زیادہ سے زیادہ افراد کی شرکت یقینی بنائی جائے، تاکہ خضدار کی آواز بھی اس تاریخی اجتماع میں بھرپور انداز میں

محکمہ ایریگیشن ربیع سیزن کی بمپر کراپ کے لیے کوشاں ہے، فرید احمد پندرانی

صوبائی وزیر ایریگیشن اور سیکرٹری کی ہدایت پر ربیع سیزن کے وژن کے مطابق اقدامات کیے جا رہے ہیں

پاکستان وافغانستان، ایک تلخ مگر سچی حقیقت

تحریر: ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ

پاکستان اور افغانستان دو ایسے ہمسایہ اسلامی ممالک ہیں جن کے درمیان مذہب، ثقافت، تاریخ اور زبان کے رشتے صدیوں پرانے ہیں۔ برصغیر کی تقسیم کے بعد جب 14 اگست 1947 کو پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھرا تو سب سے پہلی امید یہ تھی کہ افغانستان، جو ایک اسلامی برادر ملک ہے، سب سے پہلے اس کی حمایت کرے گا۔ مگر افسوس، تاریخ نے کچھ اور لکھا۔ 30 ستمبر 1947 کو افغانستان وہ واحد ملک تھا جس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی رکنیت کے خلاف ووٹ دیا۔ یہ عمل ایک ایسے باب کا آغاز تھا جس نے دونوں ممالک کے درمیان بداعتمادی کی بنیاد رکھ دی۔ آزادی کے فوراً بعد افغان حکومت نے پشتونستان کی مصنوعی تحریک شروع کی، یہ تحریک دراصل بھارت اور سوویت یونین کی سرپرستی میں چلائی گئی تاکہ نوزائیدہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا جا سکے۔ 1949 میں افغانستان نے پہلی بار پاکستان کے سرحدی علاقوں پر بمباری کی اور چمن و باجوڑ کے علاقوں میں اپنی فوجی کارروائیاں کیں۔ پاکستان اس وقت ایک نیا ملک تھا مگر اس نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے معاملہ بین الاقوامی سطح پر حل کرنے کی کوشش کی۔ اس کے برعکس افغان حکومت نے مسلسل قبائلی علاقوں میں انتشار پیدا کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ 1950 کی دہائی میں افغانستان نے بھارت کے ساتھ باقاعدہ دفاعی معاہدہ کیا جس کا واضح مقصد پاکستان کو گھیرنا اور اسے کمزور کرنا تھا۔

پاکستان افغان عوام سے دشمنی رکھتا تو کیا وہ 40 لاکھ سے زائد مہاجرین کو اپنے ملک میں جگہ دیتا؟ مگر افسوس، پاکستان کے اس احسان کو اکثر افغان حکومتوں نے تسلیم نہیں کیا۔ روس کے انخلا کے بعد جب مختلف افغان گروہ اقتدار کی جنگ میں مصروف ہوئے تو پاکستان نے کئی بار امن مذاکرات کرانے کی کوشش کی پشاور معاہدہ، اسلام آباد معاہدہ، حتیٰ کہ مکہ مکرمہ میں حلف اٹھوانے تک کے اقدامات کیے، مگر اقتدار کی ہوس میں مبتلا افغان رہنما اپنے ہی ملک کو کھنڈر بنا بیٹھے۔ جب 2001 میں امریکہ نے افغانستان پر حملہ کیا تو ایک بار پھر پاکستان نے عالمی دباؤ کے تحت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شرکت کی۔ اس جنگ کی بھاری قیمت پاکستان نے اپنے لہو سے چکائی۔ ستر ہزار سے زائد پاکستانی شہری اور فوجی اس جنگ میں شہید ہوئے دوسری طرف افغان سرزمین ایک بار پھر پاکستان دشمن قوتوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بن گئی۔ پاکستان نے ہمیشہ یہی مطالبہ کیا ہے کہ افغانستان اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ مگر آج بھی سرحد پار سے دہشت گردی کے واقعات جاری ہیں۔ افغان حکومت کے پاس یہ سنہری موقع ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ دشمنی نہیں، بھائی چارے کا رشتہ استوار کرے۔ کیونکہ امن کے بغیر نہ پاکستان ترقی کر سکتا ہے، نہ افغانستان۔ تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان نے کبھی بھی افغانستان کی خودمختاری یا علاقائی سالمیت کو نقصان نہیں پہنچایا۔ برعکس اس کے افغانستان نے ہر دور میں پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوشش کی۔ لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ دونوں ممالک ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر مستقبل کی طرف بڑھیں۔ افغانستان کو چاہیے کہ وہ اپنے ملک کو بیرونی قوتوں کے ہاتھوں استعمال ہونے سے بچائے، اپنی ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ادور لاننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر A-95 رقبہ 600 گز چمن اسکیم اس وقت 1۔ سید بسم اللہ 2۔ سید عزیز اللہ 3۔ بی بی خیر النساء ولد سید حاجی اختر محمد کے نام ہے ٹرانسفر حاجی عبداللہ ولد حاجی راز محمد کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..........62311

گمشدگی واؤچر

میرا موٹر سائیکل فریم نمبر ED-172903 انجن نمبر Z490599 بنام علاؤ الدین ولد عالم گل کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03063887797 پر مطلع کریں
فضل محمد جانب قلعہ عبداللہ..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 60236402388 بنام نور محمد ولد سید محمد کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03248896269 پر مطلع کریں

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430603428285 ... کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03158047700 پر مطلع کریں

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430603346152 بنام بی بی فریدہ زوجہ صورت خان خانوزئی کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03158047700 پر مطلع کریں
عبدالحق دریا خانوزئی..........

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Harnai invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	SUPPLY AND INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR SMALL WSS OF KILLI ZARAK ZARGHOON GHAR SHAHRAGH DISTRICT HARNAI **TSE-252611906323**	3,976,890/-
2	SUPPLY AND INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR WSS OF KILLI KALLA ABDUL BARI KAMAL KACH SHAHRAGH DISTRICT HARNAI **TSE-252611906353**	3,421,477/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/Contractors must have valid registration with the Pakistan Engineering Council, renewed up to 2025-26, in the relevant Category C-6& 5 or above along with the specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax &Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. The proposal must have sequential page numbering. All pages of the Technical and Financial proposals must be signed and stamped where indicated, and initialed/signed and sealed on all other pages. Each tender must be submitted separately and properly bound in hard form to prevent addition or removal of pages. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- for each tender must be deposited in the government treasury under the head of account No.CO-2725-02 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on **20/11/2025** at 10:00 AM. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 11:00 AM. Address: Office of the Executive Engineer Public Health Engineering Division Harnai Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

PRQ No.2274/04-11-2025

Executive Engineer, Public Health Engineering, Division Harnai

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252611906013 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDAR INVITES BIDS FROM ELIGIBLE BIDDERS FOR EXECUTION OF FOLLOWING WORKS FOR THE YEAR 2025 BASED ON COMPOSITE SCHEDULE OF RATES 2023 ON PERCENTAGE RATES **T/ Fee 1000 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Sub Division Complex and Residences of newly created Sub Division (AC. Tehsildar Naib Tehsildar District Khuzdar PSDP No.164 Z2025.0492	135,419,819

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 94,793,873 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 24 November, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT KHUZDAR DC COMPLEX KHUZDAR
Phone no: 3337898665 Email: saleemrazzaq@gmail.com

PRQ No.2272/04-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDAR

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Geo resource Survey of Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252610905031 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Electrical & Electronic items (Total Item(s) Count: 2)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 1,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 21 November, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 21 November, 2025till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Airport road near DHA office Quetta Phone no: 0812830248
Fax no: 0812830248Email: habib.chagai1@gmail.com

AB No.434/04-11-2025

Project Director Geo resource Survey of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد عظیم خان تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالخالق نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد حیات خان ولد جلال بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان عبدالخالق، عبدالرزاق پسران حیات خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع شرن حمزہ زئی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 04/11/025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

ملک امانت حسین لورالائی

TENDER NOTICE

The Geo resource Survey of Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252610905021 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 12)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 450,000 in Previous 1 Years Turn over of at least 960,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 19 November, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 19 November, 2025till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Airport road near DHA office Quetta Phone no: 0812830248Fax no: 0812830248
Email: habib.chagai1@gmail.com

AB No.433/04-11-2025

Project Director Geo resource Survey of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد عظیم خان تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالخالق نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے ...

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوہلو

درخواست گارڈین نمبر 20/25 — آئندہ پیشی مورخہ 17/11/2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم اوصاف ملزمان زیر دفعہ (7-ایف ف)(10) اے انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء

مقدمہ نمبر 57/024 — سرکار بنام: ثناء اللہ وغیرہ — L/T یا فیہانہ

(1) مسمی عبدالرحمن ولد امید علی ساکن خدرانی محمودانی یا فیہانہ (2) امید علی عرف بجو ولد عبدالغنی ساکن خدرانی محمودانی یا فیہانہ (3) سیف اللہ ولد خدا بخش اقوام خدرانی ساکن خدرانی محمودانی یا فیہانہ جرم زیر دفعہ A-363, 11F, 337/F ...

PRQ No2269/04-11-2025

بعدالت جناب سینئر سول جج (IV) سریاب کوئٹہ

آئندہ تاریخ سماعت 7/11/2025

1۔ بی بی خدیجہ 2۔ عبدالجلال 3۔ عبدالجبار 4۔ عبداللہ 5۔ بی بی اقصیٰ (نابالغ) دختران و پسران مرحوم ...

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

بعدالت زاہد علی ڈوکی تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

بعدالت: جناب ... تحصیلدار/ اسسٹنٹ کلکٹر ...

تصحیح اشتہار برائے بھرتی عارضی آسامیاں محکمہ صحت ضلع خضدار

PRQ No 2198/29-10-2025

(1) ... B-5
(2) ... B-9
(3) ... B-9

ڈپٹی کمشنر/چیئرمین ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی خضدار

PRQ No2268/04-11-2025

اشتہار عام و خاص

... M/S ... (Sole proprietor) ... 379.78 ...

ڈپٹی کمشنر ضلع کیچ

PRQ No 2278/04-11-2025

پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلے ون ڈے میچ میں پاکستان بیٹر سلمان علی آغا شاٹ لگا رہے ہیں

آئی سی سی قوانین کی خلاف ورزی حارث رؤف پر 2 میچز کی پابندی، بھارتی کپتان پر 30 فیصد جرمانہ

پاکستان کے ٹاپ آرڈر بیٹر صاحبزادہ فرحان کو بھی آرٹیکل 2.21 کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا اور انہیں آفیشل وارننگ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا

ارشدیپ سنگھ اور جسپریت بمراہ کو وارننگ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا، فاسٹ باؤلر نے اپنی سزا قبول کرلی لہٰذا باضابطہ سماعت کی ضرورت نہیں پڑی: رپورٹ

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ایشیا کپ 2025 میں پاک-بھارت میچز کے دوران کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزیوں سے متعلق فیصلہ سنا دیا، جس کے تحت پاکستانی فاسٹ باؤلر حارث رؤف اور بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو پر میچ فیس کا 30،30 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے اعلامیے کے مطابق آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کے ارکان نے یہ سماعتیں پاکستان اور بھارت کے درمیان 14، 21 اور 28 ستمبر کو کھیلے گئے میچز کے دوران پیش آنے والے واقعات پر کیں۔ آئی سی سی کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان ایشیا کپ 2025 کے 14 ستمبر کو کھیلے گئے میچ کے حوالے سے سماعت میچ ریفری رچی رچرڈسن نے کی، جس میں رچی رچرڈسن نے بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو کو آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.21 کی خلاف ورزی (ایسا طرزِ عمل جو کھیل کی بدنامی کا باعث بنے) کا مرتکب پایا اور انہیں میچ فیس کا 30 فیصد جرمانہ اور 2 ڈی میرٹ پوائنٹس دیے گئے۔ اسی میچ میں پاکستان کے ٹاپ آرڈر بیٹر صاحبزادہ فرحان کو بھی آرٹیکل 2.21 کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا اور انہیں آفیشل وارننگ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا۔ فاسٹ باؤلر حارث رؤف کو بھی اسی آرٹیکل کی خلاف ورزی پر قصور وار قرار دیتے ہوئے ان پر میچ فیس کا 30 فیصد جرمانہ اور 2 ڈی میرٹ پوائنٹس عائد کیے گئے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان ایشیا کپ کے سپر فور راؤنڈ میں 21 ستمبر کو کھیلے گئے میچ کی سماعت آئی سی سی ریفری اینڈی پائیکرافٹ نے کی۔

پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلے ون ڈے میچ میں شائقین پرچم اٹھائیں ٹیم کا حوصلہ بڑھا رہے ہیں

ون ڈے سیریز، جنوبی افریقہ کو بڑا دھچکا لگ گیا

فیصل آباد (آن لائن) پاکستان کے خلاف ون ڈے سیریز کے آغاز سے قبل ہی جنوبی افریقہ کو بڑا دھچکا لگ گیا۔ تفصیلات کے مطابق جنوبی افریقہ کے جارح مزاج نوجوان بلے باز ڈیوالڈ بریوس کندھے کے پٹھوں میں کھنچاؤ کے باعث پاکستان کے خلاف تین ون ڈے میچز کی سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔

بابر اعظم کے پاس ون ڈے میں نیا ریکارڈ بنانے، کئی لیجنڈز سے آگے نکلنے کا سنہری موقع

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے چیمپئن بلے باز بابر اعظم کے پاس ون ڈے سیریز میں نئے ریکارڈز بنانے اور کئی لیجنڈز سے آگے نکلنے کا سنہری موقع ہے۔ طویل عرصہ سے آؤٹ آف فارم بابر اعظم کی جنوبی افریقہ کے خلاف آخری ٹی ٹوئنٹی میں جارحانہ 68 رنز کی میچ وننگ اننگز کے بعد شائقین کرکٹ نے ان سے ایک بار رنز کے انبار لگانے کی امیدیں باندھ لی ہیں۔ وہ اس سیریز میں دو سنچریز بنا کر لیجنڈ سعید انور کا پاکستان کی جانب سے سب زیادہ 20 ون ڈے سنچریز بنانے کا ریکارڈ توڑ سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے بابر اعظم نہ صرف سعید انور کا ریکارڈ توڑ دیں گے۔

پاکستان پہلی بار اے ٹی پی چیلنجرز کی میزبانی کرے گا، اعصام الحق

ٹینس ایونٹ اسلام آباد میں ہو گا، دنیا میں سافٹ امیج اجاگر ہو گا، محسن نقوی کے شکر گزار ہیں، صدر پی ٹی ایف کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق نے کہا ہے کہ پاکستان پہلی بار اے ٹی پی چیلنجرز ایونٹ کی میزبانی کرے گا، جو 24 نومبر سے اسلام آباد میں منعقد ہو گا۔ یہ پاکستان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہو گا جس سے دنیا میں سافٹ امیج اجاگر ہو گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعصام الحق نے بتایا کہ جونیئر پلیئرز کو پروموٹ کیا جا رہا ہے۔ جس میں سب سے زیادہ غیر ملکی کھلاڑی پاکستان رہتے ہیں۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ دنیا میں پاکستان کا سافٹ امیج اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ٹینس کی ترقی کے لیے مثبت رسپانس دیا اور پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس کی لیز کا مسئلہ بھی حل ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں محسن نقوی کے خصوصی شکر گزار ہیں۔ اعصام الحق نے...

پریمیئر بولرز میں مچل اسٹارک، جسپریت بمراہ، شاہین شاہ آفریدی شامل ہیں، وسیم اکرم

فاسٹ بولر علی رضا بہت اچھا ہے جو ابھی پاکستان سے کھیلا نہیں، مستقبل بہت روشن ہے، سابق کپتان کا انٹرویو

لاہور (این این آئی) سابق لیجنڈ فاسٹ بولر وسیم اکرم نے فاسٹ بولر علی رضا کو مستقبل کا اسٹار قرار دیدیا۔ سابق کپتان وسیم اکرم سے ایک انٹرویو میں سوال کیا گیا کہ آپ کی نظر میں بہترین نوجوان فاسٹ بولر کون ہے؟ جواب میں انہوں نے کہا کہ پریمیئر بولرز میں مچل اسٹارک، جسپریت بمراہ، شاہین شاہ آفریدی شامل ہیں، وہ اچھی بولنگ کر رہے ہیں ان کی بولنگ اسپیڈ میں پہلے کی طرح تیزی آئی ہے جو اچھی بات ہے۔ وسیم اکرم نے کہا کہ میں پاکستان کی فرسٹ کلاس کرکٹ کو بھی گہری نظر سے دیکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایک فاسٹ بولر بہت اچھا ہے جو ابھی پاکستان سے کھیلا نہیں ہے اور اس کا نام علی رضا ہے، اس کا مستقبل بہت روشن ہے۔

عمران خان کے بھانجے اسپین میں آئرن مین ورلڈ چیمپئن شپ میں شرکت سے محروم

سیاست سے کوئی تعلق نہیں میں صرف بطور ایتھلیٹ پاکستان کی نمائندگی کے خواہشمند ہوں، شاہ ریز خان کا بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف ٹرائتھلون ایتھلیٹ اور عمران خان کے بھانجے شاہ ریز خان اسپین میں 8 اور 9 نومبر کو ہونے والی "آئرن مین 70.3 ورلڈ چیمپئن شپ" میں شرکت سے محروم ہو گئے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ وہ ایونٹ کیلئے کوالیفائی کرنے والے واحد پاکستانی ہیں، تاہم انہیں سفر سے روک دیا گیا ہے کیونکہ ان کا نام "پاسپورٹ کنٹرول لسٹ" میں شامل ہے۔ شاہ ریز کے مطابق ان کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں اور وہ صرف بطور ایتھلیٹ پاکستان کی نمائندگی کے خواہشمند ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 21 اگست 2025 کو لاہور ایئرپورٹ پر انہیں اپنی اہلیہ کے ہمراہ سفر سے روکا گیا اور "غیر قانونی طور پر آف لوڈ" کیا گیا۔ 22 اگست کو ایک سینئر تحقیقاتی افسر نے بتایا کہ شاہ ریز کو 9 مئی 2023 کے پرتشدد واقعات کے ایک مقدمے میں مطلوب قرار دیا گیا ہے۔

میسی مجھ سے بہتر ہیں، میں اس رائے سے متفق نہیں: رونالڈو

انٹرویو کے دوران میزبان نے سوال کیا کہ کیا میسی دنیا کا سب سے بہترین کھلاڑی ہے؟ جس پر رونالڈو نے صاف جواب دیا کہ میسی مجھ سے کبھی بہتر نہیں ہو سکتے

مجھے رونالڈو سے کوئی دشمنی نہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ میں اسے ناپسند کرتا ہوں، میں ایسا نہیں، وہ ایک جینئس ہے، اس کی کارکردگی شاندار ہے: رونی کی وضاحت

ٹورین (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے بالآخر لیونل میسی سے متعلق جاری برسوں پرانے گریٹسٹ آف آل ٹائم (GOAT) مباحثے پر خاموشی توڑ دی۔ پیرز مورگن کے شو پیرز مورگن ان سنسرڈ میں انٹرویو کے دوران میزبان نے سوال کیا کہ کیا میسی دنیا کا سب سے بہترین کھلاڑی ہے؟ جس پر رونالڈو نے صاف جواب دیا کہ میسی مجھ سے بہتر ہے؟ میں اس رائے سے متفق نہیں اور میں عاجزی نہیں دکھانا چاہتا۔ انٹرویو میں وین رونی کے پرانے تبصرے کا بھی ذکر ہوا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ میسی، رونالڈو سے بہتر کھلاڑی ہیں، بعد ازاں رونی نے وضاحت کی کہ مجھے رونالڈو سے کوئی دشمنی نہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ میں اسے ناپسند کرتا ہوں، میں ایسا نہیں، وہ ایک جینئس ہے۔

آئی سی سی کا ویمنز ورلڈ کپ 2025 کی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان

ٹیم میں پاکستان کی وکٹ کیپر سدرہ نواز جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئی ہیں، وہ میگا ایونٹ میں 4 کیچز اور 4 اسٹمپس کے ساتھ سب سے کامیاب وکٹ کیپر ثابت ہوئیں

بھارت کی جانب سے اسمرتی مندھانا، جمیمہ روڈریگز اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ دیپتی شرما کو حتمی الیون میں شامل، جنوبی افریقہ، انگلینڈ، آسٹریلیا کی ایک ایک کھلاڑی شامل

دبئی (آئی این پی) آئی سی سی نے ویمنز ورلڈ کپ 2025 کے اختتام پر ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ ٹیم میں پاکستان کی وکٹ کیپر سدرہ نواز جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئی ہیں، وہ میگا ایونٹ میں 4 کیچز اور 4 اسٹمپس کے ساتھ سب سے کامیاب وکٹ کیپر ثابت ہوئیں۔ ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان ایونٹ جیتنے والی بھارتی ٹیم کی 3 کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ بھارت کی جانب سے اسمرتی مندھانا، جمیمہ روڈریگز اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ دیپتی شرما کو حتمی الیون میں شامل کیا گیا ہے۔ بھارت سے فائنل کھیلنے والی جنوبی افریقہ کی ٹیم سے تین کھلاڑیوں کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے، جن میں کپتان لورا وولوارڈ ٹ ... ان کی شاندار بلے بازی کے باعث ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کی قیادت سونپی گئی ہے۔ سیمی فائنل کھیلنے والی آسٹریلیا کی جانب سے اینابل سدرلینڈ، ایش گارڈنر اور لیگ اسپنر الانا کنگ کو شامل کیا گیا ہے۔ انگلینڈ کی سوفی ایکلسٹون بھی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ میں جگہ بنانے میں کامیاب رہی ہیں اس کے علاوہ انگلینڈ کی نیٹ سائیور برنٹ کو 12 کھلاڑی کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

ورلڈ کپ مارشل آرٹ فیڈریشن شپ اسٹرانگ بھائی جان باکسر محمد عباس بلٹ جیتنے کے موقع پر رحمت اللہ اور محمد زمان کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستان ہاکی ٹیم دورہ بنگلا دیش کیلئے 8 نومبر کو روانہ ہو گی

تمام لڑکے مکمل فٹ اور اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے تیار ہیں، ہیڈ کوچ طاہر زمان

لاہور (آن لائن) پاکستان ہاکی ٹیم دورہ بنگلا دیش کے لیے 8 نومبر کو روانہ ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق کپتان عماد بٹ کی قیادت میں قومی ہاکی اسکواڈ لاہور سے ڈھاکا کی اڑان بھرے گا۔ ہیڈ کوچ طاہر زمان کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں جاری تربیتی کیمپ ایک دو روز میں ختم کر رہے ہیں تاکہ لڑکے اپنے گھروں کو جا سکیں۔ طاہر زمان نے کہا کہ ہوم گراؤنڈ اور کراؤڈ کے سامنے بنگلا دیش کی ٹیم کو آسان نہیں لیں گے۔ پرانے میچز کو دیکھ کر اپنی حکمت عملی ترتیب دے رہے ہیں، بھرپور تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کیمپ میں فٹنس میں بہتری لانے کے ساتھ پنالٹی کارنر، شوٹ آؤٹس، دفاع، گول کیپنگ، کاؤنٹر اٹیک اور گول کرنے کی مہارت پر کام کیا گیا ہے۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ تمام لڑکے مکمل فٹ اور اچھی کارکردگی دکھانے کے لیے تیار ہیں۔

ہرمن پریت نے ورلڈ کپ جیت کر میسی کی نقل اتار لی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ویمنز ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور نے ورلڈ کپ جیت کر لیجنڈ فٹبالر لیونل میسی کی نقل اتار کر لی۔ بھارتی ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور نے ارجنٹائن کے فٹبال اسٹار لیونل میسی کی دلچسپ سوشل میڈیا پوسٹ کی نقل کی جب ان کی ٹیم نے آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ 2025 جیت لیا۔ بھارت ویمنز نے جنوبی افریقہ ویمنز کو ورلڈ کپ فائنل میں شکست دے کر پہلی بار ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ ہرمن پریت کو تصویر میں ورلڈ کپ ٹرافی کے ساتھ سکون سے سوتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اس سے قبل 2022 میں ارجنٹائن کو فیفا ورلڈ کپ جتوانے کے بعد میسی نے بھی اسی طرح تصویر شیئر کی تھی۔ بھارتی کپتان نے تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ کچھ خواب ایک ارب لوگ بانٹتے ہیں، اس لیے کرکٹ سب کا کھیل ہے۔ پہلا ورلڈ کپ 1973 میں ہوا تھا جہاں انگلینڈ نے آسٹریلیا کو شکست دے کر افتتاحی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔

تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طلباء کھیلوں میں بھی بھرپور حصہ لیں، میر لیاقت لہڑی

تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں سپورٹس ویک 2025 کی اختتامی تقریب کا نہایت جوش و خروش کے ساتھ انعقاد، طلبہ میں انعامات اور سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے

کھیل انسان میں برداشت، ٹیم ورک، نظم و ضبط اور قیادت کے اوصاف پیدا کرتے ہیں، کھیلوں کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتا رہوں گا، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ کھیل انسان میں برداشت، ٹیم ورک، نظم و ضبط اور قیادت کے اوصاف پیدا کرتے ہیں جو عملی زندگی میں کامیابی کی بنیاد بنتے ہیں، طلباء و طالبات کو چاہیے کہ وہ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی بھرپور حصہ لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تعمیر نو پبلک کالج کوئٹہ میں سپورٹس ویک 2025 کی اختتامی تقریب نہایت جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی تھے۔ اس موقع پر میر لیاقت لہڑی نے اپنے خطاب میں طلبہ پر زور دیا کہ وہ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی بھرپور حصہ لیں، کیونکہ صحت مند سرگرمیاں ایک متوازن، مضبوط اور کامیاب شخصیت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل انسان میں برداشت، ٹیم ورک، نظم و ضبط اور قیادت کے اوصاف پیدا کرتے ہیں جو عملی زندگی میں کامیابی کی بنیاد بنتے ہیں۔ تقریب میں سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ محمد نسیم لہڑی، ممبر بورڈ حافظ محمد طاہر، مخدوم علی خان، اساتذہ، طلبہ اور معززین کی بڑی تعداد شریک تھی۔

اے ڈی سی چمن فدا بلوچ یوتھ گالا فیسٹیول میں فٹبال میچ کھیلنے والے طلباء کو ٹرافی دے رہے ہیں

پاکستان کی اسرا وسیم جوجٹسو ایتھلیٹس کمیشن کی رکن منتخب

منتخب اراکین کا تعلق پاکستان، یوکرین، آسٹریا، ایران، امریکا اور میکسیکو سے ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی اسرا وسیم جوجٹسو ایتھلیٹس کمیشن کی رکن منتخب ہو گئیں۔ چھ آئی ایف ایتھلیٹ کمیشن عالمی سطح پر جوجٹسو کھلاڑیوں کی آواز کو براہ راست پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کیا جاتا ہے۔ کمیشن کے منتخب اراکین کو ہے جو آئی ایف بورڈ کے ووٹنگ ممبران کے طور پر مکمل حق رائے دہی حاصل ہے، جس کا مقصد مفادات کی نمائندگی کو کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

ڈومیسٹک کرکٹ نہیں کھیل رہا ہوں، یاسر شاہ نے ریٹائرمنٹ کا عندیہ دیدیا

ان شاء اللہ کوشش کروں گا کہ پی سی بی کے ساتھ بات چیت کے بعد میں ریٹائرمنٹ لے لوں گا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) لیگ اسپنر یاسر شاہ نے اپنی ریٹائرمنٹ کا عندیہ دیدیا۔ ایک انٹرویو میں پاکستانی کرکٹر نے کہا کہ کرکٹ بورڈ سے میٹنگ کے بعد ریٹائرمنٹ لے لوں گا۔ پاکستانی لیگ اسپنر یاسر شاہ نے انٹرنیشنل کرکٹ میں واپسی کے سوال پر کہا کہ اس سال میں ڈومیسٹک کرکٹ نہیں کھیل رہا ہوں اور ان شاء اللہ کوشش کروں گا کہ پی سی بی کے ساتھ بات چیت کے بعد میں ریٹائرمنٹ لے لوں۔ ٹیسٹ کرکٹر یاسر شاہ نے قومی ٹیم کی حالیہ پرفارمنس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹیم اچھی جارہی ہے ابھی انہوں نے آخری دو ٹی ٹوئنٹی میچز میں کامیابی حاصل کی ہے۔

سعید اجمل نے فیصل آباد اسٹیڈیم کا دعوت نامہ نہ ملنے کا شکوہ کر دیا

کسی نے کال کی نہ اقبال اسٹیڈیم آنے کی دعوت دی، اس میدان پر کھیل کر ٹیسٹ کرکٹر بنا، انٹرویو

فیصل آباد (این این آئی) سابق اسپنر سعید اجمل نے پاکستان کرکٹ بورڈ سے فیصل آباد اسٹیڈیم میں دعوت نامہ نہ دینے کا شکوہ کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر سعید اجمل نے کہا کہ کسی نے کال کی نہ اقبال اسٹیڈیم آنے کی دعوت دی، اس میدان پر کھیل کر ٹیسٹ کرکٹر بنا اب مجھے کون یاد رکھتا ہے۔ روایت چھوٹی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بار بار تبدیلیوں سے پاکستان کرکٹ کو نقصان ہو رہا ہے، ہر سیریز میں 8، 8 کھلاڑی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ سابق کرکٹر نے ٹیم کی حکمت عملی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کپتان کو معلوم ہی نہیں کہ وہ اگلی سیریز کھیل رہا ہے یا نہیں۔

نیشنل گیمز، بلوچستان کی مرد و خواتین جوڈو ٹیموں کے ٹرائلز آج شروع ہوں گے

یہ ٹرائلز بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن، بلوچستان سپورٹس بورڈ اور بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کی زیر نگرانی ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) 35ویں نیشنل گیمز کے سلسلہ میں بلوچستان کی مرد و خواتین جوڈو ٹیموں کے تین روزہ ٹرائلز (آج) بدھ، 5 نومبر سے سہ پہر تین بجے ابرار ہال ایوب اسٹیڈیم میں کوئٹہ شروع ہوں گے۔ بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نور احمد رند نے بتایا کہ ٹرائلز کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اور ٹرائلز میں صوبے بلوچستان بھر سے مرد و خواتین کھلاڑی حصہ لے سکتے ہیں۔ مردوں کی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز 5 اور 6 نومبر کو جبکہ خواتین ٹیم کے چناؤ کے لیے ٹرائلز 7 نومبر کو ہوں گے۔ مردوں کے ایونٹس میں ویٹ کیٹیگریز جبکہ خواتین کے آٹھ ویٹ کیٹیگریز مشتمل ہیں۔ مردوں میں 50 کلوگرام، 55 کلوگرام، 60 کلوگرام، 66 کلوگرام، 73 کلوگرام، 81 کلوگرام، 90 کلوگرام، 100 کلوگرام، پلس 100 کلوگرام اور اوپن ویٹ کیٹیگریز شامل ہیں جبکہ خواتین میں 40 کلوگرام، 44 کلوگرام، 48 کلوگرام، 52 کلوگرام، 57 کلوگرام، 63 کلوگرام، 70 کلوگرام اور اوپن کیٹیگریز شامل ہیں۔ نور احمد رند نے بتایا کہ یہ ٹرائلز بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن، بلوچستان سپورٹس بورڈ اور بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کی زیر نگرانی ہوں گے۔

بلوچستان کے محنت کش بدترین معاشی مسائل سے دوچار ہیں، کمیونسٹ پارٹی

زرعی پالیسی نافذ نہ ہونے سے کسان مزید قرضوں تلے دب گئے ہیں، پیداوار کی سرکاری سطح پر خریداری کو یقینی بنایا جائے

کسان کارڈ سے صرف من پسند زمینداروں کو نوازنے کی بجائے بے زمین ہاریوں میں کسان کارڈ تقسیم کیا جائے، امداد قاضی

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری امداد قاضی سندھ ہاری کمیٹی کے صدر پروفیسر میر منور تالپور جنرل سیکرٹری کامریڈ اقبال بلوچستان بزگر کمیٹی کے صدر فرحاد حسین رند جنرل سیکرٹری غلام محمد جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے محنت کش تاریخ کے بدترین معاشی مسائل سے دوچار ہیں زرعی پالیسی نافذ نہ ہونے کی وجہ سے کسان مزید قرضوں تلے دب چکے ہیں بلوچستان میں کسانوں کے حقوق کا تعین کر کے ان کے پیداوار کی سرکاری سطح پر خریداری کو یقینی بنایا جائے کسان کارڈ سے صرف من پسند زمینداروں کو نوازنے کی بجائے بے زمین ہاریوں میں کسان کارڈ تقسیم کیا جائے...

حکومت عوام کو مالکانہ حقوق فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ ہے، ڈی سی نصیر آباد

مستقبل کے چیلنجز سے قبل ہی اہم منصوبہ بندی کے ساتھ اقدامات کریں، منیر احمد کاکڑ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد و چیئرمین الاٹمنٹ کمیٹی منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت الاٹمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈوکی، آرکیٹیکٹ مہوش سرور، عبدالصمد کھوسہ، سپرنٹنڈنٹ محمد قاسم ڈوکی اور ڈپٹی کمشنر کے پی اے منظور شیرازی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی...

نصیر آباد: ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد چدرانی ربیع کینال کی بھل صفائی کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

دالبندین بازار کی سڑک گزشتہ دو سال سے التوا کا شکار ہے، میر اسفندیار

تاجر برادری اذیت میں مبتلا، آج احتجاج کا اعلان، سڑک کی تعمیر جلد شروع کی جائے

دالبندین (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے دالبندین پریس کلب ہال میں انجمن تاجران کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انجمن تاجران کے رہنماؤں نے دالبندین بازار کی سڑک کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا، جو گزشتہ دو سال سے التوا کا شکار ہے، جس کی وجہ سے تاجر برادری شدید اذیت میں مبتلا ہے۔ اسی بنا پر تاجر برادری نے پانچ نومبر کو احتجاج کا اعلان کیا تھا تاکہ سڑک کی تعمیر جلد از جلد شروع کی جائے۔ اس صورتحال کے پیش نظر ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے تاجر برادری سے ملاقات کر کے انہیں یقین دہانی کرائی کہ انہیں صرف پانچ دن کی مہلت دی جائے۔ پانچ دن کے اندر سڑک کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے بتایا کہ یہ سڑک ہماری حکومت کے دور کی نہیں بلکہ سابقہ دور کی ہے... کوششوں سے ایک ماہ قبل اس پر کام شروع کیا گیا، مگر بدقسمتی سے نامعلوم مسلح افراد نے مزدور پر فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا، جس کے بعد کام دوبارہ التوا کا شکار ہو گیا، دیگر مزدور کام کرنے سے گریزاں تھے۔ اب ہم نے سیکیورٹی کی ذمہ داری لے کر دوبارہ مزدوروں اور مشینری کو طلب کر لیا ہے، جو روانہ ہو چکے ہیں۔ ان شاء اللہ ہفتہ کے روز باقاعدہ طور پر سڑک کی تعمیر کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ اس موقع پر انجمن تاجران کے رہنما حافظ اسماعیل گورگیج، حاجی عبدالطیف عادل، سیٹھ برج لال، عبدالحق بابل، حاجی امیر جان محمد حسنی، اجمل خان نوتیزئی، سیٹھ پرشوتم لال بگل آغا یار محمد زہ ... اور اس موقع پر دالبندین پریس کلب کے...

زراعت و لائیو اسٹاک ایکسپو کا انعقاد خوش آئند ہے، کمشنر ژوب

سرکٹ ہاؤس ژوب میں منعقدہ ایک روزہ ایکسپو کا دورہ کیا۔ ایکسپو میں ضلع ژوب کے طلبا و طالبات، چھوٹے اور درمیانے درجے کے ... مصنوعات کی نمائش کے لیے نمائشی اسٹالز لگائے گئے تھے۔ طلبا نے اپنی مدد آپ کے تحت تیار کردہ مختلف اشیا کے نمائشی اسٹالز بھی لگائے گئے تھے۔

ترقیاتی منصوبوں میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی سی لورالائی

منصوبوں کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے، منصوبے روزمرہ زندگی میں بہتری لانے کا ذریعہ ثابت ہوں گے

بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت عوامی فلاح و بہبود کے لیے منصوبوں کے کاموں کا آغاز ہو چکا، میران بلوچ

لورالائی (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع لورالائی میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے ترقیاتی منصوبوں کے کاموں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جن کی براہ راست نگرانی بذات خود میں کروں گا۔ اس حوالے سے آج ڈی سی آفس میں ڈپٹی کمشنر میران بلوچ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسین بی اینڈ آر روڈ محمد داود، ایکسین پی ایچ ای بلڈنگ احمد دین، ایکسین ایچ ای اختر مندوخیل، پی ایس ڈی پی عبدالمنان اوتمانخیل، محکمہ اطلاعات محمود بلوچ سمیت دیگر آفیسران موجود تھے...

صحافت کی آزادی مہذب معاشرے کی پہچان ہوتی ہے، کامریڈ امداد قاضی

زرعی شعبے کو تباہ کیا جا رہا ہے تاکہ چھوٹے زمیندار زمینیں کوڑیوں کے دام فروخت کریں

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری کامریڈ امداد قاضی نے سندھ ہاری کمیٹی کے جنرل سیکرٹری میر منور خان تالپور بلوچستان بزگر کمیٹی کے سیکرٹری جنرل میر فرہاد رند کامریڈ محمد علی جمالی کامریڈ حفیظ اللہ جمالی کے ہمراہ اوستہ محمد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ صحافت کی آزادی مہذب معاشرے کی پہچان ہوتی ہے... انہوں نے مزید کہا کہ آپ کے سامنے ہے کہ کس طرح جان بوجھ کر زرعی شعبے کو غیر منظم اور تباہ کیا جا رہا ہے تاکہ چھوٹے زمیندار اور کسان جن کو انگریزوں میں (فیملی فارمنگ) کہا جاتا ہے ختم ہو کر مجبور ہو کر اپنی زمینیں کوڑیوں کے دام فروخت کریں تاکہ ان سے سرمایہ دار زمین ہتھیا کر کارپوریٹ فارمنگ کے منصوبے کو کامیاب کریں...

ڈیرہ اللہ یار، سندھ کے مزدور رہنما امداد قاضی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نئی اسکیموں کے ٹینڈرنگ عمل کو جلد مکمل کیا جائے، کمشنر نصیر آباد صلاح الدین

محکمہ اریگیشن میں اس وقت 31 ان گوئنگ اسکیمز پر کام جاری ہے، پرانی اسکیموں کی تکمیل کے لیے جامع رپورٹ مرتب کی جائے

تمام اسکیموں کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ بروقت اور معیاری انداز میں منصوبے مکمل کیے جا سکیں

نصیر آباد (خ ن + نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ اریگیشن میں جاری ترقیاتی عمل اور دیگر امور کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد غلام سرور بنگلزئی، ایگزیکٹو انجینئر محمد یار کھوسہ، گل حسن کھوسہ، غلام مصطفیٰ چانڈیو، فرید احمد پچدرانی، ڈویژنل ڈائریکٹر ترقیات حماد فارس قمبرانی سمیت دیگر افسران شریک تھے۔ اجلاس کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر غلام سرور بنگلزئی نے محکمہ اریگیشن کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور اسکیموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس میٹنگ کا مقصد گزشتہ اجلاس میں زیر بحث آنے والی ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرنگ عمل اور پیش رفت کا جائزہ لینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اریگیشن میں اس وقت 31 ان گوئنگ اسکیمز پر کام جاری ہے جبکہ سال 2022-23 سے 2025 تک کی پرانی اسکیموں کی تکمیل کے لیے جامع رپورٹ مرتب کی جائے...

تحصیل ہسپتال بھاگ میں ادویات کی قلت، علاج معالجہ مشکل ہو گیا

لس یوتھ فیسٹیول کی کامیابی پر سرکٹ ہاؤس میں پروقار تقریب کا انعقاد

لس یوتھ فیسٹیول کی کامیابی نوجوانوں کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے، حمیرہ بلوچ

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ کی زیر صدارت لس یوتھ فیسٹیول 2025 کی شاندار کامیابی کے سلسلے میں سرکٹ ہاؤس اوتھل میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کے دوران لس یوتھ فیسٹیول میں حصہ لینے والے سرکاری محکموں، فلاحی اداروں، این جی اوز، والنٹیئرز، پولیس افسران اور صحافیوں کو اعزازی شیلڈز اور سرٹیفکیٹس پیش کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لس یوتھ فیسٹیول کی کامیابی نوجوانوں کی محنت کا نتیجہ ہے ایسے پروگرام نہ صرف نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع دیتے ہیں بلکہ معاشرتی ہم آہنگی اور کمیونٹی شمولیت کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ میں تمام والنٹیئرز، این جی اوز، اداروں اور صحافیوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اس فیسٹیول کو کامیاب بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی ہمارا اولین فرض ہے۔ تقریب سے چیئرمین ضلع کونسل لسبیلہ سردار عبدالرشید بھوتانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لس یوتھ فیسٹیول نے لسبیلہ کے نوجوانوں کو اپنی مثبت توانائی کو ظاہر کرنے کا بہترین پلیٹ فارم فراہم کیا... اس موقع پر وائس چیئرمین ضلع کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ، ڈی ایس پی نور مصطفیٰ لاسی، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ، ... اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

نوکنڈی اور گرد و نواح میں طوفانی ہوائیں، سردی کی شدت میں اضافہ، معمولات زندگی متاثر

تیز اور سرد ہواؤں کے باعث بازار ویران اور سڑکیں سنسان دکھائی دیں جبکہ شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے

سینڈک، تفتان، ریکوڈک، مشکی چاہ، دوربن چاہ، نوک چاہ، آزاد لانڈی، کے علاقے تیز ہواؤں کے زیر اثر رہے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) نوکنڈی اور گرد و نواح میں طوفانی ہواؤں کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہو گیا۔ گزشتہ رات سے بلوچستان کے مغربی علاقے نوکنڈی سے گرد آلود ہواؤں کا ایک مختصر مگر تیز سلسلہ ملک کے مختلف حصوں میں داخل ہو چکا ہے۔ تیز اور سرد ہواؤں کے باعث نوکنڈی شہر میں معمولات زندگی متاثر رہے، بازار ویران اور سڑکیں سنسان دکھائی دیں جبکہ شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے۔ نوکنڈی کے علاوہ سینڈک، تفتان، ریکوڈک، مشکی چاہ، دوربن چاہ، نوک چاہ، آزاد لانڈی اور گوالشاپ کے علاقے بھی تیز ہواؤں کے زیر اثر رہے۔ تاہم کہیں سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

کشمور روڈ کی تعمیر کا منصوبہ تجارتی، معاشی روابط کا نیا دور ثابت ہوگا، ظفر کھوسہ

صحبت پور (این این آئی) پروجیکٹ ڈائریکٹر کشمور روڈ ظفر علی کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی ...

بارکھان، خصوصی صفائی مہم، سڑکوں کی صفائی کا کام تیزی کے ساتھ مکمل

بارکھان (خ ن) بارکھان شہر میں کمشنر لورالائی ...

بی سی بلدیہ کی جانب سے آوارہ کتوں کو تلف کرنے کا سلسلہ جاری ہے

بقیہ 1 — مسودہ جمع کرا دیا

اس پر دوطرفہ ہو سکے اور جنوری تک غزہ میں ابتدائی فوجی دستے کی تعیناتی کی جا سکے۔ امریکی عہدیدار نے کہا کہ یہ فورس کئی ممالک کے فوجی اہلکاروں پر مشتمل ہوگی اور اس کا قیام غزہ کے "بورڈ آف پیس" سے مشاورت کے ساتھ کیا جائے گا، بورڈ آف پیس کم از کم 2027 کے آخر تک برقرار رہے گا۔

بقیہ 2 — سرفراز بگٹی

دونوں رہنماؤں نے نوجوانوں کی استعداد بڑھانے، انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور قومی ترقی کے عمل میں بھرپور شمولیت کے لیے وزیر اعظم یوتھ پروگرام اور چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے باہمی اشتراک پر اتفاق کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے نوجوان صلاحیت، عزم اور جذبے میں کسی سے کم نہیں بد قسمتی سے ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کو ریاست سے بدظن کرنے کی کوشش کی گئی مگر آج کا بلوچستان اپنے نوجوانوں کو امید، روزگار اور استحکام کے راستے پر لانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کی تعلیم، روزگار اور ہنر مندی کے فروغ کے لیے مربوط پالیسیاں تشکیل دی ہیں وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ طرز حکمرانی میں غلطیوں و خامیوں کا قصور وار ریاست کو نہیں ٹھہرایا جا سکتا غیر متوازن ترقی کسی بھی طرح پر تشدد رویوں کی جواز نہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہر فورم پر سن رہے ہیں ان کے خدشات کو سمجھ رہے ہیں اور دلیل و حقائق کے ذریعے قائل کر رہے ہیں کہ پاکستان ہی ان کے محفوظ، باعزت اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے تاریخی حقائق دیگر صوبوں میں پائے جانے والے تصور سے قطعی مختلف ہیں اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ بلوچستان کے درست حقائق سے آگاہی حاصل کی جائے انہوں نے کہا کہ صوبے میں نفرت اور تعصب کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں کیونکہ پاکستان کا اتحاد ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریاست پاکستان ہماری سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ایک مقدس امانت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل پاکستان کا فخر اور مستقبل ہے انہیں بااختیار بنانا ہی صوبے اور ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے اس موقع پر رانا مشہود احمد خان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی جانب سے نوجوانوں کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ صحت کے شعبے سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں نرسوں اور ہیلتھ کیئر اسٹاف کی کمی، تربیت کے معیار اور مستقبل کی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں اس وقت تقریباً 10 ہزار نرسوں کی ضرورت کے مقابلے میں صرف 1700 نرسیں تعینات ہیں جس کے باعث صحت کے نظام کو درپیش چیلنجز بڑھ رہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صحت عامہ کے موثر نظام کے لیے ہیلتھ کیئر اور نرسنگ اسٹاف کی کمی کو فوری طور پر پورا کرنا ناگزیر ہے اس مقصد کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت صوبے کے تمام ڈویژن اور اہم اضلاع میں نرسنگ کالجز کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل یونیورسٹی کی معاونت سے ہر سال دو ہزار تربیت یافتہ نرسیں ہیلتھ کیئر سسٹم کا حصہ بن سکیں گی جس سے صوبے میں صحت کے شعبے کو پائیدار بنیادوں پر استحکام ملے گا

بقیہ 3 — بانی پی ٹی آئی

کسی قسم کی بات چیت نہیں ہوگی تاہم جو بھی بات ہوگی وہ اتحاد کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے ذریعے ہوگی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بعد ڈاکٹر عظمیٰ خان نے علیمہ خان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو جعلی اپڈیٹ دے کر تھکی دے دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی نے کہا ہے فارم 47 کی حکومت سے کیا مذاکرات ہو سکتے ہیں، جب وزیر اعظم کی جانب سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو بتایا گیا کہ پوچھ کے بتاؤں گا تو پھر پیچھے کیا رہ گیا، بانی نے کہا ہے ان کے ساتھ بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ ڈاکٹر عظمیٰ خان کے مطابق بانی نے کہا تین سال ہونے کو ہے مجھ پر سختیاں کر رہے ہیں، بانی نے کہا جب بھی اسٹیبلشمنٹ سے بات کی یہ پی ٹی آئی پر اور زیادہ ظلم کرتے ہیں اور سارا کنٹرول فرد واحد کے پاس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی نے کہا جتنا ظلم اس دور میں ہوا اتنا کبھی نہیں ہوا، بانی نے کہا ڈاکٹر یاسمین راشد کینسر کی مریضہ ہیں، جیل میں رکھا گیا ہے، بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ جس نے پی ٹی آئی نہیں چھوڑی اس پر ظلم ہوا، بانی نے کہا نہ فارم 47 اور نہ ہی اسٹیبلشمنٹ سے کسی قسم کی کوئی بات چیت ہوگی، بانی نے کہا ہے جو بھی بات ہوگی وہ محمود خان اچکزئی کے ذریعے ہوگی، محمود خان اچکزئی اتحاد کے سربراہ ہیں لہذا اتحاد کے ذریعے ہی بات چیت ہوگی۔ ڈاکٹر عظمیٰ خان نے کہا کہ بانی نے کہا پاکستان کی تاریخ میں کسی سیاسی قیدی کو ایسے نہیں رکھا گیا جس طرح انہیں رکھا گیا ہے، آزادی یا موت کے علاوہ کوئی غلامی قبول نہیں کروں گا۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے سلمان اکرم راجا پر انہیں مکمل اعتماد ہے، بانی نے کہا صرف سلمان اکرم راجا کے ذریعے پارٹی کو پیغام دیا جائے گا۔

بقیہ 4 — اپوزیشن

انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان نے اتحاد کے صدر محمود خان اچکزئی اور سینیٹر علامہ راجا ناصر عباس کو حکومت یا اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا اختیار دے دیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ عمران خان نے پی ٹی آئی کے تمام رہنماؤں کو حکومت اور اسٹیبلشمنٹ سے کسی بھی قسم کے رابطوں سے روک دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان نے محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کو حکومت یا اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا اختیار دے دیا تاہم پی ٹی آئی کے تمام رہنماؤں کو حکومت اور اسٹیبلشمنٹ سے کسی بھی قسم کے رابطوں سے روک دیا ہے۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کہا کہ عمران خان نے ہدایت کی ہے کہ حکومت یا اسٹیبلشمنٹ کو مذاکرات یا بات چیت کرنی ہے تو محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سے کرے۔ قبل ازیں عمران خان کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان نے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد میڈیا کو بتایا تھا کہ عمران خان نے کہا ہے کہ فارم 47 یا اسٹیبلشمنٹ سے کسی قسم کی بات چیت نہیں ہوگی تاہم جو بھی بات ہوگی وہ محمود خان اچکزئی کے ذریعے ہوگی کیونکہ وہ اتحاد کے سربراہ ہیں۔

بقیہ 5 — افغان وزیر خارجہ

کابل آئی اسحاق ڈار نے بتایا کہ میں نے امیر خان متقی کو کہا کہ ہمیں آپ سے صرف ایک چیز چاہیے کہ آپ کی سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہو، آپ نے مجھے بھی مشکل میں ڈال دیا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ جب 2021 میں طالبان کی حکومت آئی تو پاکستان کی طرف سے جا کر کہا گیا کہ ہم یہاں ایک چائے کے کپ کے لیے آئے ہیں، وہ کپ آف ٹی ہمیں بہت مہنگا پڑا اپنی غلطیاں تسلیم کرنی چاہئیں۔

بقیہ 6 — گولہ بارود برآمد

اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ جس میں سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا جس دوران 4 دہشتگرد مارے گئے، یہ دہشتگرد متعدد دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث رہے تھے جب کہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے انسداد دہشتگردی مہم جاری رکھیں گے تاکہ بیرونی حمایت یافتہ دہشتگردی کا ناسور مکمل ختم کیا جا سکے۔ بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے گنداوہ میں مسلح افراد کا پولیس تھانے پر حملہ پولیس اہلکاروں یرغمالی بنانے کے سرکاری اسلحہ گولیاں ضبط کر کے تھانے اور سرکاری ریکارڈ کو آگ لگادی گئی جبکہ مسلح افراد نے تحصیل آفس اور ہسپتال پر بھی قبضہ کر کے سرکاری ریکارڈ کو جلا دیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے گنداوہ میں نامعلوم مسلح افراد نے جدید اسلحے کے زور پر پولیس تھانہ گنداوہ پر دھاوا بول کر پولیس اہلکاروں کو یرغمالی بنایا اس دوران پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھین لیا سرکاری ریکارڈ اور تھانہ کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا گیا جبکہ مسلح افراد جن کی تعداد درجنوں بتائی جا رہی ہے گنداوہ کا کنٹرول سنبھال کر تحصیل آفس اور مقامی سرکاری ہسپتال پر بھی قبضہ کر لیا جبکہ مسلح افراد کی فائرنگ سے سخت خوف و ہراس پھیل گیا لوگ اپنے گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے اطلاعات کے مطابق مسلح افراد نے تحصیل اور ہسپتال کا ریکارڈ بھی جلا دیا واقع کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوع پر پہنچ گئے دونوں اطراف سے فائرنگ کی گئی تاہم مسلح افراد فرار ہو گئے جبکہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تمام علاقوں کے داخلی و خارجی راستوں کو سیل کر کے پورے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 7 — اسحاق ڈار

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 27 ویں ترمیم آنے والی ہے، کوشش کریں گے آئین کے مطابق پیش کریں گے۔ آپ 27 ویں ترمیم پر تقریر کریں گے، رائے دیں گے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ کمیٹی میں معاملہ جائے گا، اس کمیٹی میں قومی اسمبلی کی کمیٹی بھی آ جائے گی، یہ یقین دہانی کرواتا ہوں کہ یہ نہیں ہوگا کہ جلد بازی میں ترمیم منظور کروالی جائے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ ہم ابھی اپنے سب سے بڑے اتحادیوں کے ساتھ بیٹھے ہیں، دیگر اتحادی جماعتوں ایم کیو ایم، اے این پی، بی اے پی کو بھی اعتماد میں لینا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ حکومت 27 ویں آئینی ترمیم لا رہی ہے اور لائے گی، جتنی دستاویز آپ کے سامنے پیش کر دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے کہتا ہوں کہ آئینی ترمیم قومی اسمبلی سے پہلے سینیٹ میں لے آئیں۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ بلاول بھٹو کا بیان دیکھا تھا، بیان دینا ان کا حق ہے، بلاول نے جن باتوں کی نشاندہی کی وہ ہوا میں نہیں کی، ان پر بات ہوئی ہے، پیپلز پارٹی اور ہم ایک پوائنٹ پر پہنچے ہیں اور اب ہم دوسرے اتحادیوں کو لائیں گے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیر قانون آئینی ترمیم کو سینیٹ میں لا کر کمیٹی کو بھیجیں، کمیٹی کو چیئرمین ہدایت دیں، وہ قومی اسمبلی کی قانون و انصاف کی کمیٹی کو اجلاس میں مدعو کریں، کہا گیا یہ آئینی ترمیم کہاں سے آ رہی ہے، یہ آئینی ترمیم حکومت کی ہے۔

بقیہ 8 — وزیر خزانہ

دنیا موجود ہے پاکستانی معیشت درست سمت میں گامزن ہے معاشی استحکام کیلئے ڈھائی سال میں ٹھوس اقدامات کیے گئے۔ پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس 2025 سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میری ٹائم ایکسپو اور کانفرنس کے لیے پاک بحریہ اور وزارت بحری امور مبارکباد کے مستحق ہیں، یہ تقریب پاکستان کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی۔

بقیہ 9 — ناکہ بندی

میں سڑک کنارے بارودی سرنگ پھٹنے سے دو لیویز اہلکار شہید ہو گئے واقع کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ کر لاشوں کو اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئی علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دی گئی جبکہ سوئی سٹی پولیس تھانے کی حدود شاہین پمپ کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا جو کہ غیر مقامی بتایا جا رہا ہے پولیس نے زخمی شخص کو اندس ہسپتال سوئی منتقل کر دیا گیا

بقیہ 10 — رانا ثناء اللہ

ملک کی مقدس دستاویز ہوتی ہے تاہم حرف آخر نہیں ہوتی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئین میں بہتری کیلئے ترامیم کی جاتی ہیں، آئین پاکستان میں 26 ترامیم ہو چکی ہیں، پارلیمنٹ کی دو تہائی اکثریت اگر متفق ہو تو آئین میں ترمیم ہوتی ہے، 26 ویں ترمیم کے بعد جن چیزوں پر بات ہو رہی ہے ہوتی رہے گی۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مثبت بات چیت اور بحث جمہوریت کا خاصا ہے اور وہ ہوتا رہنا چاہیے، مختلف چیزیں ہیں جن پر پارلیمنٹرین اور مختلف جماعتوں کے درمیان بات چیت ہو رہی ہے۔

بقیہ 11 — شاہ محمود قریشی

عمران خان کے ساتھ تھا، ساتھ ہوں اور ساتھ رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ جو بانی پی ٹی آئی کہیں گے، اس پر ہی عمل ہوگا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے سابقہ قیادت کے فارمولے کو مسترد کر دیا اور کہا کہ جو مشکل وقت میں ساتھ تھے، فیصلے کا اختیار بھی ان کو ہوگا۔

بقیہ 12 — ایران جانیوالے

باشندوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 13 — ہدایت

ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے بانی پی ٹی آئی کا ایکس اکاؤنٹ بند کرنے کیلئے دائر درخواست پر سماعت کی، عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجہ پیش ہوئے جبکہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان بھی عدالت میں موجود تھیں۔ دوران سماعت جیل حکام کی جانب سے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی گئی جس پر عدالت نے جواب کی کاپی فریقین کو فراہم کرنے کی ہدایت کی جبکہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے عدالت سے جواب جمع کرانے کیلئے وقت مانگ لیا۔ وکیل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میری بانی پی ٹی آئی تک رسائی نہیں، ہدایات لینے کے بعد ہی جواب دے سکتا ہوں۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے سلمان اکرم راجہ سے استفسار کیا کہ کیا آپ کے پاس اختیار نہیں ہے؟ جس پر ایڈووکیٹ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میں نے بانی پی ٹی آئی کے ساتھ بیٹھ کر مشاورت کرنی ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے استفسار کیا کہ جیل حکام نے آنا تھا، وہ کہاں ہیں؟

بقیہ 14 — یخ بستہ ہوائیں

اور ہیٹرز کی مانگ میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے تفصیلات کے مطابق افغانستان کے صوبہ پکتیکا اور ملحقہ سرحدی علاقوں میں شدید برف باری کے بعد ٹھنڈی ہوائیں بلوچستان کے شمالی اضلاع تک پہنچ گئی ہیں۔ ان ہواؤں کے باعث کوئٹہ، پشین، ژوب، قلعہ سیف اللہ، چمن، زیارت اور قلات سمیت کئی اضلاع میں موسم مزید سرد ہو گیا ہے محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز میں بلوچستان کے شمالی اور وسطی حصوں میں درجہ حرارت مزید گرنے کا امکان ہے جبکہ کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی ڈگری کے قریب پہنچنے کی پیشگوئی کی گئی ہے

بقیہ 15 — اکثریت حاصل

کی حمایت کے بغیر ممکن نہیں، ترمیم کے لیے حکومت کو جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی-ف)

ترقیاتی منصوبوں کی پائیداری کیلئے مستقل نظام آمد کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری

صوبائی حکومت نے 607 نئے سکولز کھولے اندراج میں اضافہ اور 40000 سے زائد بچے داخل ہوئے' شکیل قادر خان

چیلنز ترین سروس انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ مرکوز ہے' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اسٹریٹجک پروجیکٹس اوور سائٹ کمیٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں صوبے میں اسٹریٹجک ترقیاتی منصوبوں میں پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، معیار تعمیرات اور ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے اقدامات زیر غور آئے۔ چیف سیکرٹری نے تمام منصوبوں کی نگرانی کیلئے موثر حکمت عملی اپنانے اور مختلف محکموں کے درمیان تعاون بڑھانے کی ہدایت کی تاکہ ترقیاتی کاموں میں شفافیت اور معیار برقرار........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، جمال شاہ کاکڑ نصیب اللہ بازئی بات چیت کررہے ہیں

اوتھل میں ہونے والی بڑی ڈکیتی میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر نے کہا کہ اوتھل میں ہونے والی بڑی ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جن سے مزید تفتیش جاری ہے، عنقریب دیگر ملزمان قانون کی گرفت میں ہوں گے، چند روز قبل اوتھل میں پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک کروڑ پچاس لاکھ سے زائد کی چاندی جو غیر قانونی طریقے سے اسمگلنگ کی جارہی تھی اوتھل پولیس نے چاندی برآمد کر کے کسٹم حکام کے حوالے کردی، تفصیلات کے مطابق SSP لسبیلہ عاطف امیر نے سٹی پریس کلب اوتھل کے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے اور سوالات کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ پولیس سماج دشمن عناصر کے قلع قمع کرنے کے لئے ہمہ وقت چوکس ہے۔

جمہوریت و سیاسی سرگرمیوں کا حق آئین دیتا ہے' جان محمد بلیدی

قائد اعظم یونیورسٹی کے ذمہ دار پارلیمنٹ کی منظور شدہ یونیورسٹی ایکٹ کے مطابق محتاط رہیں' سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا ہے کہ طلبہ یونینز بحال ہوں، جمہوریت اور سیاسی سرگرمیوں کا حق آئین پاکستان دیتا ہے قائد اعظم یونیورسٹی کے ذمہ دار پارلیمنٹ کی منظور شدہ یونیورسٹی ایکٹ کے مطابق محتاط رہیں اس وقت 70 سے 74 نوجوان گرفتار ہوئے، جن کی ضمانتیں ہوگئی ہیں اور مقدمات اب بھی عدا........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کا نان نفقہ عدم ادائیگی کیس میں خاتون کو فوری ادائیگی کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے نان نفقہ عدم ادائیگی کیس میں متاثرہ خاتون کو فوری نان نفقہ ادائیگی کا حکم دیا۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے نان نفقہ کی عدم ادائیگی کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے کہ جب نکاح نامہ میں لکھا ہے تو ادائیگی میں تاخیر کیوں ہوئی؟ 2013 میں کیس ڈگری ہوا، متاثرہ خاتون کا کچھ تو خیال کریں، پشاور ہائیکورٹ نے 20 تولہ سونا اور 2 لاکھ نقد ادائیگی کا حکم دیا تھا۔ سپریم کورٹ نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے شوہر کی درخواست مسترد کردی اور چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے متاثرہ خاتون کو فوری نان نفقہ کی ادائیگی کا حکم دیا۔

کوئٹہ و گرد و نواح میں گیس پریشر میں کمی لمحہ فکریہ ہے' ایچ ڈی پی

کمپنی کے اہلکاروں کی کارکردگی صفر اور اقدامات عوام دشمنی کے مترادف ہے' بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی کوئٹہ شہر اور گرد و نواح میں گیس پریشر میں کمی اور بعض علاقوں میں گیس کی مکمل بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کوئٹہ کے شہریوں پر قہر الٰہی کی طرح مسلط گیس کمپنی کے اہلکاروں کی کارکردگی کو عوام دشمن اور مکمل انسانیت دشمن طرز عمل قرار دیا بیان میں........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون کی ہلاکت پر پنشنرز ایکشن کمیٹی نیشنل بینک کا احتجاجی مظاہرہ

نیشنل بینک آپریشن گروپ سٹاف کی بدتمیزی کے سبب بزرگ بیوہ خاتون ہلاک ہوئی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل بینک انتظامیہ کے توہین آمیز رویے کی وجہ سے فیملی پنشن لینے آئی بزرگ بیوہ خاتون کی ہلاکت پر پنشنرز ایکشن کمیٹی نیشنل بینک آف پاکستان کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں ظفر صادق عشرت بٹ، محمد زبیر یوسف بٹ، چوہدری اختر ورک، ذوالفقار سندھو سمیت پنشنرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مظاہر........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد' گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون سمیت 4 افراد زخمی

اوستا محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد گیس سلنڈر پھٹنے سے خاتون سمیت چار افراد زخمی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اوستہ محمد سٹی کے علاقہ سلیم کالونی میں منیر احمد بلیدی نامی شخص کے گھر میں گیس سلینڈر پھٹنے سے منیر احمد بلیدی سمیت چار افراد زخمی ہو گئے زخمیوں میں ان کی اہلیہ دو بیٹے سرفراز اور حسین احمد شامل ہیں جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور مزید علاج کے لئے انہیں لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بلوچستان میں نرسنگ کالجز کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آئی پی پیز معاہدوں کی منسوخی اور نظر ثانی سے حکومت کو 3600 ارب کی بچت

بجلی کے مہنگے معاہدے کیے گئے، آئی پی پیز کو بجلی پیدا نہ کرنے کے باوجود کیپسٹی چارجز کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں ہوئیں

آئی پی پیز معاہدے کر کے ملک کو یرغمال بنائے رکھا ہے، اربوں روپے وصول کرنے والوں کے خلاف ایکشن لیا جائے، صنعتکار

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) آئی پی پیز معاہدوں کی منسوخی اور نظر ثانی سے 3600 ارب روپے کی بچت ہونے اور دباؤ کے باوجود متعدد آئی پی پیز سے معاہدے منسوخ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق 20 سال قبل 40 آئی پی پیز سے بجلی کے مہنگے معاہدے کیے گئے تھے، بجلی پیدا نہ کرنے کے باوجود کیپسٹی چارجز کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں ہوئیں، آئی پی پیز کے مہنگے معاہدوں سے عوام کی جیبوں سے 3.6 ٹریلین روپے سالانہ نکلوائے جاتے تھے۔ دوسری جانب صنعتکار برادری کے مطابق 40 خاندانوں نے آئی پی پیز........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے انکی رہائشگاہ پر علاقائی معتبرین ملاقات کررہے ہیں

سعودی عرب جلد ابراہم معاہدے میں شامل ہوجائیگا، ٹرمپ کا دعویٰ

امن کے لیے ایران کو جوہری ہتھیاروں سے روکنا ضروری ہے اسکے پاس جوہری طاقت ہوتی تو معاہدہ ممکن نہ تھا

پورا یقین ہے کہ سعودی عرب اسرائیل سے اپنے تعلقات معمول پر لانے کے لیے تیار ہے، امریکی صدر کا انٹرویو

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پھر دعویٰ کیا ہے کہ سعودی عرب جلد ابراہم معاہدے میں شامل ہوسکتا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہیں پورا یقین ہے کہ سعودی عرب اسرائیل سے تعلقات معمول پر لانے کے لیے تیار ہے۔ انٹرویو کے دوران میزبان نے صدر ٹرمپ سے سوال کیا' ولی عہد کہہ چکے ہیں کہ وہ دو ریاستی حل کے بغیر ابراہم معاہدوں میں شامل نہیں ہوں گے، کیا آپ کو یقین ہے؟' امریکی صدر نے جواب دیا نہیں، میں سمجھتا ہوں وہ شامل ہوں گے۔ میرا خیال ہے ہم کوئی حل نکال لیں گے۔' انہو........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی صوبائی محتسب بلوچستان علی احمد لہڑی سے ملاقات کررہے ہیں

غیر قانونی الاٹمنٹ، کوئٹہ میٹروپولیٹن کے افسر کیخلاف مقدمہ درج

انکوائری میں ثابت ہوا کہ شبیر احمد علیزئی نے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے کارروائی کرتے ہوئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے سابق سیکورٹی آفیسر شبیر احمد علیزئی کے خلاف محکمے کی کوئٹہ میں غیر قانونی اراضی الاٹمنٹ کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق، شکایت موصول ہونے پر کی گئی انکوائری میں یہ ثابت ہوا کہ شبیر احمد علیزئی نے اپنے اختیارا........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی کا رہائشی دشت کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کا رہائشی دشت کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی بابو محمد اکرم بہرانی دشت کے ایریا میں روڈ حادثے میں جاں بحق ہوگئے جن کی لاش مقامی ہسپتال منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

شہباز شریف نے صدر زرداری سے 27 ویں ترمیم پر حمایت مانگی، شازیہ مری

ترمیم سے متعلق پیپلز پارٹی کی سی ای سی میں فیصلے کیے جائیں گے، رہنما پیپلز پارٹی کا انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو سے ملاقات میں 27 ویں ترمیم پر حمایت مانگی ہے۔ ایک انٹرویو میں شازیہ مری نے بتایا کہ کافی عرصے........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی' پٹ فیڈر کینال میں نہاتے ہوئے 2 چرواہے ڈوب کر جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی پچھی کینال میں نہاتے ہوئے دو چرواہے ڈوب کر جاں بحق ہوگئے پولیس کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی سوئی پولیس تھانے کی حدود پچھی کینال میں نہاتے ہوئے دو چرواہے عزیز ولد کرم خان ہوتکانی بگٹی عمر بارہ سال اور مرحاجی ولد میاں خان ہوتکانی بگٹی عمر دس سال جاں بحق ہوگئے۔

پیپلز پارٹی کے بغیر کوئی بھی ترمیم نہیں ہوسکتی، طلال چوہدری

27 ویں ترمیم کیلئے دوسری سیاسی جماعتوں کو بھی آن بورڈ لیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے بغیر کوئی بھی ترمیم نہیں ہوسکتی، 27 ویں ترمیم کیلئے دوسری سیاسی جماعتوں کو بھی آن بورڈ لیا جائے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں طلال چوہدری نے........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ستار مارکیٹ سٹیلائٹ ٹاؤن اور فریقین کے درمیان تصفیہ کے موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ، حاجی نور اللہ لہڑی، سردار شہباز خلجی خطاب کررہے ہیں

پشتون وطن خطرات سے دو چار عوام کو سنگین مسائل کا سامنا ہے، اے این پی

نوجوان' تاجر' مزدور اور طلبہ 9 نومبر کو پشتونستان چوک پر منعقدہ جلسہ عام میں بھرپور شرکت کر کے مضبوط قومی پیغام بن کر ابھریں' مابت کاکا

ذمہ دار قومی' سیاسی' مذہبی جماعتیں عوامی شعور اور اجتماعی مسائل کے حل کیلئے میدان میں آئیں' آل پارٹیز اجلاس کے شرکاء سے خطاب

لورالائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ 9 نومبر کو پشتونستان چوک لورالائی میں ہونے والا عظیم الشان اولسی پاسون (عوامی جلسہ عام) درپیش قومی و معاشی مشکلات کے حل میں ایک فیصلہ کن قدم ثابت ہوگا پشتون وطن کو اس وقت سنگین مسائل کا سامنا ہے جن میں قدرتی وسائل کی لوٹ مار مسلط کردہ دہشت گردی معاشی تنگی عام افغان کنڈوال کی جبری بیدخلی مقامی قبائل کی جدی پشتی اراضی پر قبضہ گیری قومی شاہراہوں پر عدم تحفظ اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی شامل ہیں ذمہ دار قومی سیاسی مذہبی........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

وی سی سرمایہ کاری بورڈ بلوچستان کی TDAP کے سیکرٹری سے ملاقات

بلوچستان میں تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے سیکرٹری شہریار تاج سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سرمایہ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کے مستقل حل کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں گے' علی مدد جتک

عوامی فلاح و بہبود کیلئے دن رات کوشاں ہیں' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے قبائلی و علاقائی معتبرین اور عوام کی کثیر تعداد نے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی ملاقات کے دوران علاقہ مکینوں نے اپنے مسائل اور مشکلات سے انہیں آگاہ کیا۔ اس موقع پر حاجی علی مدد جتک نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں ترقی و خوشحالی کے........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی 27 ویں آئینی ترمیم پر خاموش نہیں بیٹھے گی

جمعیت 27 آئینی ترمیم کے حوالے سے جلد جامع، واضح اور فیصلہ کن لائحہ عمل پیش کرے گی

یہ دراصل 18 ویں ترمیم کی روح کے قتل وصوبائی ڈھانچے کی مسماری کا منصوبہ ہے' بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے پریس ریلیز میں کہا گیا کہ جے یو آئی این ایف سی ایوارڈ، ایگزیکٹو مجسٹریٹس کے اختیارات اور آبادی کی منصوبہ بندی سمیت تمام آئینی و انتظامی پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے جمعیت علماء اسلام 27 آئینی ترمیم کے حوالے سے جلد اپنا جامع، واضح اور فیصلہ کن لائحہ عمل پیش کرے........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی ترمیم پر عمران خان سے مشاورت کے بعد رد عمل دینگے، بیرسٹر گوہر

پی ٹی آئی پارلیمانی کا 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف مزاحمت کا فیصلہ، بی اے اپی اپوزیشن تیچر پر اور وزارتیں بھی لی ہیں، ارکان

بلاول بھٹو کی ٹویٹ سے سامنے آنے والی باتیں خوفناک ہیں، آئین کے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کیا جارہا ہے، سلمان اکرم راجہ

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 27 ترمیم پر بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کے بعد باقاعدہ ردعمل دیں گے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سیاسی کمیٹی میں اس پر حکمت عملی طے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی 27 ویں ترمیم نے ملک میں دراڑیں ڈالی ہوئی ہیں، ایسے میں ایک نئی ترمیم سامنے لائی جارہی ہے، روایت ہے کہ آئین میں ترامیم اتفاق رائے سے کی جاتی ہیں۔ دریں اثنا، پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی نے 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف مزاحمت کا فیصلہ کیا ہے........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں و افغان باشندوں کیخلاف کارروائیاں جاری

ڈکیتی میں ملوث 14 ملزمان گرفتار' اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکل اور منشیات برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس کی جانب سے اشتہاری مفرور، مطلوب، جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور افغان باشندوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران اشتہاری مطلوب، مفرور اور منشیات فروش، ڈکیتی میں ملوث 14 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکل اور منشیات برآمد کرلی جبکہ 550 میں 2 گاڑیاں اور درجنوں موٹر سائیکلوں........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

علماء کو منبر تک محدود کرنے والے غلط فہمی کا شکار ہیں' مولانا عبدالرحمان رفیق

دینی طبقات کو معاشی دباؤ یا سیاسی ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا' عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق نے دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام کو صرف منبر و محراب تک محدود کرنے کی خواہش رکھنے والے غلط فہمی کا شکار ہیں علماء کرام امت کے فکری و نظری استاد ہیں محض چند ہزار کے حکومتی وظیفوں کے محتاج نہیں علماء کرام نے ہر دور میں حق........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ حاجی لشکری کی جانب سے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو خطوط ارسال

رہنماؤں سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ میں بلوچستان کے مفادات کا تحفظ کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی، پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، پشتونخوا، نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کو مائنز........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کارکن جمہوری اہداف کے حصول کی جدوجہد تیز کریں' پشتونخوا میپ

شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی زندگی سیاسی جمہوری قوم دوست علمی سیاست سے تعبیر ہے' شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) خان شہید کے ارمانوں کی تکمیل ضرور ہوگی، ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں کارکن قومی، سیاسی، جمہوری اہداف کے حصول کی جدوجہد کو مزید تیز کریں، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی زندگی سیاسی جمہوری قوم دوست علمی سیاست سے تعبیر ہے، خان شہید کی جدوجہد و قربانیاں ہم سب کیلئے مشعل راہ ہیں، کوئٹہ کے غیور عوام 2 د........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

چینی آبدوز کا پاک بحریہ کے بیڑے میں شامل ہونا خوش آئند ہے' محمد عبدالقادر

تاہم یہ آبدوز تقریباً ایک دہائی کی تاخیر سے پاکستان کو مل رہی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پہلی ہنگور چینی آبدوز کا آٹھ رکنی پاک بحریہ کے بیڑے میں شامل ہونا پاکستانی دفاع کے اعتبار سے انتہائی خوش آئند ہے تاہم یہ آبدوز تقریباً ایک دہائی کی تاخیر سے پاکستان کو مل رہی ہے حکومت نے تاحال اس تاخیر کی وجہ بیان نہیں کی حالیہ پاک بھارت جنگ کے دوران چینی دفاعی ساز وسامان قابل اعتماد ثابت ہوا ہے چین کی ڈیزائن کردہ آبدوز........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے وفاق پرعزم ہے، اعظم نذیر تارڑ

صوبے میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے متعدد منصوبے شروع کیے گئے ہیں' وفاقی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور وزیراعظم کی سیاسی ٹیم کے رکن برائے بلوچستان، رکن قومی اسمبلی و صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان جمال شاہ کاکڑ سے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و سابق سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے کے عوام کو درپیش معاشی........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں زلزلہ پر افسوس' پاکستانی قوم ساتھ ہے' مولانا لونی

اللہ کی جانب سے قدرتی آفات اٹل جنہیں روکنا ممکن نہیں' مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مولانا محمود الحسن قاسمی قاری مہر اللہ پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ شیخ مولانا نیاز محمد اور دیگر نے افغانستان مزار شریف اور دیگر صوبوں شدید ترین زلزلہ کے شہداء کے خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور شہداء کی مغفرت زخمیوں کے صحت یابی کیلئے اور مزید آفات قدرتی سے........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کو نرسنگ و ہیلتھ کیئر کی تربیت دی جائے گی' وزیراعلیٰ

ہیلتھ سیکٹر کی بہتری کیلئے تربیت، ٹیکنالوجی و سہولیات پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے' سرفراز بگٹی

خیبر میڈیکل یونیورسٹی کی معاونت سے ہر سال دو ہزار تربیت یافتہ نرسیں تیار کی جائیں گی' اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان میں نرسوں کی شدید کمی کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے حکومت بلوچستان نے بڑے پیمانے پر اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کرلیا ہے صوبے میں 10 ہزار نرسوں کی ضرورت کے مقابلے میں اس وقت صرف 1700 نرسیں دستیاب ہیں منگل کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت نرسنگ شعبے سے متعلق ایک اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خا........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ہم موروثیت کیخلاف پارٹی نے قوم کو محکومیت سے باہر نکالا، جمعیت نظریاتی

جمعیت نظریاتی اپنے اکابرین واسلاف کی امین جماعت ہے' مولانا قاری مہر اللہ' مولانا رحمت اللہ حقانی

ملک کے اجتماعی اور مملکتی نظام پر سیکولر قوتیں قابض ہیں' مبارک محمد حسنی' مولانا محمد ابراہیم و دیگر کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ مولانا رحمت اللہ حقانی میر مبارک محمد حسنی مولانا محمد ابراہیم مفتی صالح محمد جاد مفتی عبدالناصر مفتی عبدالسلام و دیگر رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کونسلنگ باڈی و ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی اپنے اکابرین و اسلاف کی شاندار مذہبی سیاست کی وارث اور امین جماعت ہے اکابرین دیوبند کے تنظیم مشن کو موروثیت اور جاگیرداریت سے بچانے کیلئے جمعیت نظریاتی کی بنیاد ڈالی گئی کچھ عناصر بار بار اپنے ذاتی مفادات کیلئے جماعت کو نیلام کر........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، اسلم بلوچ

بدقسمتی یہ پاکستان میں لوکل گورنمنٹ الیکشن کو ثانوی حیثیت حاصل ہے' اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی تحصیل پی بی 45.46 کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر اسلم بلوچ منعقد ہوا اجلاس میں مرکزی انفارمیشن سیکریٹری علی احمد بلوچ، ضلعی صدر حاجی عطاء محمد بنگلزئی، مرکزی خواتین سیکریٹری یاسمین لہڑی، مرکزی سوشل میڈیا سیکرٹری سعد دہوار، صوبائی کسان سیکرٹری حاجی فاروق شاہوانی، ملک ادریس شاہوانی، .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ محمد نور کھیتران ڈپٹی ڈائریکٹر نیک محمد کو ڈرون کیمرہ و دیگر سامان دے رہے ہیں

صیہونی جارحیت کے مقابلے میں پاکستان کا کردار کبھی نہیں بھلایا جاسکتا، ایران

پاکستان اور ایران کے تعلقات نئے اور مضبوط مراحل میں داخل ہو چکے ہیں، دونوں کے درمیان بڑھتا تعاون خوش آئند ہے

ایرانی صدر کے دورہ پاکستان نے تعلقات کا نیا باب رقم کیا، عوام پاکستان کی دوستی اور بھائی چارے کو ہمیشہ یاد رکھیں گے، رضا امیری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ صیہونی جارحیت کے مقابلے میں پاکستان نے فیصلہ کن کردار ادا کیا، ایران کے عوام پاکستان کی دوستی اور بھائی چارے کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ پاک ایران وزارت اطلاعات و نشریات کے درمیان معاہدے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے ایرانی سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات نئے اور مضبوط مراحل میں داخل ہو چکے ہیں، پاکستان اور ایران کے درمیان بڑھتا تعاون خوش آئند ہے، وزیراعظم شہباز شریف کے کردار اور مسلسل تعاون پر شکریہ ادا........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کررہے ہیں

نیویارک کے ممکنہ مسلمان میئر ظہران ممدانی کی مقبولیت کی وجہ کیا ہے؟

نیویارک (م ڈ) نیویارک کے ممکنہ مسلمان میئر ظہران ممدانی کے چرچے اس وقت امریکا بھر میں جاری ہیں۔ چونتیس سالہ ظہران ممدانی، جو اپنی مثبت توانائی، مسکراہٹ اور عام آدمی سے جڑنے کے انداز کے لیے جانے جاتے ہیں، اب نیویارک کے سیاسی منظرنامے کا سب سے نمایاں چہرہ بن چکے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ جتنی تیزی سے وہ عوام میں مقبول ہو رہے ہیں، اتنی ہی سخت تنقید کا بھی نشانہ بن رہے ہیں۔ نیویارک کے سابق گورنر اینڈریو کومو جوان کے مقابلے میں الیکشن لڑ رہے ہیں

کوئٹہ و سبی میں حادثات' 2 افراد جاں بحق و 2 زخمی

کراچی روڈ گاڑی کی ٹکر سے اصغر جاں اور سبی میں گاڑیوں کے درمیان تصادم میں اکرم جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ اور سبی میں 2 مختلف حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے کراچی روڈ پر اتحاد کالونی کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص اصغر جاں بحق ہوگیا اسی طرح سبی میں گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں اکرم نامی شخص جاں بحق اور مجاہد اور نذیر زخمی ہوگئے نعشو........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پشتون آباد پولیس کی کارروائی' قتل کے مقدمے میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے' مزید تحقیقات جاری ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشتون آباد پولیس نے قتل کے مقدمے میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر کے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں ہنہ اوڑک کے قریب پہاڑی علاقے کیو ڈی اے قبرستان کے قریب سے ایک شخص کی نعش ملی تھی پولیس نے نعش قبضے میں لیکر کارروائی کا آغاز کردیا ایس پی قائد آباد عثمان عزیز کی........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی' 50 ایکڑ پر مشتمل چرس، بھنگ اور افیون کی کاشت تلف

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے مختلف علاقوں تحصیل میختر میں منشیات کے غیر قانونی کاشت کے خلاف آپریشن کیا گیا اس کارروائی میں تقریباً 50 ایکڑ رقبے پر مشتمل چرس، بھنگ، اور افیون کی کاشت موقع پر تلف کیا گیا اور 47 کشتی بور مسمار کی گئی اور شمسی شیشے کو قبضہ میں لے لیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی ہدایت پر یہ مہم ایک ماہ سے شروع کی گئی ہے آپریشن کے دوران ضلعی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز تعاون سے نشاندہی شدہ رقبوں پر موجود منشیاتی پودوں کو تلف کیا گیا جبکہ علاقہ کی مسلسل نگرانی جاری ہے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ پولیس اے این ایف اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم ڈی ایس پی کریم مندوخیل منشیات کی غیر قانونی کاشت اور سمگلنگ کے خاتمے کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے۔

محکمہ تعلقات عامہ حکومت و عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہے' نور محمد کھیتران

حکومت محکمے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے' ڈائریکٹر جنرل

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان نور محمد کھیتران نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں محکمہ تعلقات عامہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اس کی کارکردگی کو مزید فروغ دینے کیلئے صوبائی حکومت ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کررہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام ڈویژنل دفاتر میں کیمرے، ڈرونز، لیپ ٹاپس اور دیگر جدید دفتری آلات........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، چیف آف سراوان نواب محمد اسلم سے مختلف شخصیات ملاقات کررہی ہیں

ہنہ اوڑک کے عوام کے خدشات دور کرنے کیلئے اقدامات اٹھائینگے، کمشنر کوئٹہ

پینے کے پانی کی فراہمی انتہائی اہم عوامی مسئلہ جس کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے' شاہزیب خان کاکڑ

بارشوں کے پانی کو محفوظ بنانے اور زیر زمین پانی کی سطح کو بلند رکھنے کیلئے ڈیم کی تعمیر ناگزیر ہے' بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ہنہ اوڑک کے مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی سیکیورٹی محمد آصف، 12 کور سے کرنل غیاث عباس اور لیفٹیننٹ کرنل بدر، پراجیکٹ ڈائریکٹر 100 ڈیمز پراجیکٹ انجینئر محمد ابراہیم، چیئرمین ہنہ کمیٹی رحمت اللہ، اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ کے علاوہ ورلڈ بینک، 100 ڈیمز منصوبے، اریگیشن کے افسران نے شرکت........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ہنہ کے مسائل کے حل کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سندھ میں مقامی پشتونوں کو ہراساں کرنا قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیپ

کراچی میں ہوٹل مالکان، ڈمپر ڈرائیورز، تندور والوں اور دیگر مزدور طبقے کو بلا جواز نشانہ بنایا جارہا ہے' خورشید کاکاجی

کراچی پشتون آبادی کا سب سے بڑا مرکز' سندھ حکومت کا یہ اقدام معاشی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے' سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل خورشید کاکاجی، پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ روشان، سندھ کے صوبائی صدر سید صدیق آغا اور صوبائی سیکرٹری شفیع ترین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں پولیس، صوبائی حکومت اور بعض سیکیورٹی اداروں کی جانب سے افغان کڈوال کے نام پر مقامی پشتون کاروباری اور مزدور پیشہ افراد کو ہراساں کرنے کے عمل کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ہوٹل مالکان، ڈمپر ڈرائیورز........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے صوبائی کنوینئر قاری مہر اللہ، رحمت اللہ حقانی، میر مبارک محمد حسنی و دیگر خطاب کررہے ہیں

حکومت خیبر پختونخوا کا 12 نومبر کو امن جرگہ بلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت خیبر پختونخوا نے 12 نومبر کو امن جرگہ بلانے کا فیصلہ کیا جس کے لیے سیاسی جماعتوں کے سربراہان اور سابق وزرائے اعلیٰ کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی زیر صدارت امن و امان سے متعلق مشاورتی اجلاس ہوا

خواجہ آصف کی امریکی سفارتخانے کی قائمقام ناظم الامور کی ملاقات

پاکستان اور امریکہ کے درمیان باہمی احترام پر مبنی دیرینہ تعلقات ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان باہمی احترام اور استحکام اور خوشحالی کے مشترکہ مقاصد پر مبنی دیرینہ تعلقات ہیں۔ منگل کو وزارت دفاع سے جاری بیان کے مطابق وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے امریکی سفارتخانہ کی قائم مقام ناظم الامور نٹالی بیکر نے ان کے دفتر میں ملاقات کی بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی برآمدات صلاحیت سے 60 ارب ڈالر کم ہیں، عالمی بینک

برآمدات میں اضافہ معاشی استحکام، روزگار، سرمایہ کاری کی ضمانت ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی بینک نے پاکستان کی برآمدات میں اضافے کیلئے سفارشات دی ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق پاکستان کی برآمدات صلاحیت سے 60 ارب ڈالر کم ہیں، برآمدات میں اضافہ معاشی استحکام، روزگار، سرمایہ کاری کی........ بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کی کینٹین میں گیس سلنڈر کا دھماکا، 4 افراد زخمی

دھماکا اے سی گیس پلانٹ کی مرمت کے دوران ہوا، ریسکیو ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کی بیسمنٹ کینٹین میں گیس سلنڈر دھماکے کے نتیجے میں 4 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی صبح دھماکے سے سپریم کورٹ کی عمارت لرز گئی، زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، ایک کی حالت........ بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر سندھ سید اویس قادر بلوچستان کے آفیسر محمد افضل اور ممتاز احمد کو 38 ویں سینئر مینجمنٹ کورس کی تکمیل پر سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

ہمارا مقصد بلوچستان کو خوشحال و پاکستان کو کرپشن سے پاک بنانا ہے، مولانا ہدایت الرحمن

شدید سردی میں گیس و بجلی لوڈشیڈنگ و بھاری بھرکم بلز نے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا' صوبائی امیر جماعت اسلامی

عوام معیاری تعلیم وصحت کیلئے ترس رہے ہیں' شہریوں کو صاف پانی وانصاف کی فراہمی میں سہولت و آسانی دی جائے' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گیس وبجلی کے بھاری بلز ولوڈشیڈنگ نے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے بلدیاتی الیکشن کیساتھ بلدیاتی اداروں کو اختیارات ووسائل دینے کی ضرورت ہے شہریوں کو پینے کے صاف پانی' انصاف کی فراہمی کیساتھ سہولت وآسانی دی جائے عوام تعلیم وصحت کی سہولیات کو ترس رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر